لا علاج اور پیچیدہ امراض و علامات کے کامیاب علاج کے لیے
قانون مفرد اعضاء کے
حصہ دوئم
طبی مشورے
کتب خانہ طبیب
مصنفہ و مرتبہ
زبدۃ الحکماء الحاج حکیم محمد یٰسین دنیاپوری
شاگرد رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانیؒ
ترتیب و توضیع
حکیم محمد عارف دنیاپوری
ایڈیٹر ماہنامہ قانون مفرد اعضاء
دنیاپور فون (06518) 304773
یٰسین دواخانہ وطبی کتب خانہ۔ دنیاپور، لاہور
فون: 042-7913704، موبائل: 0333-4229479

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یُوتی الحکمۃ من یشاؤ ومن یو تی الحکمۃ فقد اُوتی خیرًا کثیرًا

ادارہ یٰسین طبی کتب خانہ کی طرف سے علم وفن طب کے لئے ایک اہم پیشکش

قانون مفرد اعضاء کے

طبّی مشورے (حصہ دوم)

طبّی مشوروں کے حصہ اول کی مقبولیت کے بعد حصہ دوم آپ کے ہاتھوں میں ہے اس کتاب میں قانون مفرد اعضاء کے تحت ہر چھوٹی بڑی علامت کی انتہائی مختصر تشریح کے بعد اس کی تحریک مزاج اور علاج لکھا گیا ہے۔ آخر میں ان امراض وعلامت کے علاج کے لئے نسخہ جات بھی درج کئے گئے ہیں تا کہ ہر شخص باآسانی تیار کر کے خلق خدا کو مستفید کر سکے۔

مصنفہ و مرتبہ

زبدۃ الحکماء الحاج حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

شاگرد رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانیؒ

ترتیب و توضیح

حکیم محمد عارف دنیاپوری

ایڈیٹر ماہنامہ قانون مفرد اعضاء دنیاپور ضلع لودھراں فون 06518-304773

نام کتاب ☆☆☆☆☆☆☆☆ طبی مشورے (حصہ دوم)

ناشر ☆☆☆☆☆☆☆☆ الحاج حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

ترتیب و توضیح ☆☆☆☆☆☆☆☆ حکیم محمد عارف دنیاپور

ایڈیشن ☆☆☆☆☆☆☆☆ اول

سن اشاعت ☆☆☆☆☆☆☆☆ 2002

ناظم طباعت ☆☆☆☆☆☆☆☆ حکیم محمد عارف دنیاپور

تعداد ☆☆☆☆☆☆☆☆ 2100

صفحات ☆☆☆☆☆☆☆☆ 160

قیمت ☆☆☆☆☆☆☆☆ 75 روپے علاوہ محصول ڈاک

ناشر و ملنے کا پتہ

(1) یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ دربار ہوٹل نزد داتا دربار لاہور

(2) یٰسین دواخانہ و طبی کتب خانہ ریلوے روڈ دنیاپور ضلع لودھراں

فون دنیاپور 06518-304773 لاہور 7913704 موبائل 03334229479

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

معنون

طبی مشوروں کی یہ کتاب خالص علمی فنی اور تحقیقاتی کتاب ہے جس کا مقصد طب پاکستان کے قانون مفرد اعضاء کی نشر و اشاعت اور تعمیر و ترقی ہے اسے ہم۔

جناب راجہ شیر افگن کیانی صاحب

ڈپٹی کمشنر ضلع پاکپتن شریف کے اسم گرامی پر نہایت عقیدت کے ساتھ معنون کرتے ہیں۔ جناب کیانی صاحب نے حکیم تجربات ملک خیر الدین ڈوگر سیلانی محقق امراض سرطانی چیرمین ریسرچ کونسل عالمی تنظیم تجدید طب پاکستان کے تعارف کرانے پر جناب استاد محترم حکیم انقلاب المعالج دوست محمد صابر ملتانیؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ضلع پاکپتن میں نہر سوہاگ پاڑہ کے شمالی کنارے پر دس میل لمبی سڑک کو حکیم انقلاب حاجی دوست محمد صابر ملتانیؒ روڈ کا نام دیا۔

اس سڑک اور گوگیرہ روڈ کے سنگم کو صابر چوک سرکاری طور پر م... ہوئے وہاں مینار حکمت تعمیر کرنے کا منصوبہ شروع کرایا یہ عظیم کارنامے تا قیامت طب پاکستان کے پریکٹیشنر حکیم صاحبان یاد کر کے جناب راجہ شیر افگن کیانی صاحب اور رانا محمد یامین صاحب ایکسین نہر سہاگ پاڑہ کے ایس ڈی او شکیل احمد طور کے حق میں دعائیں کرتے رہیں گے۔

خادم فن

حکیم محمد یٰسین دنیاپوری، حکیم ملک خیر الدین ڈوگر پاکپتن شریف

حکیم محمد یٰسین
حکیم محمد عارف
حکیم محمد الیاس
حکیم ملک خیر الدین ڈوگر
حکیم محمد شریف
حکیم محمد یوسف کھوکھر
حکیم محمد رمضان
حکیم محمد اشرف مرزا
حکیم محمد انور بھٹہ
حکیم علی ضیاء

عقل مند حضرات بغور پڑھیں

انسان بہت بڑا بادشاہ۔ صدر۔ وزیر۔ جج۔ جرنیل۔ سرمایہ دار۔ جاگیردار۔ زمین دار۔ سرکاری اہلکار۔ صنعت کار۔ ادارکار۔ گلوکار۔ فنکار۔ یا۔ تباہ کار۔ تخریب کار۔ یعنی کسی قسم کا بھی سرمایہ دار بھی بن جائے اور ساری دنیا اس سے ڈرنے لگے پھر بھی کوئی بھی مرض اس سے قطعاً نہیں ڈرے گی بلکہ اس کا تمام غرور نچوڑ کر نکال دے گی جب تک وہ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی نہیں کرے گا اس پر شفاء نازل نہیں ہو گی کیونکہ دولت سے دوا تو خریدی جا سکتی ہے مگر شفاء نہیں۔ انسان برے اعمال کے بدلے سزا کے طور پر ۹۸٪ بیمار ہوتا ہے جس کی پہچان یہ ہے کہ وہ گنہگار بیمار ہو کر عاجزی اور ادب اختیار نہیں کرتا بلکہ بے صبرا۔ جلدباز۔ بد پرہیز اور اپنے معالج اور ماں باپ کا نافرمان ہوتا ہے لیکن ایک نیک انسان کو مزید جزا دینے کے لئے اللہ تعالیٰ آزمائش کے طور پر بیمار کرتا ہے تو وہ صابر و شاکر باادب ایماندار رہ کر پرہیز گاری کے ساتھ علاج کرتا ہے اور جلد صحت یاب ہو جاتا ہے اس دعا سے معالج پر بھی اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت ہوتی ہے۔

خادم فن

حکیم التجربات ملک خیر الدین ڈوگر سیلائی

انچارج کینسر ہسپتال فریدپور ڈوگراں پاکپتن شریف

قانون مفرد اعضاء کے معالجین کی زندگی کے کامیاب تجربات کا مجموعہ

تعارف اطباء (طبّی ڈائریکٹری)

معالجین قانون مفرد اعضاء

اس کتاب میں قانون مفرد اعضاء کے معالجین کے مکمل حالات زندگی ان کے ایڈریس اور ان کے آزمودہ مجربات مع ترکیب تیاری و استعمال دیئے گئے ہیں اس کتاب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ کسی بھی مصنف کی مجربات کی کتاب پڑھتے ہیں تو صرف ایک معالج کے تحقیق و تجربہ سے مستفید ہوتے ہیں مگر اس کتاب کے مطالعہ سے آپ 175 سے زائد حکماء کے تجربات سے مستفید ہو سکیں گے اپنی نوعیت کی واحد طبّی ڈائریکٹری ہے جسے قانون مفرد اعضاء کے تحت مترب کیا گیا ہے نئے طالب علموں کے لئے بیسویں صدی کا انمول تحفہ ہے نہایت اعلیٰ کاغذ پر طبع کی گئی ہے آج ہی طلب فرمائیں۔ ملنے کا پتہ

☆ یٰسین دواخانہ و طبّی کتب خانہ ریلوے روڈ دنیاپور ضلع لودھراں

☆ یٰسین دواخانہ و طبّی کتب خانہ دربار ہوٹل نزد داتا دربار لاہور

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

قانون مفرد اعضاء اور منضج

طبّی مشوروں کی اس کتاب میں تمام مشورے و نسخہ جات قانون مفرد اعضاء کے تحت دیئے گئے ہیں چونکہ قانون مفرد اعضاء کے تحت علاج کرتے وقت مقام تحریک تحلیل اور تسکین کو مد نظر رکھنا بہت ضروری ہے اور انہیں سمجھنے سے پہلے منضج کی حقیقت ماہیت کا معلوم ہونا ازحد ضروری ہے۔

منضج کی حقیقت ماہیت اور ضرورت

منضج عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی طبّی اصطلاح میں پکانے والی غذادوا کے ہیں علم و فن طب کے محققین نے غذادوا کی اس قوت یا صفت کو منضج بتایا ہے جس سے وہ خون و اعضاء میں رکے ہوئے فاضل یا فاسد مادوں کو معتدل القوام کر کے خارج کر دیتی ہے خلط کو

معتدل القوام کرنے کے معنی یہ ہیں کہ اگر غلیظ ہے تو اسے اعتدال کے ساتھ رقیق یعنی پتلا کر دے اور اگر خلط رقیق ہے تو اسے اعتدال کے ساتھ غلیظ کر دے۔

یادداشت

چونکہ منضج کے معنی پکانے والی غذادوا کے کئے گئے ہیں جس سے قاری کو مغالطہ ہو سکتا ہے کہ منضج وہ دوا ہو گی جو اپنی قوت حرارت سے پکا کر اخلاط کو رقیق یا غلیظ کر دے لیکن سرد ادویہ کو بھی منضج ادویہ تسلیم کیا گیا ہے جس سے لا محالہ ذہن میں سوال پیدا ہوتا ہے بلغم اور سودا جو سرد اخلاط ہیں ان کے گاڑھے قوام کو تو حرارت کی حامل ادویہ پکا کر پتلا کر دیتی ہیں لیکن صفرا جو خود گرم خلط ہے اور تمام اخلاط سے گرم ہی تسلیم کی جاتی ہے اسے مزید پکایا گیا تو اور پتلی ہو جائیگی جس سے اس میں درستی کی بجائے خرابی پیدا ہو سکتی ہے

حقیقت یہ ہے کہ صفرا کو کوئی سرد دوا ہی اعتدال پر لا سکتی ہے جیسے نیلوفر کاسنی مکو وغیرہ لہٰذا محققین نے باامر مجبوری ہدائت کی ہے کہ منضج دوا کا گرم ہونا ضروری نہیں ہے افسوس کہ کسی محقق نے اس کی تشریح پیش نہیں کی۔

منضج اخلاط سے ایک حقیقت کا اظہار

طب اسلامی میں چار اخلاط الگ الگ تسلیم کئے جاتے ہیں لیکن جب ان کے قوام کو درست کرنے کا سوال پیدا ہوتا ہے تو بلغم صفرا سودا کے منضج تو بتادئے لیکن خون کو بغیر تشریح کہ دیا جاتا ہے کہ خون منضج کا محتاج نہیں وہاں یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ جب خون منضج کا محتاج نہیں تو پھر اسے الگ خلط بھی تسلیم کرنا مناسب نہیں

منضج کی ضرورت یا منضج کا موقع استعمال

منضج کی ضرورت اس وقت ہوتی ہے جب کسی خلط کی خون میں زیادتی ہو جاتی ہے جیسے یرقان اصفر (پیلا یرقان) یرقان ابیض (سفید یرقان) اسی طرح بعض دفعہ منضج کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے جب کوئی خلط خون میں سے جدا ہو کر کسی خلا میں ترشہ پا کر جمع ہو جائے اور اپنی موجودگی سے ماؤف عضو میں بوجھ دباؤ اور بے چینی پیدا کر دے مثلا کبھی رطوبات بلغمیہ پھیپھڑوں میں سکریشن (سیم یا پسینہ کی طرح سم کر) پا کر جمع ہو جاتی ہیں جن سے پھیپھڑوں کی باریک نالیاں رطوبات بلغمیہ سے بھر جاتی ہیں دم کشی کا باعث ہوتی ہیں پتلا اور کچا بلغم مشکل سے خارج ہوتا ہے اسی طرح

اگر یہ رطوبات جلد میں ترشح پاجائیں تو چھالے نما پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں جو بے حد تکلیف کا باعث ہوتی ہیں ایسے موقع پر منضج بلغم ادویہ اغذیہ استعمال کرائی جاتی ہیں

بالکل اسی طرح جب سوداوی رطوبات ضرورت سے زیادہ خون میں جمع ہو جاتی ہیں تو جسم کا رنگ سیاہی مائل ہو جاتا ہے چہرے پر سیاہ دھبے پیدا ہو جاتے ہیں اگر جسم کی خلاؤں یا جلد میں ترشح پا جائیں تو تحجر مفاصل ۔خارش ۔چمبل ۔دھدر اور گرد قسم کے کے پھوڑے پیدا ہو جاتے ہیں ان تکالیف کے ازالہ کے لیے منضج سودا ادویہ کھلائی جاتی ہیں مثلا ترنجبین اسطوخودوس سر پھوکہ منڈی بوٹی وغیرہ ۔علی ہذالقیاس جب صفراوی رطوبات جسم میں بڑھ جائیں تو صفرا کی کثرت کی وجہ سے جسم کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے لیکن اگر یہی رطوبات جسم کی خلاؤں میں ترشح پاجائیں تو استسقاذق استقا الصدر چھپاکی دھپڑ جلن گھبراہٹ اور پیشاب کا جل کر آنا وغیرہ علامات پیدا ہو جاتی ہیں ایسے موقع پر حکما لوگ منضج صفرا ادویہ اغذیہ کھلاتے ہیں تا کہ صفرا خارج از بدن ہو کر جسم کا رنگ درست اور دوسری علامات ختم ہو جائیں مثلا منضج صفرا ادویہ میں کاسنی بیج کاسنی مکو تازہ و خشک بادیان وغیرہ شامل ہیں

قارئین منضج کے متعلق طبی کتب میں چند سطور کے علاوہ تشریح نہیں پائی جاتی جو کچھ میں نے پیش کیا ہے بہت مختصر پیش کیا ہے کیونکہ ابھی

مضمون مکمل نہیں ہوا ہے میرے لیے ضروری ہو گیا کہ منضج کی حقیقت و ماہیت قانون مفرد اعضاء کے ذریعے پیش کروں تا کہ منضج کا اصل مفہوم واضح ہو جائے۔ اور قارئین منضج کی حقیقت ماہیت سے بخوبی واقف ہو جائیں۔

قانون مفرد اعضا اور منضج

سامعین آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ قانون مفرد اعضا میں منضج کا تصور ہی نہیں پایا جاتا البتہ استاد محترم صابر ملتانیؒ صاحب نے منضج کی جگہ لفظ تحلیل استعمال کیا ہے یہ لفظ منضج سے زیادہ خصوصیات کا حامل ہے منضج کے معنی اگر پکانے والی شے کے ہیں اور اس کا کام رکے ہوئے فاسد مادے یا کچے و پتلے اخلاط یا غلیظ اخلاط کو گاڑھے یا پتلے کر کے خارج کرنا ہے تو تحلیل کے معنی بقول مخزن الجواہر اور فیروز اللغات فارسی میں اجزا کا کھول دینا حل کرنا گلا کر فنا کرنا ہے۔

تحلیل کی حقیقت ماہیت اور قانون مفرد اعضاء

تحلیل کی حقیقت استاد صابر ملتانیؒ یوں بیان کرتے ہیں تحلیل کی

حقیقت و ماہیت سمجھنے کے لیے سوزش و تحریک سمجھنا ضروری ہے تحلیل کا فعل بالکل عمل سوزش کے الٹ ہے یعنی اگر سوزش ورم تحریک کا کام ترتیب مواد سن تھیس آف میٹ Senthesis of meter اور کنجشن آف بلڈ Conjustion of blood اجتماع خون ہے تو تحلیل کو ہم ترکیب مواد Analysis of matier اور خون کا اجرا Reflw of blood کہتے ہیں۔

تحلیل کی اہمیت اور ضرورت

قانون مفرد اعضا کی تیسری بڑی اصطلاح تحلیل ہے تحلیل کی اہمیت اور ضرورت اس امر سے واضح ہے کہ جب تک کسی کیفیت خلط تحریک سوزش اور ورم میں تحلیل واقع نہ ہو اس وقت تک کوئی تکلیف و مرض دور نہیں کی جا سکتی۔

پھر ذہن نشین کر لیں کہ جب تک کسی فاسد مادہ یا خلط کو تحلیل کر خارج یا ختم نہیں کیا جاتا اس وقت تک مرض قائم رہتی ہے اگر مادہ مکمل تحلیل ہو جائے تو مرض چاہے چند دن کی ہو یا مہینوں اور سالوں سے دکھ دے رہی ہو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتی ہے

بڑھ کر خون میں جمع ہو جائے اور جسم کا رنگ سیاہ کر دے یا سودا جوڑوں میں جمع ہو کر تحجر مفاصل کی حالت پیدا کر دے تو اس حالت کو قانون مفرد اعضا میں عضلاتی اعصابی تحریک تسلیم کیا جاتا ہے

دوسرے لفظوں میں یوں سمجھ لیں کہ قلب و عضلات کی کیمیائی تحریک میں سودا کی پیدائش تو ہو رہی ہے لیکن اس کا اخراج نہیں ہو رہا اس حالت کو طب اسلامی میں سوداوی سدے تسلیم کئے جاتے ہیں اور منضج سودا ادویہ اغذیہ تجویز کی جاتی ہیں

جب کہ قانون مفرد اعضا اس حالت کے علاج کے لیے قلب و عضلات کی کیمیائی تحریک میں کمزوری یا تحلیل کرنے کے ساتھ ساتھ قلب و عضلات کی مشینی تحریک عضلاتی غدی پیدا کرنا ضروری قرار دیتا ہے۔ جس سے فاضل سودا خارج از بدن ہو جاتا ہے جسم کا رنگ نکھر جاتا ہے اور تحجر مفاصل ٹھیک ہو جاتا ہے۔

خادم فن

حکیم محمد یٰسین دنیا پوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

جب سے انسان اس فانی دنیا میں آیا ہے اس وقت سے صحت و مرض سے تعلق چلا آیا ہے یعنی اگر صحت ہے تو مرض نہیں ہے اور اگر مرض ہے تو صحت نہیں ہوتی یعنی دونوں چیزیں اکھٹی نہیں ہو سکتیں ہر زمانے میں حالات کے مطابق امراض کے ازالہ کے لئے علاج کے مختلف طریقے اپنائے گئے ان میں سے جو طریقے کامیاب ہوئے انہیں دوسروں لوگوں نے بھی اپنایا اور جو ناکام ہوئے انہیں چھوڑ دیا گیا اسی طرح جن امراض کے علاج میں ذرا بھر بھی کامیابی نہ ہوئی اسے لاعلاج مرض قرار دے کر چھوڑ دیا گیا کہ اس کا اب کوئی علاج ممکن نہیں ہے لہٰذا یہ لاعلاج مرض ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ کسی مرض کو لا علاج کہنے کا حق صرف شفاء دینے والے کو حاصل ہے۔ حکیم طبیب یا ڈاکٹر کے پاس نہ تو شفاء کا خزانہ ہے اور نہ ہی وہ شفاء دیتا ہے بلکہ شفاء دینے والی تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات مبارک ہے جو ہر مرض سے شفاء دیتا ہے لہٰذا ہم یہ بات کسی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ فلاں مرض لا علاج ہے یہی وجہ کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی زبانی کہلوایا کہ

واذا مرضت فھوا یشفین

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی اللہ شفاء دیتا ہے۔

اس سے واضح پتہ چلتا ہے کہ شفاء دینے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے اسی لئے طبیب کے لئے حکم ہے کہ وہ جب بھی نسخہ تجویز کرے تو سب سے پہلے ھوالشافی لکھا کرے۔

ہاں البتہ جس مرض کا علاج ہم نہ کر سکیں اس کے بارے میں یہ ضرور کہ سکتے ہیں کہ اس مرض کا میرے پاس کوئی علاج نہیں ہے لہٰذا کسی اور جگہ سے علاج کرالیا جائے مگر کسی مرض کو لاعلاج کہ کر مریض کو زندگی سے مایوس کر دینا قانون فطرت کے خلاف ہے۔

علاج الامراض کا کوئی بھی طریقہ ہو سب میں ضروری ہے کہ سب سے پہلے بالاعضا صحیح تشخیص کرلی جائے مثلاً اگر مریض کو قے والٹیاں آرہی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس مریض کے معدہ کے اعصاب میں تیزی و تحریک ہو گئی ہے اور عضلات میں سکون ہو گیا ہے علاج کے لئے معدہ کے عضلات کو تحریک اور اعصاب کو تسکین دیں گے تو مندرجہ بالا غیر طبعی علامت فوراً ختم ہو جائے گی۔

بالکل اسی طرح

بندش بول میں بھی یہ تشخیص ضروری ہے کہ

آیا پیشاب کی پیدائش بند ہے ؟

یا پیشاب کی صفائی بند ہے ؟

یا اخراج بند ہے ؟

کیونکہ قانون مفرد اعضاء میں امراض بولیہ صرف تین ہیں جن میں پیشاب کا بننا عضلات کے تحت ہے صفائی غدد کے تحت اور اخراج اعصاب کے تحت ہے۔

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ پیشاب کی پیدائش رک جاتی ہے اور بعض اوقات اس میں کمی و جلن پیدا ہو جاتی ہے اور بعض اوقات اخراج ہی اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ پیشاب ہی ختم ہو جاتا ہے اسے بند بول کہتے ہیں اس کا علاج پیشاب خارج کرنے والی دوا نہیں بلکہ پیشاب پیدا کرنے والی غذا دوا ہے۔ لہٰذا جب پیشاب کی پیدائش معمول کے مطابق ہو اور اخراج بند ہو جائے تو اس وقت غدی عضلاتی تحریک ہو گی جس کی واضح علامت جسم پر اماس تہوج لازمی ہو گی علاج کے لئے غدی اعصابی تحریک پیدا کر کے فوراً پیشاب خارج کیا جا سکتا ہے یہی اصولی علاج ہے۔

اسی طرح اگر پیشاب کی پیدائش بند ہو جائے اور قطرے قطرے آنے لگے تو اس وقت اگر پیشاب خارج کرنے والی دوا دیں گے تو مزید تکلیف بڑھ جائے گی لہٰذا ایسی صورت میں عضلاتی غذا دوا سے پیشاب کی پیدائش کر کے علاج کرنا ہو گا۔

طبّی مشوروں کی اس کتاب میں ہر علامت کی بالاعضاء قانون مفرد اعضاء کے تحت تحریک تشخیص کر کے علاج تجویز کیا گیا ہے ساتھ

ساتھ غذا اور پرہیز بھی بتا دیا گیا ہے تاکہ علاج میں کوئی کمی نہ رہے نسخہ جات تمام قانون مفرد اعضاء کے فارماکوپیا کے تجویز کئے گئے ہیں ہر علامت کے علاج کے ساتھ بار بار نسخہ جات لکھنے کی بجائے آخر میں تمام نسخہ جات اکٹھے ہی درج کر دئے ہیں تاکہ ہر قاری باآسانی بنا سکے۔

آخر میں قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب کا بغور مطالعہ فرمائیں اور اگر کہیں کوئی غلطی پائیں تو مجھے ضرور آگاہ کریں تاکہ اسے آئندہ ایڈیشن میں درست کیا جا سکے۔

خادم فن

حکیم محمد عارف دنیاپوری صاحبزادہ حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

جولائی 2002

خشکی کی زیادتی سے سر چکرانا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم سلامت باشد

عرض یہ ہے کہ میرا والد محترم عرصہ دو سال سے بیمار ہے ہر قسم کا علاج کروا چکے ہیں مگر آفاقہ نہیں ہوتا اب آپ کی خدمت میں تمام علامات لکھ کر بھیج رہا ہوں ان کے مطابق علاج تجویز فرمادیں۔

مریض کی عمر ۵۵ سال ہے جسم میں خشکی کا غلبہ ہے بلڈ کبھی ہائی کبھی لو رہتا ہے جس کی وجہ سے اکثر چکر آتے رہتے ہیں ایک دن گرمیوں میں مریض کی آنکھیں یک دم بند ہو گئیں اور غشی طاری ہو گئی قریبی معالجین سے علاج کرایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا بعض اوقات بڑے پیشاب کے ساتھ معمولی خون بھی آتا ہے اور چھوٹا پیشاب بھی معمولی زرد آتا ہے پیدل زیادہ چلے تو چکر زیادہ آتے ہیں (محمد اقبال)

جواب جناب محمد اقبال صاحب محترم آپ کے والد صاحب کی غدی عضلاتی تحریک ہے جس کی وجہ سے دل میں ضعف اور دماغ مین تسکین ہو گئی ہے اٹھنے بیٹھنے سے چکر آتے ہیں گرمی خشکی کا زور ہے پیشاب میں خون بھی اسی تحریک کی وجہ سے آرہا ہے آپ اسے غدی اعصابی ملین ،اعصابی کھار اور اعصابی عضلاتی ملین ملا کر دن میں تین سے چار بار کھلائیں ساتھ مفرح شاہی یا شربت بزوری پلائیں غذا اعصابی استعمال کریں اور عضلاتی و غدی غذائیں بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

(**نوٹ**) والد صاحب کے سر پر یہ نسخہ بنا کر نطول کریں ھوالشافی

گل کیسو تین تولہ پانی تین کلو

ترکیب تیاری گل کیسو کو رات کو پانی میں بھگو دیں صبح ٹھنڈا ہی چھان کر سر پر تولیہ یا کوئی کپڑا رکھ کر پانی ڈالیں یہ پانی تقریباً بیس منٹ تک ڈالیں یہی پانی شام کو سر پر تولیہ رکھ کر ڈالیں ۔

شوگر کی وجہ سے بھوک کا ہوکا (شدید بھوک)

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم امید ہے بخیریت ہو نگے عرض یہ ہے کہ ہمارے ہاں ایک شوگر کا مریض ہے متواتر ایک سال کے علاج سے اس کی شوگر تو نارمل ہو چکی ہے لیکن اس کی بھوک شدید ہو چکی ہے دن میں سولہ روٹیاں کھا جاتا ہے لیکن اس کی بھوک ابھی ختم نہیں ہوتی اس کے متعلق علاج تجویز کر دیں پانچ پانچ کر کے سولہ روٹیاں روزانہ کھا جاتا ہے اس کے باوجود بھوک رہ جاتی ہے اس کے پاخانہ میں تعفن ہے بدبودار پاخانہ آتا ہے آدمی اس کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتا عمر تقریباً ۱۸ سال ہے سوکھ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا ہے اس کے مطابق کوئی نسخہ تجویز کر کے بذریعہ ڈاک روانہ فرمائیں حکیم محفوظ الرحمٰن

جواب محترم آپ کے مریض کی شوگر ختم نہیں ہوئی کیونکہ اگر شوگر نہ ہوتی تو وہ موٹا ہو چکا ہوتا اور ہڈیوں کا ڈھانچہ نہ ہوتا اس کا جب تک وزن نہیں بڑھتا اس وقت تک بھوک بھی نارمل نہ ہو گی اور شوگر بڑھی رہے گی آپ اس کا خون کھانے کے دو گھنٹے کے بعد چیک کرائیں شوگر ہو گی اور ساتھ پیشاب

میں بھی ہو گی اس کا علاج عضلاتی اعصابی ملین غدی عضلاتی ملین اور عضلاتی غدی تریاق سے کریں ساتھ جوارش املی بھی کھلائیں اور غذا عضلاتی دیں اعصابی و غدی غذا بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

لیکوریا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم ایک مریضہ عمر ۲۴ سال ہے علامات درج ذیل ہیں عرصہ دس سال سے لیکوریا جس کی حالیہ علامات یہ ہے پتلا پانی کی طرح جھاگ آتا ہے زیادہ ہونے پر دائیں گردہ میں درد ہوتا ہے اعصابی عضلاتی اور عضلاتی اعصابی چیزیں استعمال کرنے سے سر اور بازو زیادہ سن ہو جاتا ہے پانی استعمال کرنے سے کمر میں درد کندھوں میں درد اعضاء کا زیادہ سن ہو جانا پیاس شدید مگر پانی استعمال کرنے سے ہڈیوں میں پانی اتر جانا اور جسم ٹھنڈا ہو جانا کمزوری یا جسم کا کھوکھلا ہونا وغیرہ علامات ہیں۔

جواب لیکوریا کی مریضہ کو عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی تریاق اور غدی عضلاتی ملین ملا کر استعمال کرائیں غذا بھی عضلاتی دیں اللہ شفاء دے گا۔

دوسرا مریض ہاتھ پاؤں کا جلنا یا مقعد پر شدید خارش پیٹ کے کیڑے جو کہ کبھی کبھی خارج ہوتے ہیں سفید اور باریک ہیں اس کا علاج بتائیں

جواب پیٹ کے کیڑے جو دھاگوں کی طرح ہوتے ہیں وہ ۔

عضلاتی اعصابی ہوتے ہیں علاج کے لئے عضلاتی غدی تریاق غدی عضلاتی
ملین اور غدی عضلاتی مسہل ملا کر دیں غذا عضلاتی دیں اللہ شفاء دے گا

کمر درد و لیکوریا

جناب حکیم صاحب ایک مریض کے حالات لکھ رہا ہوں اس کی
تشخیص فرمادیں مریضہ شادی شدہ عمر اٹھارہ سال ہے پیشاب کا رنگ زردی
مائل ہے لیکوریا کمر درد بے قاعدگی حیض ہمبستری کے وقت شدید درد
ورم رحم شادی کو عرصہ تین سال ہو چکے ہیں ابھی تک اولاد جیسی نعمت
سے محروم ہیں برائے مہربانی اس کا علاج تجویز فرمائیں۔

جواب جناب حکیم صاحب آپ کی مریضہ کی غدی اعصابی
تحریک ہے اسے غدی عضلاتی ملین عضلاتی غدی شدید اور عضلاتی
اعصابی ملین ملا کر دن میں تین بار ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی استعمال کرائیں
غذا عضلاتی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

لیکوریا، بے قاعدگی حیض

جناب حکیم صاحب ایک عورت عمر ۲۱ سال ہے شادی شدہ
پیشاب کا رنگ سرخ زردی مائل اکثر لیکوریا کمر درد بے قاعدگی حیض اکثر

۱۵ یا ۲۰ دن کے وقفے سے حیض آجایا کرتا ہے پیٹ درد تو ند پیٹ بڑھ چکی
ہے ہاتھ پاؤں کی تلیاں جلتی ہے درد سر گردوں میں اکثر درد رہتا ہے
۔ پستانوں کی نشو نما بھی نامکمل ہے شادی کو عرصہ سات سال ہو چکا ہے
اولاد نہیں ہے

جواب مریضہ کو عضلاتی غدی تحریک ہے علاج کے لئے غدی
اعصابی ملین حب سنگ دانہ اعصابی غدی تریاق استعمال کرائیں ساتھ
شربت بزوری اور الائچی وزیرہ سفید کی چائے ضرور دیں تاکہ پیشاب کھل
کر آئے جو نہی جسم سے پانی پیشاب کی صورت میں خارج ہو گا تو پیٹ بھی
چھوٹا ہو جائے گا اور باقی علامات بھی ختم ہو جائیں گیں ایک ماہ یہ علاج کرنے
کے بعد مطلع کریں پھر اگر تبدیلی کرنی ہوگی تو بتائیں گے

کم عمری میں لیکوریا

جناب محترم حکیم صاحب ایک چھوٹی بچی عمر چار سال ہے دو برس
قبل رحم کے راستے سے لیسدار سفیدی مائل پانی لیکوریا کی شکل میں آرہا ہے
حال میں تقریباً دو ہفتہ قبل سے یہ پانی خون کی شکل میں آرہا ہے تحریک اور
علاج بتادیں

جواب محترم یہ رحم کی غدی عضلاتی سوزش کی علامت ہے
علاج کے لئے غدی اعصابی ملین اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار
دیں غذا بھی اعصابی دیں عضلاتی غذائیں بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

شدید خارش سے چھلکے اترنا

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم مندرجہ ذیل علامات کے مطابق مشورہ درکار ہے۔ سینے پر درد دانے جلدی زخم جن سے پانی بھی رسنے لگا ہے اور ناک قدرے سوج گئی ہے اس کی جلد بھی پھولی ہوئی ہے کان بھی ایسے ہی سوجے ہوئے محسوس ہوتے ہیں آنکھوں کے نیچے بھی جلدی سوجن محسوس ہوتی ہے ماتھے پر بھی یہی کیفیت ہے انٹی الرجک دوا لگانے سے چھلکے اتر گئے مگر چند دن بعد وہی صورت پیدا ہو گئی اب ہاتھوں کی پشت پر سخت قسم کے دانے نکل آئے ہیں اور شدید خارش ہونے لگی ہے جو کہ بڑھتے بڑھتے دونوں کہنیوں تک پہنچ گئے ہیں اور نیچے ٹانگوں پر گھٹنوں تک پھیل گئے ہیں جہاں شدید خارش پیدا ہونے لگی ہے میں نے خارش سمجھ کر میر امطب نے ایک دوا غدی عضلاتی ملین اندرونی وبیرونی طور پر استعمال کی جس سے آفاقہ نہ ہوا اس کے بعد ایک سکن سپیشلسٹ کے پاس گیا اس نے اگزیما تشخیص کیا اور دوا دی جس سے سارے زخم اور خارش دور ہو گئی مگر صرف دو دن دوا چھوڑنے کے بعد پھر وہی کیفیت دوبارہ ہو گئی قارورہ کبھی سرخ سفیدی مائل ہوتا ہے ذائقہ پھیکا ہے جہاں جہاں سوجن یا جلدی زخم تھے وہاں سے کھرنڈ اتر رہے ہیں برائے مہربانی کوئی مکمل علاج تجویز

فرمائیں تاکہ اس موزی مرض سے نجات مل جائے

جواب آپ کا خط ملا محترم آپ کی بد پرہیزی کے نتیجے میں آپ کو خارش ہوئی ہے حقیقت میں یہ نہ الرجی ہے اور اور نہ اگزیما بلکہ جلد کے مسام بند ہو گئے ہیں جنہیں کھولنے کے لئے طبیعت خارش کراتی ہے علاج کے لئے غدی۔عضلاتی ملین برابر وزن تیل اور برابر وزن آک کے کے پتوں کا پانی ملا کر پکھا بند کر کے خارش والی جگہ پر لگا دیں تین چار گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھو دیں کھانے کیلئے غدی عضلاتی ملین حب مصفی خون اور جوہر مقی استعمال کریں اللہ شفاء دے گا۔

پاخانہ بے قاعدہ ہونا

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم میں کافی عرصہ سے معدہ کی تکلیف میں مبتلا ہوں پاخانہ ہمیشہ پتلا اور دن میں دو تین بار آتا ہے بلکہ اب یہ کیفیت ہے کہ اگر دو دفعہ پاخانہ نہ آئے تو پیروں کی تلیاں جلنے لگتی ہیں کافی علاج کروا چکا ہوں مگر آفاقہ نہیں ہوا شربت بزوری بھی ایک حکیم صاحب نے استعمال کرایا مگر آرام نہ آیا اس کے لئے کوئی بہترین نسخہ تجویز فرمادیں آپ کی کتابیں میرے پاس موجود ہیں۔

جواب محترم آپ غدی اعصابی تحریک میں مبتلا ہیں آپ کی انتڑیوں اور معدہ میں لیس دار مادہ جمع ہو گیا ہے جس کی وجہ سے آنتوں میں سدے بن گئے

ہیں جب پاخانہ کرتے ہیں تو پورا پاخانہ نہیں آتا پیچھے باقی رہ جاتا ہے جو تھوڑی دیر کے بعد دوبارہ پاخانہ کی حاجت پیدا کر دیتا ہے اسی لیس دار مادہ کی وجہ سے پاخانہ پتلا آتا ہے آپ میرا مطب یا رہبر نظریہ مفرد اعضاء کے آخر میں قانون مفرد اعضاء کے فارما کو پیا کے غدی عضلاتی ملین عضلاتی اعصابی ملین اور عضلاتی غدی تریاق یا حب صابر کے نسخہ جات بنا کر ایک ماہ مسلسل استعمال کریں ساتھ غذائیں عضلاتی استعمال کریں جوارش املی یا جوارش کمونی کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں جب پیاس لگے تو املی آلو بخارہ کا پانی پیا کریں اللہ شفاء دینے والا مہربان ہے۔

سو کر اٹھنے کے بعد ہاتھ پاؤں کا سو جانا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم موجودہ علامات لکھ رہا ہوں ان کے مطابق علاج تجویز فرمادیں

پیشاب سرخ پیلا اور تھوڑا تھوڑا بار بار آتا ہے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ پیشاب بہت زور سے آرہا ہے مگر کم مقدار میں ہوتا ہے پیشاب کے بعد قطرہ سارکارہتا ہے چہرہ کے دائیں جانب پسینہ زیادہ آتا ہے سو کر اٹھوں تو ایک ہاتھ یا پاؤں ایسے لگتا ہے کہ سکڑا ہوا ہے اس میں جان ہی نہیں ہے پاخانہ بھی کبھی بے قاعدہ ہو جاتا ہے مدرسہ میں رہتا ہوں اس لئے جب کوئی گرم چیز کھائی جائے تو تکلیف زیادہ ہو جاتی ہے برائے مہربانی اس کیلئے علاج تجویز فرمادیں۔

جواب محترم آپ کے جسم میں گرمی خشکی کی زیادتی ہو گئی ہے اور رطوبات کی شدید کمی ہو گئی ہے جس کی وجہ سے پیشاب جلن کے ساتھ آتا ہے اور کبھی سرخ ہے اور ایک ہاتھ یا پاؤں کا سو جانا بھی اسی وجہ سے ہے آپ ایسی اغذیہ استعمال کریں جن میں پانی وافر مقدار میں ہو جیسے تربوز خربوزہ گاجر مولی وغیرہ آپ کے لئے ایک غذا کی پرچی ساتھ بھیج رہا ہوں اس میں اعصابی غذاؤں کا مسلسل استعمال شروع کر دیں اور غدی و عضلاتی غذاؤں سے مکمل پرہیز کریں ساتھ شربت بذوری یا کچی لسی اور الائچی وزیرہ سفید کی چائے مسلسل استعمال کریں جسم میں رطوبات کی کمی جونہی پوری ہو جائے گی فوراً تمام علامات رفع ہو جائیں گی۔

بچوں میں شدید پانی کی کمی سے کمزوری

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم محترم اکثر نہایت چھوٹے بچے جن کی عمر کئی دن یا کئی ماہ ہوتی ہے کمزوری کی وجہ سے ماں کا دودھ بھی نہیں چوس سکتے اور ان کو دست و قے کی بیماری بھی لگی ہوتی ہے جس کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں خاطر خواہ علاج اور بھوک نہ لگنے کی وجہ سے مر بھی جاتے ہیں ڈاکٹر وقتی علاج کے لئے ڈرپ لگا دیتے ہیں کیونکہ رطوبت کی شدید کمی کے لئے ڈرپ کا لگانا بہت ضروری ہو جاتا ہے قانون مفرد اعضاء میں اس کے مد مقابل علاج تجویز فرمائیں مہربانی ہو گی۔

جواب محترم ایسی عورتیں جن کے بچے قے دست کی وجہ سے اتنے کمزور ہو جاتے ہیں کہ دودھ چوسنا بھی مشکل ہو جاتا ہے ایسی ماں کا علاج کرنا چاہئے ساتھ بچے کو بھی وہی غذا دیں ایسے بچے کی ماں کا علاج کرنے سے وہ بالکل ٹھیک ہو جاتے ہیں یاد رکھیں کہ ماں غدی اعصابی تحریک میں مبتلا ہوتی ہے یعنی ماں کے غدد ناقلہ تیز ہو جانے کیوجہ سے بچے کے غدد ناقلہ بھی تیز ہو جاتے ہیں جب بچہ ماں کا دودھ پیتا ہے الٹ دیتا ہے یا قے دست کی صورت میں خارج کر دیتا ہے عرف عام میں ایسے بچوں کو سوکڑا کی بیماری کہتے ہیں بچے اور اس کی ماں کو عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی تریاق اور غدی عضلاتی ملین ملا کر استعمال کرائیں جوارش املی چاٹنے کے لئے بھی دیں اللہ شفاء دے گا

نوٹ جن بچوں کو یا بڑوں کو قے دست کی وجہ سے پانی کی کمی ہو جاتی ہے یہاں تک کہ ان کی آنکھیں بھی بیٹھ جاتی ہیں حقیقت میں ان کے خون سے رطوبت کے ساتھ ساتھ نمک بھی خارج ہو جاتا ہے اگر ان کا صرف پانی ہی کم ہوا ہوتا تو پانی پلانے سے قے دست ٹھیک ہو جاتے لیکن انہیں تو پانی پینے کے ساتھ ہی دوبارہ قے دست شروع ہو جاتے ہیں حقیقت یہ کہ ان کا خون گاڑھا ہو جاتا ہے غدد ناقلہ مشینی طور پر تیز ہو جاتے ہیں ایسی صورت میں غدد ناقلہ کا فعل کمزور کرنے کے ساتھ ساتھ غدد جاذبہ کا فعل تیز کرنا ہو گا یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر ڈرپ کے ساتھ نارمل سیلائن یعنی نمک کا ڈرپ لگاتے ہیں اور پینے کے لئے نمکول پلانے کی ہدایت کرتے ہیں جس سے فوراً خون پتلا ہو جاتا ہے اور مریض مرنے سے بچ جاتا ہے اور قے دست بھی رک جاتے ہیں۔

دائمی قبض

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے آپ کی عمر دراز کرے حکیم صاحب مجھے بچپن سے اب تک قبض کی بیماری لگی ہوئی ہے ڈاکٹروں اور حکیموں سے بہت علاج کروایا مگر آرام نہ ہوا پاخانہ کرتے وقت گھنٹوں بیٹھا رہتا ہوں مگر حاجت ختم نہیں ہوتی کئی بار ایسا لگتا ہے کہ پاخانہ آئے گا مگر جب جاتا ہوں تو نہیں آتا آج میں نے آپ کی کتاب میرا مطب دیکھی تو سوچا کہ آپ کو خط لکھوں اللہ تعالیٰ مجھے آپ کے ذریعے شفاء عطا فرمادے قبض کی وجہ سے بھوک نہیں لگتی اتنا کمزور ہو گیا ہے ٹانگوں میں درد رہتا ہے اگر تھوڑی بہت روٹی کھاتا ہوں تو پیٹ پھول جاتا ہے۔

جواب محترم حقیقت میں آپ کو قبض نہیں ہے بلکہ آپ کے جسم کو قبض کی ضرورت ہے جب تک آپ کو قبض نہ ہو گی آرام نہ آئے گا کیونکہ آپ کو چار پانچ منٹ میں پاخانہ کر کے فارغ ہو جانا چاہئے مگر آپ گھنٹوں بیٹھے رہتے ہیں چونکہ آپ کی انتریوں میں لیس جمع ہو گیا ہے جس کی وجہ سے پاخانہ لیسدار تھوڑا تھوڑا آتا ہے اور جب تک انتریوں کی مکمل صفائی نہیں ہو جاتی پاخانہ کی حاجت ختم نہیں ہوتی اس لئے جب تک آپ غذائیں لیس دار غذا (کیلا امرود بڑی توری کدو دودھ چاول سویاں وغیرہ) استعمال کرنی نہیں چھوڑیں گے اس وقت تک آپ کی انتریوں میں لیس ختم نہ ہو گا اور پاخانہ نارمل نہ ہو گا اس مقصد

کے لئے گرم خشک سے خشک گرم اغذیہ ادویہ استعمال کریں جس میں بھنے چنے اور بیسن کی روٹی کا روزانہ معمول بنالیں سہولت کے لئے ایک غذا کی پرچی ساتھ ہے اس پر لکھی ہوئی اعصابی اور غدی غذاؤں کا مکمل پرہیز کریں اور عضلاتی اغذیہ استعمال کریں اللہ شفاء دے گا۔

یرقان کے علاج میں سمندر سوکھ کا استعمال

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم محترم میں نے یرقان کا علاج کیا تھا جو کہ ٹھیک ہو گیا واضح یہ کرنا تھا کہ املی آلو بخارہ کے زلال سے جگر میں سکون ہو کر سدہ پڑ گیا کیونکہ یہ عضلاتی اعصابی تھا سدہ کو ختم کرنے کے لئے سمندر سوکھ دی گئی جس سے مریض ٹھیک ہو گیا یعنی یرقان کے مریض کو سمندر سوکھ ضرور دیں حکیم لالہ محمد جان ہری پور ہزارہ

جواب محترم جگر و غدد میں عضلاتی اعصابی تحریک میں سدہ نہیں پڑتا بلکہ سدہ غدی عضلاتی تحریک میں پڑتا ہے جو صفراء کو روکنے کی تحریک ہے عضلاتی اعصابی تحریک میں تو صفراء کی پیدائش رک جاتی ہے

سمندر سوکھ غدی اعصابی ہو گا جس نے یرقان کا (جگر کا) سدہ کھول دیا لہٰذا سمندر سوکھ یرقان کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے آپ کی تحریک واقعی عضلاتی غدی ہو گی جس سے کرل پڑتے ہیں علاج کے لئے غدی اعصابی غذا دوا استعمال کریں اللہ شفاء دے گا۔

کیا یرقان کا علاج عضلاتی اعصابی اور غدی اعصابی ادویہ سے ممکن ہے؟

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم ورحمتہ وبرکاتہ۔ آج سے چار ماہ پہلے ایک مریض میرے پاس آیا جسے پچھلے رمضان میں یرقان ہوا تھا ایک حکیم صاحب کے پاس گیا اس نے بیس پڑیاں دیں اور کہا کہ املی آلو بخارہ ۵۰۔۵۰ گرام لے کر دو سیر پانی میں بھگو دے اور صبح شام اس سے ایک ایک پیالہ نکال کر پی لیا کرے مریض نے ایسا ہی کیا اس سے اسے فائدہ شروع ہوا اور بھوک لگنے لگ گئی پیشاب بھی کھل کر آنے لگا اور وہ بالکل ٹھیک ہو گیا کچھ عرصہ بعد دوبارہ یہی تکلیف ہوئی تو اسی حکیم صاحب نے وہی دوا دوبارہ دے دی اس بار اس دوا کے استعمال سے تکلیف اور بڑھ گئی یہ ساری باتیں مجھے سناتے ہوئے کہا کہ اب آپ میری نبض دیکھ کر صحیح دوا دیں میں نے نبض دیکھی تو میں غدی عضلاتی پا کر غدی اعصابی اغذیہ ادویہ استعمال کرنے کو کہا دوا میں اکسیر جگر اور سمندر سوکھ ۶ ماشہ رات کو بھگو کر صبح گڑ کے شربت سے پینے کو کہا صرف چھ سات دن کے استعمال سے وہ ٹھیک ہو گیا مطلب یہ ہوا کہ املی آلو بخارے کے زلال سے بھی یرقان کو فائدہ ہوا اور غدی اعصابی اغذیہ سے بھی؟ یہ کیوں۔

اکسیر جگر جو میں نے استعمال کرایا اس کا نسخہ یہ ہے ھوالشافی۔ نوشادر قلمی شورہ ریوند خطائی برابر وزن لے کر چار رتی سے ایک ماشہ دن میں تین بار دیں عظم جگر و طحال اور سوزش جگر کے لئے مفید ہے۔

جواب یرقان کا ~~عضلاتی~~ عضلاتی اعصابی تحریک سے بھی ممکن ہے کیونکہ عضلاتی اعصابی تحریک کے پیدا ہوتے ہی جگر وغدد میں سکون ﴿تسکین﴾ ہونا شروع ہوجاتا ہے جس سے صفراء کی پیدائش بند ہو جاتی ہے اور پہلے سے موجود صفراء جسم میں خرچ ہوجاتا ہے۔ لہٰذا جگر میں سکون کی وجہ سے نیا صفراء نہیں بنتا ہے جس کے نتیجے میں صفراء کا اعتدال ہوکر یرقان کو آرام آجاتا ہے۔ اس کے برعکس غدی اعصابی تحریک پیدا کرنے کے نتیجے میں صفراء کا جسم وخون سے اخراج شروع ہو جاتا ہے جونہی فاضل صفراء جسم وخون سے نکلتا ہے فورا یرقان کو آرام آنا شروع ہوجاتا ہے۔

ہیپے ٹائٹس بی اور سی

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب گزارش یہ ہے کہ میں قوت باہ کی ایک دوا مارکیٹ میں لانا چاہتا ہوں ایک سم الفار کا کشتہ بناتا ہوں جو قوت باہ کے لئے کافی حد تک موثر ہے اس میں دیگر عضلاتی ادویات بنا کر گولیوں کی صورت میں بناتا ہوں آپ کا ایک نسخہ جس میں کشتہ فولاد، کچلہ سلاجیت، لونگ اور لوبان شامل ہیں اس میں سم الفار کا کشتہ ملایا میری گزارش یہ ہے کہ اس نسخہ میں آپ نے لوبان کیوں ملایا؟ جو کہ اعصابی ہے کیا یہ لوبان دیگر عضلاتی ادویات کے اثرات کو کم نہیں کرے گا سوچتا ہوں کہ لوبان کی جگہ افیون ڈالوں تو پھر دیکھتا ہوں کہ آپ نے افیون کو اعصابی عضلاتی اکسیر میں ڈالا ہے کہیں اسے اعصابی لکھا ہے اور کہیں عضلاتی یہ اختلاف کیوں ہے ؟ لہٰذا اوپر والے نسخہ میں لوبان کی جگہ کوئی ایسی

چیز بتائیں جو اس میں ٹھیک رہے۔ دوسری بات یہ کہ آج کل ہیپے ٹائیٹس بی اور سی کا بڑا زور ہے یہ کس تحریک میں ہوتا ہے اور اس کا علاج کیسے ممکن ہے ؟

جواب محترم آپ لوبان کی جگہ افیون شامل کر لیں جہاں تک ادویہ کے مزاج میں کمی بیشی کا تعلق ہے تو وہ کہیں کاتب کی غلطی ہوتی ہے کہیں نئ تحقیق کے مطابق مزاج تبدیل کیا گیا ہے مثلاً اسطوخودوس کو عضلاتی اعصابی ہونے کی وجہ سے عضلاتی مفردات میں تحریر کیا تھا اب تجربات سے اس کا مزاج غدی اعصابی ثابت ہو گیا ہے اس لئے اب اسے غدی مفردات میں شامل کر دیا گیا اور عضلاتی مفردات سے نکال دیا گیا ہے اسی طرح کیلشیم پہلے عضلاتی اعصابی حصہ میں لکھا تھا اب اسے اعصابی مفردات میں لکھا گیا ہے کیونکہ کیلشیم تجربات سے اعصابی ثابت ہوا ہے انشاءاللہ جب کبھی بالمشافہ ملاقات ہو گی تو باقی اغلاط پر بھی بات ہو گی۔

ہیپے ٹائیٹس بی اور سی میں کوئی فرق نہیں ہے یہ یرقان کے درجے ہیں یعنی یرقان پہلے درجہ سے بڑھ کر جب دوسرے درجہ میں ہوتا ہے تو اسے ڈاکٹر ہیپے ٹائیٹس بی کہنے لگتے ہیں اور تیسرے درجہ کے یرقان کو ہیپے ٹائیٹس سی کا نام دیتے ہیں اسے اس طرح سمجھیں کہ اگر کسی مریض کو یرقان ہوجائے اور اس کا صحیح علاج نہ ہو سکے یا بد قسمتی سے غلط علاج ہو جائے تو وہ اول صورت میں لماس تھوج میں تبدیل ہو جائے گا۔

لیکن

اگر اماس تہوج کا بھی علاج نہ کیا جا سکے تو پھیپھڑہ خصیہ یا سر میں پانی پڑ جائے گا اگر پانی پڑنے کو ہیپاٹائٹس سی اور اماس تہوج کو ہیپاٹائٹس بی اور یرقان کو ہیپاٹائٹس اول کہا جائے کو کوئی فرق نہیں پڑتا ان سب کا علاج یرقان کے اصول کے مطابق غدی اعصابی اغذیہ ادویہ سے کیا جائے تو انشاء اللہ کبھی ناکامی نہ ہو گی۔

میڈیکل رپورٹ میں ہیپاٹائیٹس کے جراثیم

جناب حکیم صاحب آج کل جو لووگ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو پہلے میڈیکل چیک اپ کیا جاتا ہے تو اس میں ہیپاٹائیٹس بی یا سی کے جراثیم پائے جاتے ہیں علاج کے باوجود رپورٹیں درست نہیں ہو تیں جس کی وجہ سے یہ لوگ سفر نہیں کر سکتے کیا قانون مفرد اعضاء میں ان کا علاج ممکن ہے کہ ان کے ٹیسٹ میں یہ جراثیم نہ آئیں اور وہ بیرون ملک سفر کر سکیں

جواب محترم جن لوگوں کے میڈیکل ٹیسٹ میں ہیپاٹائیٹس کے جراثیم پائے جائیں تو انہیں غدی اعصابی غذا دوا دوا تین ماہ مسلسل استعمال کرائیں انشاء اللہ میڈیکل ٹیسٹ نارمل ہو جائے گا۔

گردن توڑ بخار

جناب حکیم صاحب سلام مسنون میرے پاس ایک ایسا مریض آیا جسے شدید بخار تھا ساتھ ہی شدید عصبی کھنچاؤ تھا گردن کمر کی طرف کھنچی جا رہی تھی مقامی ڈاکٹروں نے بہت علاج کیا لیکن ذرا بھر آرام نہ آیا بلکہ مریض بے ہوش بھی ہو گیا اب مقامی حکیموں اور ڈاکٹروں کے علاج کچھ بہتر تو ہو گیا ہے لیکن جبھی اسے بخار ہوتا ہے فوراً اسے دورے پڑنے شروع ہو جاتے ہیں اور گردن پیچھے کی طرف کھنچنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس

مریض کا کوئی مناسب علاج قانون مفرد اعضا میں ہے تو تحریر فرمائیں۔

جواب جناب حکیم صاحب آپ کے مریض کو غدی عضلاتی تحریک ہے اس کے اعصاب میں اس وقت سکون ہو جاتا ہے جب اسے شدید بخار ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ غدی تحریک سے اور اعصابی سکون سے عضلات کو احکامات آنے بند ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں عضلات میں غیر طبعی حرکات شروع ہو جاتی ہیں۔

علاج کے لئے اس کے اعصاب و دماغ کو تحریک دیں تاکہ اعصاب اور دماغ سے عضلات کے لئے احکامات آنے شروع ہو جائیں اور بدنی حرکات آنی شروع ہو جائیں اور بدنی حرکات اعتدال پر آنی شروع ہو جائیں گیں علاج کے لئے اندرونی طور پر اسے اعصابی کھار اعصابی عضلاتی

ملین اور اعصابی غدی تریاق ملا کر دیں اور ساتھ مفرح شاہی اور شربت بزوری بھی دیں غذائیں اعصابی دیں جن میں مکھن بادام گلقند بھنڈی توری مولی گاجر شلجم اور پھلوں میں کیلا امرود تربوز کھیرا ککڑی وغیرہ اور عضلاتی غدی و غدی عضلاتی غذائیں بند کر دیں جن میں تمام گرم خشک اور سرخ رنگ کی چیزیں شامل ہیں۔

بیرونی علاج کے لئے گل کیسو تین تولہ لے کر پانچ کلو پانی میں بھگو دیں اور صبح پُن کر نیم گرم سر اور کمر پر تولیہ رکھ کر آدھ گھنٹہ پانی ڈالیں انشاء اللہ دوبارہ نہ گردن توڑ بخار ہو گا اور نہ ہی عصبی کھنچاؤ ہو گا۔

ہیپاٹائٹس اور قانون مفرد اعضاء

از حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

☆ ہیپاٹائٹس کیا ہے؟ ☆ یہ کیسے لاحق ہوتی ہے؟ ☆ اس کی اقسام کتنی ہیں؟ ☆ کیا واقعی اس کی اقسام ہیں یا بنائی گئی ہیں؟ ☆ کیا تمام اقسام الگ الگ ہیں یا ایک ہی حالت کے مختلف نام ہیں؟ ☆ قانون مفرد اعضاء میں اس کی کیا تحریک ہے؟ اور قانون مفرد اعضاء میں ہیپاٹائٹس کا غذائی و دوائی علاج کیا ہے؟ یہ سب چیزیں اس کتاب میں تفصیل سے دی گئی ہیں جس کے مطالعہ کے بعد ہیپاٹائٹس کا علاج مشکل نہیں رہے گا آج ہی طلب فرمائیں

قیمت 80 روپے علاوہ محصول ڈاک

چھاتی میں درد اور ورم (کینسر)

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم ایک مریضہ جس کی عمر ۵۵ سال ہے دو سال پہلے بائیں جانب چھاتی پر درد ہوا اور وہاں ورم نما پھوڑا بن گیا جو بڑھتا گیا آخر کار اس کا اپریشن کرایا گیا اپریشن کے چھ ماہ بعد وہی صورت دوبارہ ہو گئی یعنی پھوڑا پہلے سے بھی زیادہ ظاہر ہوا پھر اپریشن کرایا ایک سال ٹھیک رہا پھر آہستہ آہستہ چھوٹی سی گلٹی بن گئی جو کہ بڑھتی گئی اور مکمل ہو کر پھٹ گئی اور اس میں سے خون اور گوشت کے لوتھڑے نکلتے رہے اس حالت کو اب چار ماہ ہو رہے ہیں وہ زخم ٹھیک نہیں ہو رہا اس میں ہڈی نما گوشت بڑھتا ہے جو کہ سفید رنگ کا ہے اور نیم زرد رنگ میں رطوبت رستی رہتی ہے

چلنے پھرنے میں تکلیف ہوتی ہے ٹانگیں درست کام نہیں کرتیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ٹانگوں میں کوئی چیز پھرتی ہے۔ بھوک نہیں لگتی غذا ہضم نہیں ہوتی باقی اعصابی نظام درست ہے اس کے لئے قانون مفرد اعصاء کے مطابق غذائی اور دوائی علاج تجویز فرمائیں۔

جواب محترم جس مریضہ کی چھاتی میں درد اور ورم ہے اسے غدی عضلاتی تحریک ہے۔ خون میں فاضل مادے اور صفراء کی کثرت ہے علاج کے لئے غدد ناقلہ کو تیز کریں تاکہ ان فضلات کا با آسانی اخراج ہو سکے اس کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی کھار اعصابی عضلاتی ملین اور حب اکسیر جدید ملا کر استعمال کرائیں غذائیں بھی اعصابی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

بھگندر

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم محترم میں عرصہ ۷ سال سے ناسور مقعد میں مبتلا ہوں ۶ سال قبل اپریشن کیا گیا لیکن پھر تکلیف ہو گئی تیز مرچ وغیرہ استعمال کروں تو پھر اس پھوڑے میں مواد بھر کر ناسور پھٹ جاتا ہے۔پاخانہ کی حاجت صحیح نہیں ہوتی معدہ میں ہوا بھری رہتی ہے نفخ بھی ہوتا ہے دماغ پر بوجھ صبح اٹھنے کو جی نہیں کرتا نیند کم ہے پیشاب کبھی سفید کبھی پیلا جسم میں دردیں رہتی ہیں برائے مہربانی کوئی علاج تجویز فرمادیں

جواب محترم ناسور کے علاج کے لئے غدی عضلاتی ملین اگر قبض ہو تو مسہل یا حب فالج استعمال کریں غذائیں بھی عضلاتی استعمال کریں اللہ شفاء دے گا۔

احتلام اور عضو تناسل کا ایک طرف جھک جانا

جناب حکیم صاحب ایک مریض، کی بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے عضو تناسل بائیں طرف جھک گیا ہے انتشار بالکل ٹھیک ہے شادی بھی ہو گئی ہے اور غلط کاریوں سے بھی توبہ کر لی ہے اب مسئلہ احتلام کا ہے

تمام دوائیں استعمال کر چکا ہے مگر احتلام نہیں رکتا اگر کسی دوا سے فرق پڑتا ہے تو اتنا پڑتا ہے کہ جب تک دوا کھاتا رہے اس وقت تک احتلام نہ ہو گا جو نہی دوا بند ہوئی اسی رات احتلام ہو جائے گا۔

رات سونے کے بعد پیٹ میں ہوا نہیں چلتی مگر جب احتلام ہو جاتا ہے تو ہوا چلتی ہے رات کو اگر پنکھا چل رہا ہو تو ضرور احتلام ہو گا اور اگر ٹھنڈا پانی پی کر سو جائے تو بھی لازمی احتلام ہو گا جس دن قدرتی احتلام نہ ہو اس دن اگر رات کو آنکھ کھل جائے پیٹ میں خوب ہوا بھری ہوئی ہوتی ہے اس احتلام کی وجہ سے سر اور داڑھی کے بال سفید ہو گئے ہیں اگر لگا تار دو ہفتے احتلام نہ ہو تو چہرہ شاداب اور گوشت نظر آنے لگتا ہے لیکن ایک دن کے احتلام سے ہی بہت زیادہ کمزوری ہو جاتی ہے برائے مہربانی کوئی علاج بتائیں تاکہ اس کی اس موذی مرض سے جان چھوٹ جائے آپ کی بڑی نوازش ہو گی۔

جواب محترم آپ کے مریض کا معدہ اور انتریاں ٹھیک نہیں ہیں جب تک معدہ ٹھیک نہ ہو گا اس وقت تک احتلام بند نہ ہو گا معدہ میں لیس اور رطوبات کی زیادتی کی وجہ سے گیس پیدا ہوتی ہے اسی گیس کے دباؤ کی وجہ سے احتلام ہو جاتا ہے لہٰذا جب تک گیس بننا بند نہ ہو گی اس وقت تک آرام نہ آئے اور گیس بند کرنے کے لئے ایسی چیزیں استعمال کرنا ہو نگی جن میں لیس اور رطوبت نہیں ہے یا کم ہے غذائیں چنے یا بیسن کی

رووٹی او جڑی دہی بھلے پکوڑے وغیرہ استعمال کریں دوا میں عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی تریاق تبخیر اور غدی عضلاتی ملین ملا کر دیں اور ساتھ جوارش کمونی استعمال کرائیں تمام اعصابی اور لیس دار غذاؤں سے مکمل پرہیز کیا جائے تو یقیناً آرام آجائے گا

منہ سے بدبو اور زبان کی لکنت

جناب حکیم صاحب میری عمر ۲۲ سال ہے ۱۲ سال پہلے مجھے ٹائیفائیڈ ہوا تھا جس کی وجہ سے ایک ٹانگ میں کھنچاؤ پیدا ہو گیا اس کھنچاؤ کی وجہ سے چلنا پھرنا مشکل ہو گیا تھا ایک انگریزی دوا کے استعمال سے ٹھیک ہو گیا تھا لیکن کچھ عرصہ بعد زبان میں لکنت پیدا ہو گئی عام بات چیت صحیح کرتا ہوں مگر کسی بات پر زبان اٹک جاتی ہے تو لفظ نہیں بن پاتا اس کے کوئی تین چار سال بعد منہ سے بدبو شروع ہو گئی منہ کی بدبو کے ساتھ ناک سے سانس کے ساتھ بھی بدبو آنی آشروع ہو گئی کھانا کھانے کے تیس منٹ بعد تک اگر بدبو محسوس نہ ہو تو ہوا گیس بن جاتی ہے پیٹ میں گیس کا گولا اور ڈکار شروع ہو جاتے ہیں بولنے سے کئی فٹ دور بیٹھے بندے کو بدبو محسوس ہوتی ہے بے شمار علاج کرائے مگر نہ تو منہ کی بدبو گئی اور نہ ہی زبان کی لکنت۔ میں ایم اے کا سٹوڈنٹ ہوں لڑکوں سے باتیں کرنا پڑتی ہیں اور نوکری بھی کرنی ہے مگر یہ بیماری میری راہ میں رکاوٹ بن گئی ہے قبض بھی رہتی ہے

اس بیماری کو دس بارہ سال ہو گئے ہیں برائے مہربانی اسکا کوئی مستقل علاج بتائیں

جواب محترم آپ قانون مفرد اعضاء کے تحت غدی اعصابی تحریک میں مبتلا ہیں معدہ میں غذا ہضم ہونے کی بجائے متعفن ہو جاتی ہے اسی متعفن مادہ کی منہ میں بدبو آتی ہے اور سانس میں بدبو آنی شروع ہو جاتی ہے جب تک معدہ میں تعفن ختم نہ ہو گا نہ ہی بدبو ختم ہو گی اور نہ ہی زبان کی لکنت کیونکہ معدہ کے عضلات کی کمزوری کی وجہ سے غذا ہضم نہیں ہوتی اور زبان کے عضلات کی کمزوری کی وجہ سے بولنے میں لکنت ہوتی ہے

علاج کے لئے حب مقوی خاص غدی عضلاتی ملین اور عضلاتی غدی تریاق ملا کر دن میں تین بار ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی استعمال کریں ساتھ بیسن کی روٹی اور عضلاتی غذائیں استعمال کریں مرچ مسالحے والی غذائیں زیادہ استعمال کریں تاکہ زبان کے عضلات بیدار ہو جائیں دو ماہ یہ علاج کریں اللہ شفاء دے گا

دورے پڑنا

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ عمر ۱۷ سال ہے دو سال کی عمر سے دورے پڑتے ہیں جب دورہ پڑتا ہے تو مریضہ اکٹھی ہو جاتی ہے جیسے

غبارہ سے ہوا نکل جاتی ہے اور وہ اکھٹا ہو جاتا ہے ہاتھ پاؤں اکھٹے ہو جاتے ہیں تمام قسم کے علاج کروا چکے ہیں مگر بے سود تحریک اور علاج بتائیں

جواب محترم آپ کی مریضہ کی غدی عضلاتی تحریک ہے جسم میں خشکی گرمی کی زیادتی ہے اور اعصاب میں سکون ہو گیا ہے آپ اس کے اعصابی نظام کو بیدار کرنے کی کوشش کریں دورے بھی بند ہو جائیں گے اور باقی علامات بھی ختم ہو جائیں گیں۔

علاج کے لئے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی مسہل ریوند عصارہ والا استعمال کرائیں سر پر گل کیسو ۵۰ گرام دو کلو پانی میں جوش دیکر ٹھنڈا کر کے نکور کریں چونکہ یہ گرمی کی بیماری ہے اس لئے نکور بھی ٹھنڈی کرنی ہو گی پیشاب کم از کم چھ سات بار چوبیس گھنٹوں میں آنا ضروری ہے اور پاخانہ ایک دو بار کھل کر آئے تو انشاء اللہ دورے بند ہو جائیں گے

پیٹ کی چوٹی نکلنا

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ عمر ۵۰ سال پیٹ پھولا ہوا ہے جسم پلپلا ہے اور رنگ گندمی پیٹ کی چوٹی سی نکلی ہوئی ہے جیسے پہاڑی ہو اسے ڈاکٹر پیٹ کا کینسر کہتے ہیں قبض بھی ہے تحریک اور علاج بتائیں

جواب محترم مریضہ کی غدی عضلاتی تحریک ہے علاج کے لئے

اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی مسہل ملا کر دیں غذائیں اعصابی دیں ساتھ شربت بزوری اور الائچی وزیرہ سفید کی چائے ضرورر دیں تاکہ پیشاب کھل کر آئے جو نہی جسم سے پانی پیشاب کی صورت میں خارج ہو گا تو پیٹ بھی چھوٹا ہو جائے گا اور باقی علامات بھی ختم ہو جائیں گیں ایک ماہ یہ علاج کرنے کے بعد مطلع کریں

کجی

جناب حکیم صاحب ایک نوجوان عمر ۲۳ سال ہے ذکاوت حس ہے عضو دائیں طرف سے ٹیڑھا ہو گیا ہے اور بائیں طرف جھک گیا ہے اسے کونسا طلا استعمال کرائیں اور کتنے عرصہ تک۔

عضو پر لگانے کے لئے غدی عضلاتی طلاء چار دن لگانے کے بعد عضلاتی غدی نکور ۱۵ دن کرائیں اس کے بعد ایک ہفتہ عضلاتی طلاء لگوائیں انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا

مذی کی رطوبت بہنا

جناب حکیم صاحب اگر مزی کی رطوبت کی بیماری لاحق ہو جائے تو کونسا مفرد اعضاء تحریک میں ہوتا ہے اور علاج کی صورت میں کس مفرد عضو کو تحریک دینا ہو گی تاکہ علاج کیا جا سکے

جواب محترم مذی کی رطوبت اعصابی عضلاتی تحریک کا نتیجہ ہو

تی ہے علاج کے لئے عضلاتی غدی مسہل استعمال کرائیں ساتھ حب صابر بھی دے سکتے ہیں غذا عضلاتی استعمال کرائیں۔

ٹانگوں میں درد ایک حصہ کانپنا

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ عمر ۶۵ سال ہے پاؤں کی تلیاں جلتی ہیں قبض شدید رہ جاتی ہے معدہ غذا قبول نہیں کرتا نیند بھی کم آتی ہے بایاں بازو سو جاتا ہے اور بائیاں حصہ کانپتا بھی ہے ٹانگوں کے جوڑوں کو درد ہوتا ہے مریضہ کو حرکت کرنا مشکل ہوتا ہے جسم پر سوزش بھی ہے گرم اشیاء کھانے سے تلخی بڑھ جاتی ہے بلڈ پریشر ۲۵۰ سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے

جواب محترم آپ کی مریضہ کی غدی عضلاتی تحریک ہے جسم میں گرمی خشکی کی (صفراء) زیادتی اور رطوبات کی کمی ہے معدہ غذا اس لئے قبول نہیں کرتا کہ وہ پہلے ہی غذا سے پُر ہے تو اور غذا کیسے طلب کرے گا اس لئے پہلے والی غذا جب تک خارج نہ ہو گی اس وقت تک نئی غذا کی طلب پیدا نہ ہو گی علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین ملا کر دیں ساتھ خیساندہ سنا مکی پلائیں اور شربت بزوری اور الائچی وزیرہ سفید کی چائے ضرور دیں تاکہ پیشاب کھل کر آئے جونہی جسم سے پانی پیشاب کی صورت میں خارج ہو گا تو پیٹ بھی

چھوٹا ہو جائے گا اور باقی علامات بھی ختم ہو جائیں گیں ایک ماہ یہ علاج کرنے کے بعد مطلع کریں

سر درد

جناب حکیم صاحب میری والدہ کے سر میں اکثر درد رہتا ہے ایک بار پیٹ سے کیڑا بھی نکلا تھا جو ایک فٹ لمبا تھا سارا دن سر پکڑ کر بیٹھی رہتی ہے رات کو درد زیادہ ہو جاتا ہے دن کو کم ہوتا ہے برائے مہربانی کوئی علاج بتائیں تاکہ وہ سکون سے زندگی گزار سکے

جواب محترم آپ کی والدہ کے معدہ میں خرابی ہے قبض بھی سر درد کی اصل وجہ ہے معدہ سے فضلات کا مکمل اخراج نہیں ہوتا جس کا دباؤ گیس کی صورت میں سر پر پڑتا ہے علاج کے لئے دوا میں عضلاتی غدی مسہل غدی عضلاتی ملین اور تریاق تبخیر ملا کر دیں غذا عضلاتی استعمال کرائیں اور اعصابی غذا جس میں لیس ہوتا ہے بند کر دیں، اللہ شفاء دے گا

پٹھوں کی کمزوری

جناب حکیم صاحب میری عمر ۲۲ سال ہے جب سے جوان ہوا ہوں اپنی جوانی کو نہ سمبھال سکا جسکی وجہ سے طبیعت میں چڑچڑا پن اور جسم کے اندر بخار جیسے رچ گیا ہو پٹھوں کی کمزوری اور ہاتھ پاؤں اکثر سن رہتے ہیں احساس کمتری ذہنی کمزوری اور خود اعتمادی کی کمی جیسی علامات پیدا ہو گئی

ہیں سر کے بال ۵۰ فیصد سفید ہو گئے ہیں نفس کی رگیں پھول گئی ہیں عام طور پر نفس موٹا ہو گیا ہے مگر اس کی طاقت بالکل ختم ہو گئی ہے منی پتلی اور کم ہو گئی ہے کپورے لٹک گئے ہیں جیسے ۱۰۰ سالہ بوڑھے کے ہوں نفس کی سختی بالکل ختم ہو کر رہ گئی ہے اب بڑی تکلیف یہ ہے جب نماز پڑھتے وقت سجدے میں جاتا ہوں تو قطرے گرنے لگتے ہیں گزشتہ تین سال سے میرا پیٹ خراب ہے دن میں تین چار بار پاخانہ کی حاجت ہوتی پیٹ میں کسی قسم کا کوئی درد بھی نہیں ہوتا مگر جیسے ہی وضو کر لوں پیٹ میں ہوا بھرنی شروع ہو جاتی ہے اور وضو ٹوٹ جاتا ہے پیشاب کی رنگت سفید ہے بغیر پیاس کے بھی کافی پانی پی جاتا ہوں اب تمام برے کام چھوڑ چکا ہوں یہاں تک کہ سگریٹ چرس اور چائے تک بھی چھوڑ چکا ہوں اللہ کی مہربانی اب تمام بری عادات سے بچ چکا ہوں آپ میرے لئے کوئی ایسا نسخہ تجویز فرمائیں کہ میری کھوئی ہوئی طاقت دوبارہ بحال ہو جائے

جواب محترم آپ کے عضلات کا جو نقصان ہو چکا ہے وہ پورا تو ہو جائے گا مگر ایک تو آپ کو علاج سختی سے کرنا ہو گا اور دوسرا پرہیز سخت کرنا ہو گا

علاج کے لئے دوا میں حب مقوی خاص عضلاتی اعصابی ملین اور غدی عضلاتی ملین اور تریاق تبخیر ملا کر استعمال کریں ساتھ جوارش کموں کھانا کھانے کے بعد کھائیں تاکہ جلد ہضم ہو جائے عضو پر ٹکور کے

لئے عضلاتی ٹکور ۱۵ دن کریں اس کے بعد عضلاتی غدی طلاء لگائیں انشاء اللہ دو ماہ کے علاج سے ہی آپ کو مکمل آرام آجائے گا غذائیں بھی عضلاتی اعصابی اور عضلاتی غدی استعمال کرنی ہیں اعصابی غذاؤں سے مکمل پرہیز کرنا ہو گا تاکہ پیٹ میں ہاضمہ کا عمل درست رہے اور غذا کھاتے ہی ہضم ہو جائے اور گیس وغیرہ نہ بننے پائے صبح مربہ آملہ یا مربہ ہڑ کھانے کے بعد دہی یا لسی پی لیا کریں بیسن کی روٹی یا پکوڑے استعمال کریں اور دہی بھلے فروٹ چاٹ کھائیں ایسی اغذیہ زیادہ استعمال کریں جن میں نمک مرچ زیادہ استعمال ہوتا ہو اللہ شفاء دینے والا ہے آپ ٹھیک ہو جائیں گے

احتلام

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب ایک مریض جو بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے اپنی قوت ضائع کر بیٹھا اب اس کی شادی ہو چکی ہے مگر بیوی کے حقوق پورے نہیں کر سکتا ہر دوسرے تیسرے دن احتلام ہو جاتا ہے کافی ایلوپیتھی علاج کروا چکا مگر وقتی فائدہ کے سوا کچھ نہیں آپ کی کتابوں میں لکھا ہے جریان احتلام اور سرعت انزال الگ الگ بیماریاں ہیں اور ایک وقت میں مریض کو ان میں سے ایک تکلیف ہوتی ہے مگر میرے پاس جو مریض ہے اسے اسے یہ تینوں بیماریاں اکٹھی ہیں کیا ایسا ہو سکتا ہے ؟ آپ اس کا علاج بتائیں تو بہت مہربانی ہو گی میرے پاس آپ کی کتابیں موجود ہیں نسخہ جات میں خود بنالوں گا

جواب جناب حکیم صاحب آپ کے مریض کی غدی اعصابی شدید تحریک ہو چکی ہے بچپن میں وہ خود جلق کے ذریعے مادہ کا اخراج کر تا رہا اور اب خود طبیعت مادہ کے اخراج کی طرف مائل رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ جو نہی طبیعت میں شدت پیدا ہوتی ہے یعنی ذرا سی تحریک سے احتلام ہو جاتا ہے دوسری بات یہ کہ اسے صرف احتلام ہی کی وجہ سے سرعت انزال محسوس ہوتا ہے اور جریان بھی حالانکہ یہ تینوں بیماریاں ایک ہی وقت میں کبھی نہیں ہو سکتیں آپ اسے جوارش جالینوس عضلاتی اعصابی ملین حب صابر اور غدی عضلاتی ملین یا حب سنگ دانہ والا نسخہ بنا کر دیں غدی طلاء لگانے کے لئے دیں اس کے بعد عضلاتی طلاء لگوائیں اور عضلاتی غدی سے غدی عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں انشاء اللہ تمام علامات ٹھیک ہو جائیں گی۔

پانی کا کثرت سے استعمال

جناب حکیم صاحب اسلام علیکم محترم پہلے میں عضلاتی غدی تحریک کی وجہ سے بیمار تھا اور انتہا کو پہنچا ہوا تھا اللہ کے فضل و کرم سے نو شہرہ میں آپ کے ایک شاگرد فاضل قانون مفرد اعضاء سے علاج کروایا الحمد اللہ ٹھیک ہو گیا وقت گزرتے گذرتے کسی دوست نے بتایا کہ جاپان کا ایک نسخہ ہے جسے ہائیڈرو پیتھی کہتے ہیں کہ دن میں ہر دو گھنٹے بعد اگر ایک

کلو۳۰۵۰ گرام پانی پی لیا جائے تو اسے کوئی بیماری نہیں لگتی تو بس میں ہر دو گھنٹے بعد ایک کلو۳۰۵۰ گرام پانی پینا شروع کر دیا جو تقریباً چار بڑے گلاس بنتے ہیں اگر پیاس نہ بھی ہوتی تو بھی پی لیتا اب تقریباً ۵۰ دن یا دو ماہ ہو چکے ہیں کہ قضائے حاجت میں سخت تکلیف ہوتی ہے اور تمام اعصاب پر اثر ہونے لگا اعصابی دردیں شروع ہو گئیں اور بائیں طرف فالج ہو گیا دماغ پر سخت قسم کا بوجھ ہونے لگا جب میں اسی آپ کے شاگرد کو نبض دکھائی تو اس نے بہت برا بھلا کہا کہ کس نے کہا کہ اتنا پانی پیا کر و اب آپ کا مزاج عضلاتی اعصابی ہو چکا ہے اس نے علاج بالغذا کا مشورہ دیا آپ سے گزارش ہے کہ آپ بھی مجھے کوئی اچھا مشورہ دیں تاکہ اس ضرورت سے زائدہ پیے جانے والے پانی کے نقصانات دور ہو جائیں

جواب محترم آپ نے واقعی ضرورت سے زیادہ پانی استعمال کر کے اپنے جسم کے ساتھ زیادتی کی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا قرآن پاک میں فرمان ہے کہ کھاؤ پیو اور اسراف نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا یہاں اسراف سے مراد ضرورت سے زیادہ کھانا ہی ہے صاف ظاہر ہے جب ہم اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کریں گے تو بیماری لازمی آئے گی اسی لئے تو کہا جاتا ہے کہ ہمیں کوئی دوسرا باہر سے آکر بیمار نہیں کرتا بلکہ ہم خود ہی اپنی غلطیوں سے بیمار ہوتے ہیں اور اگر ہم اپنی ان غلطیوں کی اصلاح کر لیں تو دوبارہ تندرست ہو سکتے ہیں آپ اللہ تعالیٰ سے

اپنی غلطیوں کی معافی مانگیں اور علاج کے لئے غدی عضلاتی مسہل عضلاتی غدی تریاق اور حب سنگ دانہ ملا کر دن میں چار بار استعمال کریں روزانہ دو بار کھل کر پاخانہ آنا ضروری ہے غدی عضلاتی اور عضلاتی غدی غذائیں استعمال کریں اللہ شفاء دے گا

مالیخولیا

جناب محترم حکیم صاحب میں بالکل خوش باش تھا کہ تین سال قبل رات کو طبیعت میں متلی کی کیفیت پیدا ہوئی میں ڈاکٹر کے پاس گیا اس نے دوا دی اور ایک ٹیکہ رگ میں لگا دیا ٹیکہ لگاتے ہی میری حالت پاگلوں جیسی ہو گئی ہر طرف وحشت خوف جنون دماغ اور پورے جسم کے اندر چیونٹیاں رینگنے لگیں نیند اڑ گئی بچوں کی طرح رونا فکر ایک عذاب بن گئے ڈاکٹروں کا بہت علاج کرایا تنگ آ کر حکیم اجمل دواخانہ کی دوا ۸ ماہ کھائی انہوں نے خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا عود صلیب جوارش شاہی شربت احمد شاہی دواالمسک معجون نجاع بہت کھلائی کبھی کہتے ہیں کہ معدہ خراب ہے اور کبھی کہتے ہے کہ مالیخولیا ہے موجودہ کیفیت یہ ہے کہ دماغ پر شدید بوجھ نڈھالی نقاہت اور غنودگی اور تما اعصاب میں کھنچاؤ اور جنون کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے ڈرتا ہوں کہ فالج یا مرگی نہ ہو جائے ہاتھ پاؤں ٹانگیں کبھی سن ہو جاتے ہیں۔

جواب محترم آپ علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل' اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین استعمال کریں غدی عضلاتی اور عضلاتی غدی غذائیں بند کر دیں اعصابی اغذیہ استعمال کریں ساتھ شاہترہ پانی میں ابال کر قہوہ بنا کر صبح شام پیا کریں الائچی وزیرہ سفید کی چائے بھی استعمال کریں ایک ماہ یہ چیزیں استعمال کر کے مجھے بتائیں اللہ شفاء دے گا۔

جسم مختلف اعضاء سے کڑا کے نکلنا

جناب حکیم صاحب جسم کسی بھی حصہ مثلاً ٹانگ بازو گردن پاؤں کی انگلیاں ہاتھ کی انگلیاں وغیرہ سے ٹک ٹک کی آوازیں آنا یعنی کڑا کے نکلنا کس تحریک سے ہوتا ہے ؟

جواب محترم جسم کے اعضاء سے کڑا کے نکلنا عضلاتی غدی تحریک کا نتیجہ ہوتا ہے جسم میں خشکی کی زیادتی ہوتی ہے علاج کے لئے غدی اعصابی سے اعصابی غدی اغذیہ ادویہ استعمال کرائی جائیں تو یہ آوازیں آنا بند ہو سکتی ہیں

(۲) ایلوپیتھی ادویات میں مانع حمل ادویات بکثرت بک رہی ہیں کیا ان کے عورت کی صحت اور رحم پر بد اثرات پڑتے ہیں یا نہیں اسی طرح یونانی ادویات میں بھی مانع حمل لدویات موجود ہیں کیا ان کے بھی رحم یا عورت کی صحت پر بد اثرات ہوتے ہیں کہ نہیں ؟

جواب محترم حمل ہونے سے روکنایا پیدائش میں رکاوٹ میں کوئی بھی دوا یا کوئی تدبیر اختیار کی جائے گی تو وہ لازماً عورت کی صحت اور رحم کو متاثر کرے گی کیونکہ قوانین فطرت کی خلاف ورزی کا نام ہی بیماری ہے کوئی بھی دیسی یا انگریزی دوا ایسی نہیں ہے جس سے حمل میں رکاوٹ کے ساتھ ساتھ بد اثرات نہ ہوں۔ اگر وقتی طور پر ان کا کوئی بد اثر محسوس نہ ہو تو بعد میں لازمی ہوتا ہے۔

چھلکے اترنا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم میرے پاس ایک جسم سے چھلکے اترنے والا مریض آیا ہے آپکی کی کتاب میر امطب سے اکسیر جدید حب سلاطین اور غدی عضلاتی ملین استعمال کرایا جس سے سارا مرض باہر آگیا اس کے ساتھ میں نے دیسی گھی ادھ کلو ہلدی ادھ کلو اور گندم ادھ کلو پکا کر لگوائی جس سے کافی فائدہ ہوا مگر آپ کی کتاب والا نسخہ جس میں غدی عضلاتی ملین اور تیل سرسوں میں آک کے پتوں کا پانی ملا کر لگانے والا نسخہ اس لئے استعمال نہ کرلیا کہ چبھن نہ ہو اس لئے اس کے متبادل کوئی اور نسخہ ہو تو تحریر کر دیں مریض کو دو ماہ ہو چکے ہیں مکمل آرام نہیں آرہا نہ ہی مکمل چھلکے اترے ہیں۔ کل منہ اور پاؤں پر اماس بھی آگیا قبض کشاء دواد ینے سے ورم اتر گیا۔

باقی ایک لڑکی عمر ۳۰ سال جس کے معدہ میں کھانا کھانے کے بعد درد ہوتا ہے کبھی ہلکا اور کبھی تیز ہوتا ہے اس کے لئے بھی نسخہ تجویز کر دیں۔

جواب چھلکے اترنے والے مریض کو آپ تمام دوائیں بند کر کے صرف غدی عضلاتی ملین میں آک کے پتوں کا پانی ملا کر استعمال کرائیں چبھن نہ ہو گی اس میں نیلا تو تیا اور جمالگوٹہ شامل کر لیں۔ اکسیر جدید غدی عضلاتی ملین اور غدی عضلاتی مسہل والا نسخہ بھی ٹھیک ہے جاری رکھیں ساتھ غذا عضلاتی استعمال کرانی ہے۔

جس لڑکی کے معدہ میں کھانا کھانے کے بعد درد ہو تا ہے اسے عضلاتی غدی تریاق (تریاق تبخیر) حب سنگ دانہ اور غدی اعصابی ہاضم ملا کر دن میں تین بار دیں ساتھ جوارش کمونی یا جوارش املی کھانا کھانے کے بعد استعمال کرائیں غذا عضلاتی دیں اللہ شفاءے گا۔

زبان کی لکنت

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم میرے پاس ایک مریض آیا ہے جس کا علاج کرنے سے میں قاصر ہوں مریض نے بیان کیا کہ اس کی زبان بچپن میں بالکل ٹھیک تھی دس سال بعد اچانک اس کی زبان میں لکنت آگئی اب اس کی عمر تیس سال ہے اور زبان میں لکنت موجود ہے میں اس کی نبض اور قارورہ دیکھا تو غدی عضلاتی تھا۔ آپ کوئی مشورہ عنایت فرمائیں۔

جواب محترم لکنت غدی عضلاتی تحریک کا نتیجہ ہوتی ہے جو ضعف عضلات کا نتیجہ ہے علاج کے لئے قانون مفرد اعضاء کے فارما کوپیا کے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار یا اعصابی عضلاتی ملین ملا کر استعمال کرائیں اور ساتھ جوارش کمونی اور غذائیں اعصابی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

ہارٹ اٹیک اور فالجی کیفیت

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم میرے والد صاحب جن کی عمر ۵۵ سال ہے انہیں ایک دو بار ہارٹ اٹیک ہو چکا ہے ابھی ڈیڑھ ماہ ہوا کہ انہیں راہ چلتے شدید نیند آنے لگی آپ جلدی جلدی گھر آئے اور سو گئے دوسرے دن بھی اٹھنے کی ہمت نہ رہی بہت مشکل سے اٹھے تو چلنے میں محسوس ہوا کہ دائیاں حصہ بائیں حصہ سے کم حرکت کرنے لگا ڈاکٹروں کے مطابق فالج کا ابتدائی حملہ ہو چکا ہے انہوں نے ہدایت کی کہ انہیں نمک نہ دیں مرغی کا گوشت اور مچھلی دیں آپ قانون مفرد اعضاء کے مطابق مشورہ دیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ عطا فرمائے کچھ دن سے ان کا دائیاں حصہ اور دائیاں ہاتھ پنجہ سے کہنے تک سن ہوتا محسوس ہوتا ہے بلڈ ہائی رہتا ہے۔

جواب محترم آپ کے والد صاحب کے جسم میں گرمی خشکی کی زیادتی اور رطوبات کی شدید کمی ہوتی جارہی ہے اسی وجہ سے بلڈ ہائی رہتا ہے علاج کے لئے انہیں ایسی چیزیں استعمال کرائیں جن سے چھوٹا پیشاب کھل کر آئے جونہی پیشاب زیادہ ہوگا جسم ہلکا ہو جائے گا اور فالجی کیفیت ختم ہو جائے گی آج کل تربوز عام ہے روزانہ کم از کم ایک کلو ضرور کھلائیں ساتھ جب پیاس لگے تو پانی میں شربت بزوری ملا کر دیں دوا میں اعصابی عضلاتی ملین غدی اعصابی مسہل اور اعصابی غدی تریاق اور حب شفاء ملا کر استعمال کرائیں غذا

اعصابی دیں یخنی یا مرغی کے گوشت اور کباب وغیرہ سے بالکل پرہیز کرائیں انشاءاللہ تمام علامات رفع ہو جائیں گی۔

کمر کے مہروں میں سوزش اور پانی پڑنا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم چند مریضوں کے حالات لکھ رہا ہوں ان کی علامات کے مطابق مشورہ دیں (۱) ایک مریض عمر ۴۵ سال جسے ایکسیڈنٹ کے درمیان چوٹ سے کمر کی ہڈی کے مہروں میں خلا محسوس ہوتا ہے اب ڈیڑھ سال سے چارپائی پر پڑا ہے چل نہیں سکتا گردن میں میں بائیں جانب شدید درد محسوس ہوتا ہے حرام مغز ٹھیک ہے ڈاکٹروں نے مالش سے منع کیا ہے زیادہ دوائیں کھانے سے اس کا معدہ بھی کمزور ہو گیا ہے اس ضمن میں آپ سے گزارش ہے کہ اپنے قیمتی مشورہ سے نوازیں

دوسرا مجھے ڈیڑھ ماہ سے جگر کی تکلیف ہے ایسا لگتا ہے عظم جگر ہو گیا ہے اب درد بھی ہے بوجھل سا ہوں پیروں اور منہ پر تھوڑی سوجن بھی دکھائی دیتی ہے اس کیلئے نسخہ تجویز کر دیں۔

جواب محترم ۴۵ سالہ مریض جس کی کمر پر چوٹ کی وجہ سے درد ہے اس کی کمر کے مہروں کے درمیان سوزش اور پانی پڑ گیا ہے جو غدی عضلاتی تحریک کی وجہ سے ہے علاج کے لئے اعصابی کھار اعصابی غدی تریاق ملا کر دیں غذا غدی اعصابی دیں کمر پر گل کیسو ۵۰ گرام اور شاہترہ ۵۰ گرام چار

کلو پانی میں رات کو بھگو کر رکھ دیں صبح ٹھنڈا ہی کمر پر تولیہ رکھ کر پانی ڈالیں اس میں سے نصف گلاس صبح و شام پی بھی لیا کرے ٹکور والے پانی کو سنبھال کر رکھ لیں اور شام کو دوبارہ کام میں لا سکتے ہیں ۱۵ دن یہ علاج کر کے بتائیں اللہ شفاء دے گا۔

آپ اپنے لئے حب شفاء اور غدی اعصابی ملین ملا کر استعمال کریں غذا اعصابی کھائیں عظم جگر و درد ختم ہو جائے گا۔

جریان

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم میری عمر ۲۸ سال ہے نو سال سے جریان ہوا ہے ایک چلتے حکیم سے دوالی سیاہ رنگ کی آٹھ گولیاں تھیں اس سے یہ ری ایکشن ہوا کہ مجھے انتشار بالکل بند ہو گیا اور بغیر انتشار ہی انزال ہونا شروع ہو گیا پھر کافی علاج کرایا جس سے جریان اور احتلام تو ٹھیک ہو گیا مگر دوسرے مسئلے کا حل نہ ہوا آپ اپنا قیمتی مشورہ عنائت فرمایں تاکہ میرا مسئلہ ٹھیک ہو جائے

جواب محترم غیر ذمہ دارانہ علاج کا ہمیشہ یہی نتیجہ ہوتا ہے اب آپ کو شدید غدی اعصابی تحریک ہے غدد ناقلہ کی تیزی کی وجہ سے منی کا اخراج جلد ہو جاتا ہے اور عضلات میں اس قدر ضعف ہے کہ وہ جنسی حرکت کرنے سے معزور ہو گئے ہیں اب آپ ... جاذبہ کو تیز کرنے کی دوا استعمال کریں تاکہ ایک

طرف عضلات طاقتور ہو جائیں اور دوسری طرف وہ بغیر انتشار اور حرکت کے منی کے اخراج کو روکیں اس مقصد کے لیے حب مقوی خاص حب صابر اور غدی عضلاتی ملین ملا کر استعمال کریں ساتھ یہ ٹکور عضو پر تین ہفتہ کریں۔

هو الشافی لونگ دار چینی جائفل جلوتری عقر قرحا رائی

ہر ایک ۳۰ گرام

ترکیب استعمال سب ادویہ کو توڑ پھوڑ کر چھ چھ گرام کی ٹاکیوں میں پوٹلیاں بنالیں دو پوٹلیاں ۵۰ گرام تیل میں گرم کر کے عضو خاص اور خصیوں پر پندرہ بیس منٹ ٹکور کریں اللہ شفاء دے گا۔

ریڑھ کی ہڈی میں درد

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم عرصہ دس سال سے قانون مفرد اعضاء کے تحت حکمت کے فرائض انجام دے رہا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ انقلابی نظریہ ہے جس کے تحت کبھی ناکامی نہیں ہوئی ایک مریض کے حالات درج ہیں مشورہ دیں۔

ایک مریضہ عمر ۵۰ سال چار پانچ سال سے بیمار ہے ڈاکٹروں نے اس کی ریڑھ کی ہڈی سے پانی نکالا ہے اس دوران الٹے جانب فالج ہو گیا ٹی بی اور مثانہ میں پتھری بھی ہو گئی میرے علاج سے اللہ کے فضل سے تمام علامات ختم ہو گئیں مگر ریڑھ کی ہڈی میں پرابلم کی وجہ سے مریضہ اٹھ نہیں سکتی ورزش کی

صورت میں بھی کافی تکلیف ہوتی ہے مگر اب مریضہ کی پیشاب کی جگہ سے کبھی سفید اور کبھی زرد رنگ کا مواد خارج ہونے لگا ہے برائے مہربانی ریڑھ کی ہڈی کے درد کے لئے کوئی مالش کا کوئی بہترین علاج بتائیں غذا کے بارے میں بھی رہنمائی فرمائیں

جواب محترم جس مریضہ کی ہڈی میں پانی پڑ گیا ہے اور اب بھی تکلیف ہے وہ غدی عضلاتی تحریک میں مبتلا ہے جو جگر و غدد کی کیمیائی تحریک ہے آپ اسے جگر کی مشینی تحریک غدی اعصابی میں تبدیل کر دیں اس مقصد کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار ملا کر استعمال کرائیں ساتھ شربت بزوری اور گنے کا جوس یا تربوز لازمی استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں اللہ شفاء دے گا۔

اس کی کمر پر گل کیسو تین تولہ لے کر رات کو ۳ کلو پانی میں بھگو دیں صبح کمر پر تولیہ رکھ کر پانی ڈالیں دو ہفتہ یہ علاج مسلسل کریں یہ عمل روزانہ نئے پھول لے کر کرنا ہے اور یاد رہے کہ ٹکور کا پانی گرم نہیں کرنا بلکہ ٹھنڈی ٹکور ہی کرنی ہے۔

کروٹ لینے سے ہڈیاں ٹوٹ جانا

میرے ایک دوست نے شادی شدہ لڑکی کے بارے میں بتایا کہ وہ سو رہی تھی اچانک اٹھ کر بیٹھی اور اپنے شوہر کو بتایا کہ مجھے ایسے لگا ہے کہ میرے

پیر کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے ڈاکٹروں کو دکھایا تو انہوں نے بتایا کہ یہ ہڈیوں کے کینسر کی آخری سٹیج ہے اسی طرح مریضہ کے جسم کی کوئی نہ کوئی ہڈی ٹوٹ جاتی اور آخر معلوم ہوا کہ محترمہ انتقال کر گئیں۔

اسی طرح ایک بچہ کے بارے میں بھی معلوم ہوا کہ اس کی عمر تین چار سال ہے کروٹ لینے سے اس کی ہڈیاں ٹوٹ جاتی ہیں اس کے ماں باپ بے حد پریشان ہیں اس کے لئے رہنمائی فرمائیں کہ یہ کیا مرض ہے اور قانون مفرد اعضاء میں اس کا کیا علاج ہے ہر ایک کی غذا دوا اور تحریک بتائیں (محمد اقبال ناز نوری کراچی)

جواب جن مریضوں کی ہڈیاں کروٹ لینے سے ٹوٹ جاتی ہیں ان کے خون میں ترشی تیزابیت اور فولاد کی کمی ہو جاتی ہے ایسے مریضوں کو عضلاتی غذا دوا کی ضرورت ہوتی ہے جن میں عضلاتی اعصابی ملین اور عضلاتی غدی شدید ملا کر دن میں تین چار بار کھلائیں ترش لسی یا سکنجبین اور املی آلو بخارے کا پانی اور تمام ترش پھل جن میں جامن فالسہ آلو بخارہ وغیرہ استعمال کرائیں انشاءاللہ مزید ہڈیاں نہیں ٹوٹیں گیں۔

بقیہ صفحہ 90سے آگے

ھو الشافی گل کیسو ۲ تولہ 'اجوائن خراسانی ۲ تولہ 'افتیمون ۲ تولہ' پانی چار کلو۔

ترکیب تیاری تمام ادویہ کو رات کو پانی میں بھگو دیں صبح نیم گرم کر کے کمر اور گردن پر پانی ڈالیں اللہ شفاء دے گا۔

کسی معجون یا جوارش کا شربت بنانا

جناب حکیم محمد یلیین صاحب اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ کیا کسی جوارش کا شربت تیار کیا جا سکتا ہے مثلا جوارش املی کا تاکہ بچوں کو پلانے میں آسانی ہو اگر ممکن ہو تو ازراہ کرم اس کی تفصیل بتائیں مثلا مطلوبہ ادویات کی مقدار اور پانی کی مقدار اور کتنی دیر لایا جائے اگر بھگو کر رکھی جائیں تو کتنی دیر تک رکھی جائیں۔ اور چینی کی مقدار وغیرہ تفصیل سے بتائیں۔

جواب کسی جوارش معجون یا خمیرہ وغیرہ کے شربت بنائے جا سکتے ہیں آپ جس جوارش یا معجون کا شربت بنانا چاہیں تو دوا اور چینی کا تناسب وہی رکھیں مقدار خوراک ماشوں کی بجائے چمچوں میں لکھیں کیونکہ معجون گاڑھا ہوتا ہے اس کی مقدار کم لکھی جاتی ہے اور شربت پتلا ہوتا ہے اس کی زیادہ مقدار دینی پڑے گی (نوٹ) معجون یا جوارش میں اصل دوا شامل رہتی ہے جب کہ شربت میں دوا سے تین گنا پانی ڈال کر رات کو بھگو دیا جاتا ہے صبح دو تین جوش دے کر چھان کر چینی ملا کر شربت کا قوام تیار کیا جاتا ہے شربت کے بارے میں مزید معلومات میری کتاب تحقیقات ادویہ سازی میں درج کی گئی ہیں۔

سوال نمبر ۲ محترم جس طرح آپ نے تحقیقات امراض قلب امراض دماغ اور امراض جگر کے علاوہ دیگر امراض کے علاج کے سلسلہ میں کتب تحریر کی ہیں۔ پھر بھی کچھ پہلو مثلا آنکھ یا بالخصوص پٹھوں کے امراض یعنی آج کل کثرت سے پائی جانے والی تکالیف میں پٹھوں کے درد وغیرہ اسی طرح اگر ان امراض کے

بارے میں سپشلائیزد کتب تحریر کی جائیں تو نئے سیکھنے والوں کے لئے بے حد آسانیاں پیدا ہو جائیں گیں۔

جواب محترم میں حتیٰ المقدور طب کے مختلف موضوعات پر کتب تحریر کر رہا ہوں ابھی ان تکالیف پر تجربات زیر تکمیل ہیں قدرت نے جب حوصلہ افزائی کی تو ان پر الگ الگ کتب تحریر کر کے پیش کر دوں گا۔

سوال نمبر ۳ اگر لیبارٹری ٹیسٹ پیشاب کو ایسڈ تیزابی لکھیں یا کھاری (الکلائین) لکھیں تو کیا بالترتیب ایسے مریضوں کو عضلاتی یا اعصابی سمجھ کر علاج کیا جا سکتا ہے؟

جواب پیشاب کو الکلائن یا ایسڈ تحقیق کر کے یقینی تشخیص اور علاج ممکن ہے۔ بلکہ یقینی ہو گا۔

مہینوں کے مزاج اور علاج

محرک شدید ملین کا استعمال

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم چند سوال لکھ رہا ہوں ان کے جواب دے کر شکریہ کا موقع دیں۔

سوال نمبر ۱ قانون مفرد اعضاء کی رو سے جنوری فروری عضلاتی اعصابی مارچ اپریل عضلاتی غدی ہے لیکن امراض و علامات زیادہ تر اعصابی دکھائی دیتی ہیں جو مریض آتا ہے بد ہضمی بھوک بند منہ سے پانی آنا اور قے وغیرہ کی شکایت کرتا ہے۔ یہ قانون مفرد اعضاء کی تحقیق کے خلاف ہے برائے مہربانی رہنمائی

فرمائیں۔

سوال نمبر ۲ ماہنامہ قانون مفرد اعضاء میں مضمون شائع کرانے کا کیا طریقہ ہے؟ کیا ہمارے لئے بھی کوئی صفحہ خالی ہے یا صرف پڑھتے رہیں؟

سوال نمبر ۳ ابتدا میں قانون مفرد اعضاء میں طریقہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے تھا کہ اعصابی عضلاتی کا عضلاتی اعصابی سے۔ اور عضلاتی اعصابی کا عضلاتی غدی سے اور عضلاتی غدی کا غدی عضلاتی سے اور غدی عضلاتی کا غدی اعصابی سے اور غدی اعصابی کا علاج اعصابی غدی سے اور اعصابی غدی کا اعصابی عضلاتی سے کیا جاتا ہے اب اس اصول پر کوئی بھی طبیب کاربند نہیں ہے اور نہ ہی ہمارے بزرگ یہ طریقہ اختیار کرتے ہیں علاوہ ازیں ابتداء میں محرک و شدید کھلانے کی ہدائت کی جاتی تھی لیکن عام طور پر ابتداء ہی سے تریاق اور اکسیرات کا استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر ۴ کچلہ کو جب بھون کر سفوف بنایا جاتا ہے تو اس کے اوپر روئی سی آجاتی ہے کیا کچلہ کے اوپر آنے والی روئی کو بھی نسخہ جات میں شامل کیا جا سکتا ہے

جواب محترم جنوری فروری مارچ اپریل مہینوں کے مزاج درست لکھے گئے ہیں یہ ضروری نہیں کہ مریض ان مہینوں میں ایسے ہی آئیں جو ان مہینوں کے مزاج ہیں کیونکہ ہر معالج کے پاس اسی قسم کے مریض زیاد آتے ہیں جو اس سے زیادہ شفاءیاب ہوتے ہیں ممکن ہے آپکے پاس غدی مریض زیادہ آتے ہوں یا اعصابی زیادہ آتے ہوں آپ ہر مریض کی تحریک دیکھ کر ہی علاج کریں تو کبھی ناکام نہ ہونگے۔

(۲) ماہنامہ کے صفحات تمام قارئین کے لئے خالی ہیں۔ قانون مفرد اعضاء کے تحت معیاری مضامین لکھ کر ارسال کریں انشاءاللہ لازمی شامل اشاعت کئے جائیں گے۔ مضامین شائع کرانے کی کوئی فیس نہیں ہے۔

(۳) محترم کسی مریض کا علاج درست اور تحریک کے مطابق کرنے سے ہی ممکن ہے لہٰذا جس مریض کو بھی آرام آئے گا اس کا صحیح علاج کیا ہوگا ورنہ شفاء کا تصور بھی ممکن نہیں ہے قانون مفرد اعضاء کے حامل تحریک کے مطابق ہی علاج کرتے ہیں۔ ورنہ اب تک نظریہ بدنام ہو چکا ہوتا۔

(۴) محرک شدید مسہل اکسیر اور تریاق وغیرہ کا استعمال مرض کی شدت خفت کے تحت کیا جاتا ہے البتہ بعض نئے معالج شروع میں ہی اکسیر اور تریاق وغیرہ استعمال کرا دیتے ہیں جو اکثر ناکام رہتے ہیں۔

(۵) کچلہ بھوننے سے اس کا بیرونی پردہ پھول جاتا ہے جب اسے کوٹا جاتا ہے توروئی کی طرح مزید پھول جاتا ہے جو درست ہے اسے بے فکر ہو کر استعمال کریں۔

بندش حیض۔ لیکوریا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم تین مریضوں کے حالات لکھ کر بھیج رہا ہوں ان کے لئے مشورہ عنایت فرمائیں۔

مریضہ نمبر ۱ عمر ۲۷ سال شادی شدہ جسم درمیانہ چہرے پر داغ دھبے ہونے کی وجہ سے بدنما ہو گیا ہے ماہواری بچپن سے ہی بالکل بند ہے ایک بار بھی

نہیں آئی لیکوریا یا نزلہ کبھی کبھار ہوتا رہتا ہے لیکن پھر ٹھیک ہو جاتا ہے پیشاب سفید چار پانچ بار آجاتا ہے پاخانہ کبھی ایک بار کبھی دو بار۔

مریضہ نمبر ۲ عمر ۳۵ سال شادی شدہ جسم فربہ شادی کو ۱۵ سال ہو چکے ہیں اولاد نہیں ہے ماہواری بے قاعدہ ہے کبھی ۲۰ کبھی ۲۸ اور کبھی ۳۰ دن کے بعد آتی ہے اور کبھی دو تین ماہ بند رہتی ہے لیکن پھر شروع ہو جاتی ہے اولاد کے لئے اپریشن بھی کیا لیکن کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔

مریضہ نمبر ۳ عمر ۳۵ سال شادی شدہ صاحب اولاد ہیں لیکوریا سفید کو ۱۵ سال ہو چکے ہیں سب علاج کروا رہی ہے مگر کوئی فرق نہیں پڑا درد کمر درد سر بوجھ گیس جلن معدہ اور کبھی کبھار دورہ بھی پڑتا ہے اور بلڈ پریشر اور خونی بواسیر بھی ہے

جواب (۱) ۳۵ سالہ مریضہ کو عضلاتی غذا دوا استعمال کرائیں جس میں عضلاتی اعصابی ملین، عضلاتی غدی تریاق، اور غدی عضلاتی ملین یا تریاق ملا کر دیں غذا بھی عضلاتی استعمال کرانی ہے اس سے خون بھی جاری ہوگا اور حمل بھی ہو جائے گا۔

(۲) ۲۷ سالہ مریضہ عورت کو بھی مندرجہ بالا عضلاتی علاج بتائیں انشاءاللہ وہ بھی اسی سے شفاءیاب ہو گی۔

(۳) ۳۵ سالہ لیکوریا کی مریضہ کو غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین یا اعصابی کھار ملا کر دن میں تین بار دیں اللہ شفاء دے گا۔

ایک ہی گھر میں ایک ہی قسم کی غذا کھانے والے بچوں کے رنگ مختلف کیوں ہوتے ہیں

سوال نمبر ۱ جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اگر رنگوں کا تعلق اخلاط سے ہے تو ایک ہی گھر میں ایک قسم کی غذا کھانے کے باوجود بچوں کے رنگ مختلف کیوں ہوتے ہیں ؟

میں نے کئی ایسے لوگ دیکھے ہیں جن کا ظاہری چہرہ سیاہ ہوتا ہے لیکن نبض اعصابی ہوتی ہے اور ایک بار ایسا اتفاق بھی ہوا ہے کہ مریض کا رنگ اور نبض عضلاتی اور قارورہ سفید زردی مائل اور مقدار میں ایک سیر کے برابر ہے۔ اور مریض شوگر میں مبتلا ہے اس اختلاف کی وجہ سے ہی میں اس کے علاج میں ناکام ہوا برائے مہربانی رہنمائی فرمائیں۔

جواب ماں باپ اور غذاو خوراک اور ماحول ایک ہونے کے باوجود اولاد کے رنگ مزاج اور شکل و صورت مختلف ہونے کی وجہ یہ ہے کہ انسان کے بدن کے تمام خلیات اڑھائی سال بعد نئے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور پہلے والے تحلیل ہو کر نکل جاتے ہیں لہٰذا نئے خلیات کے زیر اثر نیا پیدا ہونے والا بچہ لازمی پہلے سے مختلف ہو گا اس کی عادات بھی مختلف ہونگی۔

یہی وجہ ہے کہ ایک ہی گھر میں تمام افراد ایک جیسی غذا کھاتے ہیں لیکن بعض اوقات ان میں سے ایک بیمار ہو جاتا ہے حالانکہ دوسرے افراد نے بھی وہی غذا کھائی ہوتی ہے یا بس میں تیس چالیس افراد سفر کر رہے ہوتے ہیں

ان میں سے کسی ایک کو تیل چڑھنا شروع ہو جاتا ہے حالانکہ سب کا ایک ہی ماحول ہے لہٰذا غذا کھانے کے دوران جس فرد کے جسم کو استعمال کی جانے والی غذا کی ضرورت نہیں رہتی وہ بیمار ہو جاتا ہے جب اس کے اندر غذا دوا سے وہ کمی دور کر دی جاتی ہے تو وہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

بھوک بند ہو جانا

سوال نمبر ۲ ایک مریضہ عمر ۲۹-۳۰ سال ہے مریضہ کا بیان ہے کہ وہ ایک عجیب بیماری میں مبتلا ہے بھوک بالکل بند ہے پانی پینے کے لئے ترس رہی ہوں جب پانی حلق سے اتر جائے تو گھر سے بھاگنے پر مجبور ہو جاتی ہوں پانچ چھ بار یہی کچھ ہوتا ہے تین بچوں کی ماں ہوں بچے دودھ کی کمی کی وجہ سے کمزور ہیں ہر وقت پریشان رہتی ہوں۔ ظاہری طور پر مریضہ صحت مند ہے چہرہ سیاہی مائل ہے۔

جواب جس مریضہ کو بھوک بند ہے اور پیاس نہیں لگتی وہ غدی عضلاتی تحریک میں مبتلا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ غدد جاذبہ اتنے تیز ہو گئے ہیں کہ جسم میں آئی ہوئی کسی شے کو پیشاب پاخانہ و پسینہ کی صورت میں نکلنے نہیں دیتے **ظاہر** ہے کہ جب تک پہلے فضلات کا اخراج نہ ہو گا اور معدہ و خون میں خلاء پیدا نہ ہو گا بھوک و پیاس لگنا ناممکن ہے اس کی مثال بالکل اسی طرح ہے کہ کسی برتن میں اس کے منہ تک پانی یا کوئی چیز بھر دی جائے تو اس میں مزید کوئی جانے کی گنجائش اس وقت تک نہ ہو گی جب تک پہلے سے موجود مادہ نکل کر

جگہ خالی نہ کر دے گا ایسی صورت میں مریض کو مزید خوراک کھلانے سے تکلیف بڑھ جائے گی۔ لہٰذا اسے غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار وغیرہ دن میں چار بار استعمال کرائیں۔ غذا بھی غدی اعصابی دیں جونہی پیشاب پاخانہ پسینہ بڑھے گا بھوک پیاس لگنا شروع ہو جائے گی۔

سوال نمبر ۳ قانون مفرد اعضاء کی تحقیقات کے مطابق اگر حاملہ کے جسم میں خشکی کے اثرات غالب ہوں تو لڑکا اور اگر تری کے اثرات غالب ہوں تو لڑکی ہوتی ہے لیکن ایسا نہیں ہوا ایک مریضہ عضلاتی تحریک میں مبتلا ہے اسے بواسیر الانف بھی ہے میں نے اسے عضلاتی غذا تجویز کی کیونکہ وہ لڑکے کی خواہش مند تھی پیدائش کے وقت اعصاب میں تحلیل تھی کہ آپریشن کی ضرورت پیدا ہو گئی لیکن پیدا لڑکی ہوئی۔ کیوں؟

بواسیر الانف اکثر غدی اعصابی تحریک میں ہوتی ہے اس وقت عورت کو غدی اعصابی تحریک ہو گی اگر اس عورت کو حمل کے دو ماہ بعد عضلاتی غدی یا عضلاتی اعصابی تحریک ہو جاتی تو لڑکا پیدا ہو جاتا اس کے بعد اپریشن کی صورت حال سے بچنے کے لئے چھٹے ماہ کے بعد غدی اعصابی اغذیہ استعمال کرانی شروع کر دیں تو ولادت با آسانی ہو جاتی ہے۔

انگلیوں کے ناخن خراب ہونا

جناب حکیم صاحب میری بیوی بلڈ پریشر اور بلڈ شوگر کی مریضہ ہے گھٹنوں میں درد رہتا ہے اس کی انگلیوں اور انگوٹھوں کے ناخن خراب ہو گئے ہیں یہاں تک کہ پیپ پڑ جاتی ہے اس کے لئے کوئی مفید مشورہ دیں تاکہ بلڈ پریشر بھی کنٹرول رہے اور انگلیاں بھی ٹھیک ہو جائیں

جواب محترم آپ اپنی بیوی کو اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی غدی تریاق ملا کر استعمال کرائیں غذا اعصابی دیں بلڈ پریشر زیادہ ہو تو حب شفاء دے سکتے ہیں عضلاتی غذائیں بند کر دیں اللہ شفاء دے گا

کثرت طمث

جناب حکیم صاحب اگر کسی عورت کے رحم کا منہ کھل جائے اور خون کثرت سے جاری ہونے لگے تو اسے فوراً بند کرنے کے لئے کونسی دوادی جائے میں نے اسے اعصابی غدی تریاق دیا تھا جس سے عارضی فائدہ ہوا مگر دوبارہ اسی طرح ہو گیا برائے مہربانی رہنمائی فرمائیں

جواب محترم اخراج خون کو فوراً بند کرنے کے لئے عضلاتی اعصابی غذا دوا استعمال کرائیں، انشاء اللہ فوراً اخراج خون بند ہو گا اور کچھ عرصہ کھلاتے رہیں مستقل آرام آجائے گا

بلادرو شنگرف کااستعمال

جناب محترم حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم ور حمتہ اللہ وبر کاتہ حب ایٹمی کے نسخہ میں بلادر کااستعمال ہے آیابلادر سالم استعمال کرنا ہے یامدبر کر کے ڈالنا ہے چونکہ بلادر زہر میں سے ہے اس لئے انسانی جسم کو نقصان تو نہ دے گا جب کہ یہ گولیاں خوراک کے طور پر
استعمال کرانی ہیں اسی طرح قوت باہ کے نسخہ میں شنگرف ڈالی گئی ہے آیااسے بھی مدبر کرنا ہے یاایسے ہی ڈالنا ہے جواب سے نوازیں

جواب محترم اس نسخہ میں بلادر اتنی کم مقدار میں ڈالا گیاہے کہ نقصان نہیں دیتالہٰذامدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے اسی طرح شنگرف کو بھی مدبر کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہاں اگر مقدار خوراک سے زیادہ کھلائی گئی توپاخانے لگ سکتے ہیں جسم میں خشکی بڑھ سکتی ہے

معدہ پر سوزش ' پیشاب سے بد بو آنا

جناب حکیم صاحب چند مریضوں کے حالات لکھ رہا ہوں ان کے لئے غذادوا تجویز کر دیں

(۱) مریض جس کے معدہ پر سوزش ہے کھانا کھانے پر پھول جاتا ہے بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے عضو تناسل چھوٹا رہ گیا ہے میں نے اعصابی

طلاء اور اعصابی عضلاتی ملین اورا عصابی غدی تریاق دیا جس سے فائدہ تو ہوا مگر بہت کم ہوا ہے آپ کوئی تیر بہدف نسخہ عنایت فرمائیں۔

جواب محترم آپ کے مریض کی تحریک غدی اعصابی ہے علاج کے لئے غدی عضلاتی ملین عضلاتی غدی تریاق اور عضلاتی اعصابی ملین دیں ساتھ عضلاتی غدی طلاء لگانے کے لئے دیں غذا بھی عضلاتی استعمال کرائیں انشاء اللہ تمام علامات ختم ہو جائیں گیں

(۲) ایک مریض جس کے پیشاب سے بو آتی ہے میں نے ریٹھہ اور سنگ یہود والا نسخہ استعمال کرایا تو پیشاب میں جلن شروع ہو گئی ایسا کیوں ہوا آپ اس کا علاج بتائیں

جواب محترم آپ کے مریض کی غدی عضلاتی تحریک ہے علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار ملا کر دیں انشاءللہ بدبو ختم ہو جائے گی۔

(۳) ایک مریض جس کی آنکھوں پر سیاہ حلقے بن گئے ہیں بھوک کم ہے پیاس زیادہ کمزوری بہت زیادہ ہو گئی ہے میں نے اعصابی غذائیں دوائیں دیں تو کوئی فائدہ نہ ہوا مریض نے علاج کرانا چھوڑ دیا

جواب محترم اس مریض کی بھی اعصابی عضلاتی تحریک ہے علاج کے لئے حب اکسیر جدید اور غدی عضلاتی ملین اور عضلاتی غدی تریاق کے ساتھ جوارش کمونی استعماال کرائیں غذائیں عضلاتی غدی سے غدی عضلاتی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا

3۔ مریضہ عمر ۷۰ سال علامات پیشاب کا زیادہ آنا رات کو نیند نہ آنا بھوک اور کھایا پیانہ لگنا طبیعت کا بے چین اور پریشان رہنا رات کو ٹانگوں میں درد ہونا
جواب مریضہ کے معدہ وامعاء میں تیزابیت و تبخیر ہو گئی ہے جس سے غذا جزو بدن نہیں بنتی علاج کے لئے ملین نمبر ۴ ملین نمبر ۲ اور تریاق تبخیر ملا کر دیں ساتھ جوارش کمونی دیں اللہ شفاء دے گا۔

4 ایک مریضہ جسے پیشاب بہت زیادہ آتا ہے بار بار اٹھنے کی وجہ سے رات کو نیند نہیں آتی بھوک کم لگتی ہے کھایا پیا نہیں لگتا طبیعت بے چین رہتی ہے ٹانگوں میں اکثر درد رہتا ہے۔
جواب اس مریضہ کی بھی غدی اعصابی تحریک ہے علاج کے لئے عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی تریاق (تریاق تبخیر) اور غدی عضلاتی ملین ملا کر دیں تمام عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں ایک ہفتہ کے لئے بیسن کی روٹی مسلسل دیں اللہ شفاء دے گا۔

5 ایک مریضہ جس کا جسم بہت کمزور ہے پٹھوں میں اکثر درد رہتا ہے منہ کا ذائقہ کڑوا رہتا ہے جسم میں مالیخولیا کھایا پیا نہیں لگتا جسم میں الرجی کی کیفیت بھی رہتی ہے تاریخ صحیح نہیں آتی تین ماہ بعد آتی ہے ہاتھ پاؤں میں جلن بھی رہتی ہے اور سینے میں بھی جلن رہتی ہے رات کو بے چینی زیادہ ہوتی ہے۔
جواب محترم اس مریضہ کی بھی غدی اعصابی تحریک ہے علاج کے لئے عضلاتی اعصابی ملین عضلاتی غدی تریاق (تریاق تبخیر) اور غدی عضلاتی ملین ملا کر دیں تمام عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں اعصابی غذائیں بند کر دیں اللہ

شفاء دے گا۔

6 ایک مریضہ جسے دو ماہ پہلے فالج ہوا تھا علاج کرنے سے اب ٹھیک ہو گئی ہے عمر ۳۰ سال ہے ماہواری ۵ سال سے نہیں آرہی کھانے کے بعد قے آجاتی ہے قارورہ پیلا آتا ہے کبھی جلن کے ساتھ آتا ہے بھوک بالکل نہیں لگتی اور کبھی بہت زیادہ لگتی ہے پاؤں کی تلیوں کو جلن بھی رہتی ہے پیٹ میں گیس اکثر رہتی ہے جو دماغ کو چڑھتی ہے ۵ سال سے انگریزی دوائیں کھا رہی مگر آرام نہیں ہے۔
جواب محترم اس مریضہ کی غدی اعصابی تحریک ہے اس کے علاج کے لئے عضلاتی غدی تریاق (تریاق تبخیر) اور غدی عضلاتی ملین حب مقوی خاص اور غدی عضلاتی مسہل ملا کر دیں ملا کر دیں تمام عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں ۔اللہ شفاء دے گا۔

7 ایک مریضہ عمر 40 سال قارورہ سفید بار بار آتا ہے کبھی پیلا جلن اور خارش کے ساتھ آتا ہے منہ کا ذائقہ کڑوا دائمی قبض رہتی ہے مینسز ٹھیک نہیں آتے لیکوریا میں لیس دار مادہ خارج ہوتا ہے دل گھبراتا ہے پیڈو میں درد نلوں میں درد پاؤں پر سوزش رہتی ہے ہم بستری کے دوران لیس دار مادہ بہت خارج ہوتا ہے جسم پھول چکا ہے چلنا پھرنا مشکل ہو گیا ہے پیٹ پر بھی ورم ہو گیا ہے۔
جواب اس مریضہ کی تحریک غدی عضلاتی ہے علاج کے لئے اعصابی غدی تریاق اعصابی عضلاتی ملین دیں

اور غدی اعصابی مسہل ملا کر دیں ساتھ شربت بذوری اور الائچی زیرہ سفید کی چائے صبح و شام پینے کی ہدائت کریں تمام اعصابی غدی و اعصابی عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں غدی و عضلاتی غذئیں بند کر دیں مقام ورم پر گل کیسو کی ٹکور کریں پچاس گرام گل کیسو لے کر دو تین کلو پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا کر کے مقام ورم پر کپڑا یا تولیہ رکھ کر پانی ڈالیں اللہ شفاء دے گا۔

8 ایک مریضہ عمر **40** سال شادی کو بیس سال ہو گئے ہیں اولاد نہیں ہے پیشاب اکثر کھل کر سفید آتا ہے پاخانہ ٹھیک آتا ہے قبض نہیں ہے گیس رہتی ہے منہ کا ذائقہ کڑوا مینسز ہر ماہ وقت پر چار دن آتے ہیں لیکوریا نہیں نلوں کو درد رہتا ہے اور پیٹ میں گیس رہتی ہے جسامت میں موٹی ہے جسم پر خارش سوزش سرخ دھپڑ پاؤں کی تلیوں کو جلن اور بازو سو جاتے ہیں سر چکراتا ہے دل گھبراتا ہے۔

جواب محترم اس مریضہ کی غدی اعصابی تحریک ہے اس کے علاج کے لئے عضلاتی غدی تریاق (تریاق تبخیر) اور غدی عضلاتی ملین عضلاتی اعصابی ملین ملا کر دیں **ساتھ** اجوائن دیسی اور پودینہ کا خیساندہ پلائیں تمام عضلاتی غذائیں استعمال کرائیں املی آلو بخارہ کا پانی روزانہ دیں جوارش املی دے سکتے ہیں۔ اللہ شفاء دے گا۔

ہیضہ و پیچش کا اصول علاج

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

آج کل پنجاب میں شدید گرمی ہے گرمی سے بچنے کے لئے جب ٹھنڈی اشیاء کثرت سے استعمال کی جاتی ہیں تو بدہضمی قے دست اور سب سے بڑی خطرناک علامات ہیضہ ہو جاتا ہے جس میں مریض کو اس قدر کمزوری ہو جاتی ہے کہ پانی کی کمی کی وجہ سے اکثر ڈرپ لگانی پڑتی ہے کیا کوئی ایسی دوا ہے جس سے اس خطرناک مرض پر فوراً قابو پایا جا سکے قانون مفرد اعضاء میں ہیضہ کا اصول علاج اور غذائی و دوائی علاج کے بارے میں وضاحت فرمادیں تو مہربانی ہو گی۔

حکیم خادم حسین بھٹی خانیوال

جواب محترم آپ جانتے ہیں کہ قانون مفرد اعضاء ہر حیاتی عضو کی دو تحریکیں تسلیم کرتا ہے ان میں سے ایک ہر عضو کی کیمیائی تحریک کہلاتی ہے جس میں وہ عضو اپنی خلط بناتا بھی ہے اور خون و بدن میں جمع بھی کرتا ہے یہ تحریک اس عضو کی کیمیائی تحریک کہلاتی ہے۔

دوسری تحریک مشینی تحریک کہلاتی ہے جس میں وہ عضو اپنی خلط بنانے کے ساتھ ساتھ خارج بھی کرتا ہے مثلاً جگر اپنی کیمیائی تحریک میں صفراء بناتا بھی ہے اور خارج بھی کرتا ہے اگر یہ تحریک ضرورت سے زیادہ پیدا ہو جائے تو صفراء بدن میں زیادہ جمع ہو جانے کی وجہ سے اماس، تموج، یرقان اور استسقاء جیسی تکالیف پیدا ہو جائیں گیں ان تکالیف یا علامات کا علاج قانون مفرد اعضاء جگر و غدد کی مشینی تحریک پیدا کر کے کرتا ہے تاکہ فالتو صفراء بدن سے خارج ہو جائے۔

جونہی فاضل صفراء خون اوربدن سے خارج ہوناشروع ہوجاتا ہے فوراً مندرجہ بالا علامات یا تکالیف کم ہوناشروع ہوجاتی ہیں مریض پہلے دن ہی سکون محسوس کرتا ہے جب فاضل صفراء مکمل خون سے خارج ہوجاتا ہے تو تمام غیر طبعی علامات (امراض) ختم ہوجاتی ہیں۔

بعض دفعہ جگر کی مشینی تحریک معدہ وانتریوں میں اتنی تیز ہوجاتی ہے کہ مریض کو قے اور دست شروع ہوجاتے ہیں اور مزید بڑھتے جاتے ہیں رکنے کا نام نہیں لیتے مریض کے معدہ اور انتریوں میں درد اور مروڑ شروع ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ مریض کمزور ہوکر نڈھال ہوجاتا ہے ایسی صورت اگر کچھ دیر قائم رہے تو صفراء و حرارت کے کثرت اخراج سے جسم سرد پڑ جاتا ہے تشنج شروع ہوجاتا ہے اور ایک ہی دن کے اندر موتِ واقع ہوجانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اس حالت کو اطباء حضرات ہیضہ کا نام دیتے ہیں ۔ اب قانون مفرد اعضاء اس حالت یا ہیضہ کا علاج جگر و غدد کی کیمیائی تحریک غدی عضلاتی پیدا کرکے کرنے کی ہدایت کرتا ہے جس کا کام صفراء حرارت اور رطوبات کے اخراج کو فوراً روکنا ہے یہی وجہ ہے کہ استاد صابر ملتانیؒ نے ہیضہ کا شرطیہ علاج غدی عضلاتی تریاق (ہیضہ سرخ مرچ رائی) سے عملی طور پر بارہا کرکے دکھایا ہے جو سو فیصد درست ہے جس سے جان بلب اور ہیضہ کی آخری سٹیج پر پہنچا ہوا مریض چند گھنٹوں میں مستقل شفاءیاب ہوجاتا ہے۔

اگر کہیں سرخ مرچ اور رائی نہ ملے تو قانون مفرد اعضاء کے فارما کو پیا

کے غدی عضلاتی سے عضلاتی غدی نسخہ جات ہر دس پندرہ منٹ کے بعد دو گنا سے چار گنا خوراک کھلانے سے مریض شفاءیاب ہوجاتا ہے مکمل صحت بحال کرنے کیلئے چند دن عضلاتی اغذیہ استعمال کرائیں انشاءاللہ کبھی ناکامی نہ ہوگی۔

یادداشت

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ہیضہ کے آخری درجہ میں کسی علاج کے نتیجے میں یا خود بخود بخار ہوجائے تو نوے فیصد شفاء کی امید سمجھی جاتی ہے اس وقت ہونے والے بخار کو اتارنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ یہ شفاء کے لئے طبیعت کی آخری کوشش ہوتی ہے۔

نظامات جسم

مصنفہ حکیم محمد یلیین شاگرد رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانی

اس کتاب میں قانون مفرد اعضاء کے تحت اس حقیقت کی وضاحت کی گئی ہے کہ حیاتی مفرد اعضاء دل دماغ جگر کی طرح جسم انسان میں نظام بھی تین ہی پائے جاتے ہیں (1)غدی نظام (2)اعصابی نظام (3) عضلاتی نظام ان کے علاوہ باقی تمام نظامات انہی کی ماتحت کام کرتے ہیں انہی تینوں نظامات کسی ایک کے تیز یا ست ہونے کی صورت میں تکلیف پیدا ہو جاتی ہے یہ کتاب ماہنامہ قانون مفرد اعضاء کا خاص نمبر ہے

کاغذ سفید قیمت 45 صرف علاوہ خرچہ ڈاک

ابھار پڑنا

جناب حکیم صاحب میرا ایک خاص رشتہ دار ہے جس کی شادی کو کافی عرصہ ہو گیا ہے تین بچے ہوئے اور فوت ہو گئے اس کے بعد علاج معالجہ کرتے رہے تعویز بھی کرائے مگر آرام نہ آیا اس کی علامات درج کر رہا ہوں اس کے مطابق علاج تجویز کر دیں ایک تو اس کی جنسی خواہش بالکل ختم ہو گئی ہے ڈاکٹروں نے جنسی خواہش بیدار کرنے کے لئے انجیکشن لگایا تو اس سے جنسی خواہش تو بیدار ہوئی مگر الٹا بچہ دانی باہر آ گئی جیسے بھینس وغیرہ کو ابھار پڑ جاتا ہے۔

دوسرا میرا ایک دوست ہے اس کی بائیں ٹانگ کے گوشت میں درد ہوتا ہے اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ ٹانگ سوکھ رہی ہے اسکے لئے بھی کوئی نسخہ عنائت فرمائیں

جواب محترم آپ کے رشتہ دار کی بیوی جسے خروج رحم ہو گیا ہے یعنی ابھار پڑتا ہے اسے غدی اعصابی تحریک ہے ایسے سمجھیں کہ اسے رحم کی پیچش ہو گئی ہے۔

علاج کے لئے غدی عضلاتی شدید اور عضلاتی اعصابی ملین ملا کر استعمال کرائیں ساتھ اطریفل زمانی بھی دے سکتے ہیں غذا عضلاتی دیں اللہ شفاء دے گا۔

باقی آپ کے دوست جسے تبخیر ہے اسے بھی عضلاتی اعصابی ملین غدی عضلاتی ملین اور تریاق تبخیر (عضلاتی غدی) ملا کر استعمال کرائیں غذائیں عضلاتی دیں اللہ شفاء دے گا۔

خرابی معدہ و جگر

جناب حکیم صاحب میں معدہ کا قدیم مریض ہوں عمر ۵۰ سال کے قریب ہے پہلے عسر ہضم سے مرض شروع ہوا پھر تیزابیت بڑھ گئی جس کا بے حد انگریزی علاج کرایا مگر جب تک دواز یر استعمال رہتی آرام رہتا جونہی دوا چھوڑ دیتا تو وہی کیفیت ہو جاتی معدہ میں تبخیر بھی بہت زیادہ ہے۔

پیشاب کی حالت یہ ہے کہ اگر پانی خوب پیؤں تو پیشاب صاف ہو جاتا ہے اگر پانی میں کمی ہو جائے تو زردی مائل ہو جاتا ہے آجکل کمر میں بھی درد رہنے لگ گیا ہے رکوع بھی ٹھیک طریقے سے نہیں ادا کر سکتا جیسے ٹانگوں کی رگیں کھینچیں ہوئی ہوں۔ حبیب اللہ سعودی عرب

جواب محترم آپ کے لئے ایک غذا کی پرچی لکھ دی ہے اس پر اعصابی غذائیں کاٹ دی ہیں ان سے مکمل پرہیز کرنا ہے اس کے علاوہ عضلاتی اور غدی اغذیہ استعمال کرنی ہیں دوامیں عضلاتی غدی تریاق تبخیر غدی عضلاتی ملین اور حب اکسیر جدید ملا کر استعمال کریں ساتھ جوارش املی کھا سکتے ہیں صبح ناشتہ کے لئے حلوہ بیضہ مرغ بنالیں اس کا نسخہ یہ ہے۔

ھو الشافی انڈے ۱۶عدد دیسی گھی ایک کلو بیسن ادھ کلو چینی ادھ کلو۔
ترکیب تیاری انڈے توڑ کر چھلکے پھینک دیں اور تین پاؤ دیسی گھی میں ڈال کر پکائیں کچھ دیر بعد انڈے سکڑ جائیں گے تو اتار لیں ایک پاؤ گھی میں بیسن کو بھون لیں اور چینی کا قوام بنا کر تینوں چیزوں کو ملا دیں ٹھنڈا ہونے پر جم جائے گا بس حلوہ بیضہ مرغ تیار ہے ۵۰ گرام صبح ناشتہ کی جگہ استعمال کریں اللہ شفاء دے گا۔

الرجی

جناب حکیم صاحب میں قانون مفرد اعضاء کا طالب علم ہوں الرجی کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ قانون مفرد اعضاء میں الرجی کی کیا تحریک ہے اور اس کا کیا علاج ہے نیز غذا و پرہیز بھی لکھ دیں۔

جواب محترم قانون مفرد اعضاء میں الرجی کوئی بیماری نہیں ہے بلکہ یہ غدی عضلاتی تحریک کے شدید ہونے کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی ایک علامت ہے علاج کے لئے غدی اعصابی غذائیں دوائیں استعمال کرائیں دوا میں حب شفاء چھوٹی چندن والی اور اعصابی عضلاتی ملین و اعصابی کھار ملا کر الائچی زیرہ سفید کی چائے سے استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

سر میں دانے

جناب حکیم صاحب میرے پاس ایک مریض ہے جس کے عرصہ دو اڑھائی سال سے سر میں دانے ہیں جن سے خشک سفید جلد اترتی ہے شروع میں یہ پورے جسم پر تھے اب صرف سر پر ہی رہ گئے ہیں کبھی کبھار دوسرے مقامات پر نکل جاتے ہیں میں اس کی نبض دیکھی جو کبھی عضلاتی اعصابی اور کبھی اعصابی عضلاتی محسوس ہوتی ہے قارورہ سفید سرخی مائل ہے علاج بتائیں

جواب محترم سر پر دانے عضلاتی اعصابی تحریک سے نکل رہے ہیں جس کا مطلب ہے کہ سر کے مسامات بند ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے دانے نکل کر تنگ کرتے ہیں ۔

علاج کے لئے عضلاتی غدی شدید' غدی عضلاتی مسہل اور اکسیر غدی عضلاتی استعمال کرائیں دانوں پر لگانے کے لئے غدی عضلاتی ملین تیل سرسوں میں ملا کر لگائیں غذا عضلاتی دیں اللہ شفاء دے گا۔

اعصابی طلاء

جناب حکیم صاحب آپ نے اپنی کسی کتاب میں مجلوق کے لئے اعصابی طلاء اور نکور کا نسخہ نہیں دیا مہربانی فرما کر نسخہ عنایت فرمائیں۔

جناب حکیم صاحب اعصابی طلاء مجلوق کے لئے استعمال نہیں کرایا جاتا کیونکہ وہ تو پہلے ہی ذکاوت حس اور اعصابی تحریک میں مبتلا ہوتا ہے اسے عضلاتی طلاء لگوائیں اور عضلاتی غذا استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

اگر کسی اور مقصد کے لئے اعصابی طلاء کی ضرورت ہو تو استاد محترم حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانیؒ کی کتاب اسلام اور جنسیات کے صفحہ نمبر ۱٦۵ پر طلاء مقوی شاہی کے نام سے اعصابی طلاء کا نسخہ درج ہے وہاں سے دیکھ کر بنا لیں بہت اچھا نسخہ ہے مجرب ہے۔ افادہ قارئین کے لئے یہاں درج کر رہا ہوں۔

طلاء مقوی شاہی

هو الشافی عطر گلاب' عطر حنا' عطر مشک' ایک ایک حصہ روغن صندل (اگر میسوری ہو تو بہتر ہے) پانچ حصے۔

ترکیب تیاری سب کو ملا لیں بس تیا رہے۔ اعصابی عضلاتی مقوی ہے ضرورت کے مطابق حشفہ اور نیچے کی نالی چھوڑ کر قضیب پر ہلکے ہلکے مالش کریں اس سے آبلے نہیں نکلتے اس سے کجی اور کمزوری اور دبلا پن دور ہو جاتا ہے۔

بازوں کا خود بخود حرکت کرنا

جناب حکیم صاحب میرا ایک عزیز عرصہ دو سال سے مختلف عوارضات میں مبتلا ہے مختلف اطباء حضرات کے زیر علاج رہا مگر مرض بڑھتا گیا

جوں جوں دوا کی! علامات یہ ہیں کہ چھوٹا پیشاب کرنے کے بعد منہ خود بخود کھل جاتا ہے ساتھ ہی دونوں بازو حرکت کرنے شروع کر دیتے ہیں اس کے بعد ہانپنا شروع ہو جاتا ہے پھر منہ کھول کر سانس لینا شروع کرتا ہے عضو تناسل کے ساتھ کپڑا لگنے سے حس پیدا ہو جاتی ہے انتہائی کمزور اور لاغر ہے

جواب محترم آپ کے مریض کے جگر گردے تحریک میں آچکے ہیں جب تک فضلات کا اخراج نہیں ہوتا غدی عضلاتی تحریک رہتی ہے اور جب پیشاب پاخانہ کھل کر آجاتا ہے تو دماغ و اعصاب پر دباؤ کم ہو جاتا ہے اور ان میں تقویت سے منہ کھل جاتا ہے اور بازو حرکت کرنے لگ جاتے ہیں۔

لہٰذا مریض کے اعصاب کو جگانے کی کوشش کریں تاکہ اعصاب کی تسکین ختم ہو جائے اور اعصاب اور دماغ برابر کام کرتے رہیں اس مقصد کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار استعمال کرائیں ساتھ مفرح شاہی بھی دیں غذائیں اعصابی دیں اللہ شفاء دے گا۔ مریض کے سر اور کمر پر خیساندہ بندق کی ٹکور کریں جس کا نسخہ یہ ہے۔

هو الشافی بندق کا چھلکا ۳ تولہ' افتیمون ۳ تولہ' گل کیسو ۳ تولہ' اجوائن خراسانی ۳ تولہ' پانی ۴ کلو۔

ترکیب تیاری سب ادویہ کو رات کو پانی میں جوش دے کر رکھ دیں صبح نیم گرم کر کے سر اور کمر پر پانی ڈالیں۔ پانی زیادہ گرم نہیں ہونا چاہئے۔

+++++++++++++++++++++++++++

منہ کا بائیں طرف مڑنا اور کندھے میں درد

جناب حکیم صاحب ہمارے سکول کے پرنسپل صاحب کے گھر والے کچھ عجیب سی بیماری میں مبتلا ہیں ڈاکٹروں نے سات ہزار کا ایک ٹیکہ لگایا اور کہا کہ اس کا یہی علاج ہے لیکن اس سے کچھ فرق نہ پڑا حمل تھا بچہ پیدا ہوا تکلیف خود بخود ختم ہو گئی اب دوبارہ دو سال بعد حمل ہے وہی تکلیف دوبارہ ہو گئی ہے علامات یہ ہیں۔

پیشاب کی رنگت سفید ہے بڑے پیشاب کی معمولی قبض ہے منہ کا بائیں طرف مڑ جانا بائیں طرف کندھے اور گردن کو درد اور اکڑ جانا زبان بالکل سفید ہے اس کے علاوہ کوئی تکلیف نہیں ہے۔

جواب محترم پرنسپل صاحب کی اہلیہ کو غدی عضلاتی تحریک ہے جس کی وجہ سے دماغ میں سکون ہو کر اعصابی تکالیف ہو رہی ہیں اسی کی وجہ سے منہ کا مڑنا کندھے اور گردن میں درد اور اکڑن ہوتی ہے۔

علاج علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل، اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین یا اعصابی کھار ملا کر استعمال کرائیں ساتھ جوارش شاہی یا خمیرہ گاؤزبان جواہر والا کھلائیں۔ اس کے ساتھ یہ خیساندہ بنا کر مریضہ کے سر اور کمر پر نیم گرم ٹکور کریں جو کم از کم آدھ گھنٹہ کریں غذا اعصابی دیں ایک غذا کی پرچی ساتھ ہے اس پر غذائیں لکھ دی ہیں۔ خیساندہ کا نسخہ یہ ہے۔

بقیہ 66پر دیکھیں

بلغمی کھانسی

جناب حکیم صاحب ایک مریض جسے بلغمی کھانسی رات کو بہت تنگ کرتی ہے کبھی تو اس قدر شدید دورے کی صورت میں ہوتی ہے کہ سانس تنگ ہو جاتا ہے اس کے بازو کہنیوں سے پنجوں تک درد کرتے ہیں گھٹنوں اور پنڈلیوں میں بھی درد ہوتا ہے جسم دبلا پتلا ہے علاج تجویز فرمادیں۔

جواب محترم آپ کے مریض کی غدی عضلاتی تحریک ہے جگر اور گردوں کا فعل درست نہیں ہے خون کا قوام گاڑھا ہو گیا ہے علاج کے لئے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور حب شفاء ملا کر دیں گاؤزبان ملٹھی اور سونف کی چائے بھی ساتھ استعمال کرائیں غذائیں اعصابی عضلاتی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

کثرت حیض

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ جسے ایک ماہ میں دو دفعہ ایام اتے ہیں اور اس قدر کہ جیسے کپڑے کو نچوڑا جائے تو نیچے بوندیں گرتی ہیں ڈاکٹروں نے رحم میں رسولیاں سمجھ کر اپریشن کر دیا مگر فائدہ نہ ہوا مرض تا حال برقرار ہے مریضہ کو اپنے بدن میں روڑے معلوم ہوتے ہیں پیٹ میں ہلکا درد بھی رہتا ہے۔

جواب اس مریضہ کی عضلاتی غدی تحریک ہے اسے عضلاتی اعصابی اغذیہ ادویہ استعمال کرائیں عضلاتی اعصابی ملین کی دو دو گولیاں صبح دو پہر شام دیں جوارش املی یا املی آلو بخارے کا پانی پینے کی ہدایت کریں غذائیں بھی

صرف عضلاتی اعصابی غذائیں دیں ۔

کابوس

جناب حکیم صاحب کابوس دماغی مرض ہے یا اس کا تعلق معدہ سے ہے یعنی یہ کس تحریک میں ہوتا ہے وضاحت فرمائیں ؟

جواب کابوس غدی اعصابی مرض ہے یعنی معدہ کا مرض ہے عضلاتی اعصابی اور عضلاتی غدی غذا دوا سے علاج کریں تو شفاء ہو گی۔

ورم غدد

جناب حکیم صاحب ورم غدد سب ایک ہی تحریک میں ہوتے ہیں مثلاً ناک میں گوشت کا بڑھنا گلے میں ٹانسلر کا بڑھنا وغیرہ یا سب مختلف ہوتے ہیں۔

جواب محترم ورم غدد ایک ہی تحریک میں ہوتے ہیں جو غدی عضلاتی تحریک میں ہوتے ہیں ان کے علاج کے لئے غدی اعصابی سے اعصابی غدی اور اعصابی عضلاتی اغذیہ ادویہ استعمال کرا سکتے ہیں۔

بالوں کا گرنا

جناب حکیم صاحب یوں تو ہم جانتے ہیں کہ بالوں کا گرنا عضلاتی تحریک میں ہوتا ہے اور غدی علاج ہوتا ہے مگر یہاں ایک مریض ہے جس کے سر میں ہر وقت ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے اس نے تیل لگا رکھا ہو۔ یہ کونسی تحریک ہے ؟ اور علاج کیا ہے ؟

جواب یہ بھی غدی تحریک کی علامت ہے اعصابی اغذیہ ادویہ سے علاج کریں انشاء اللہ فائدہ ہو گا۔

لاولد

جناب حکیم صاحب ایک مریض جس کی شادی کو چار سال ہو گئے ہیں اولاد کی نعمت سے محروم ہے میاں بیوی کی بظاہر صحت ٹھیک ہے جراثیم منویہ چیک کرائے تو رپورٹ کے مطابق ایکٹو ۳۵ فیصد تھے کیا یہ مقدار درست ہے یا کم ہے ؟ اگر کم ہے اسے پورا کرنے کے لئے کونسی ادویات استعمال کرائی جائیں پیشاب پاخانہ ٹھیک ہے کبھی کبھار سر درد کی شکایت ہو جاتی ہے۔ برائے مہربانی علاج تجویز فرما دیں۔

جواب محترم آپ کا مریض غدی تحریک میں مبتلا ہے اس کے جراثیم منویہ کی تعداد ۳۵ فیصد تھوڑی ہے کم از کم ۴۵ یا ۵۰ فیصد ایکٹو ہونی ضروری ہے اس کے جراثیم بنتے ہیں مگر مر جاتے ہیں اسی لئے ایکٹو جراثیموں کی تعداد کم رہ جاتی ہے آپ اس کے علاج کے لئے اعصابی غدی سفوف سدا جوانی کے ساتھ اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی غدی تریاق ملا کر استعمال کرائیں سفوف سدا جوانی کی دودھ میں کھیر بنا کر کھانے کی ہدایت کریں انشاء اللہ ایک ماہ مسلسل استعمال سے جراثیم کی تعداد پوری ہو جائے گی ایک ماہ بعد پورٹ دوبارہ کرائیں تو ٹھیک ہو گی تمام اعصابی غدی غذائیں کثرت سے استعمال کرائیں اللہ شفاء دینے والا ہے۔

وجع المفاصل

جناب حکیم صاحب ایک مریض جس کی عمر ۳۲ سال ہے جوڑوں میں درد رہتا ہے تقریباً تمام جسم کے جوڑ متاثر ہو چکے ہیں اٹھنا بیٹھنا اور کام کاج کرنا مشکل ہو چکا ہے جوڑوں پر کسی قسم کی سوجن وغیرہ بالکل نہیں ہے پیشاب بھی زیادہ مقدار میں آتا ہے پاخانہ بھی دن میں دوبار اکثر اور کبھی ایک بار آتا ہے بہت دوائیں استعمال کر چکا ہے مگر فائدہ نہیں ہوا اب قانون مفرد اعضاء کی شہرت سن کر آپ سے رابطہ کر رہے ہیں بہتر مشورہ سے نوازیں

جواب محترم آپ کے مریض کے جوڑوں میں ریاح کے رک جانے کی وجہ سے درد ہوتا ہے جب تک ریاح ختم نہ ہونگے درد ختم نہ ہوگا اس مقصد کے لئے غذائی پرہیز سختی سے کرنا ہوگا یعنی رطوبات والی اور لیس والی غذائیں بالکل استعمال نہ کریں کیونکہ ان سے ریح ہوا پیدا ہونے لگتی ہے ایسی اغذیہ استعمال کریں جن میں لیس دار مادہ نہ ہو مثلاً بیسن یا مکئی باجرہ کی روٹی پکوڑے اوجڑی گوشت دال چنے وغیرہ استعمال کرائیں اس کے برعکس دودھ چاول سویاں بھنڈی توری گاجر مولی شلجم وغیرہ سے پرہیز کرائیں ادویات میں حب صابر حب مقوی خاص اور غدی عضلاتی ملین ملا کر دن میں تین بار دیں اللہ شفاء دے گا۔

بلڈ پریشر

جناب حکیم صاحب ایک مریض جسم موٹا ہے بلڈ پریشر اکثر ہائی رہتا

ہے اور کبھی شاذونادر لو بھی ہو جاتا ہے مگر اکثر ہائی ہی رہتا ہے جب بلڈ پریشر کا دورہ ہوتا ہے تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی مر جائے گا انگلش دوائیں کھانے سے فوراً سکون ہو جاتا ہے مگر بعض اوقات اگر دوا جلدی میسر نہ آئے تو طبیعت بگڑ جاتی ہے اس سلسلے میں قانون مفرد اعضاء کے تحت غذائی علاج کا مشورہ درکار ہے کون کون سی غذائیں استعمال کی جائیں اور کن سے پرہیز کیا جائے ؟

جواب محترم بلڈ پریشر ہائی جسم میں صفراوی مادہ کے جمع ہو جانے کے نتیجے میں ہوا کرتا ہے ذرا سا ضرورت سے زائد صفراء جمع ہوا اور بلڈ پریشر ہائی ہو گیا علاج کے لئے اس جمع شدہ صفرا کو خارج کرنے کی کوشش کریں تو فوراً آرام آجائے گا ایک تو یہ خیال رہے کہ پیشاب کم مقدار کم نہ ہو جائے اور پاخانہ کی قبض نہ ہو جائے پیشاب کم اور پاخانہ کم ہونے سے بھی یہی مراد ہے کہ مادہ اندر جمع ہونا شروع ہو گیا ہے جو بلڈ پریشر ہائی کرنے کا موجب ہوگا علاج کے لئے اعصابی اغذیہ ادویہ استعمال کرائیں جن میں الائچی و زیرہ سفید کی چائے روزانہ استعمال کریں اور جب بلڈ پریشر ہائی ہو جائے تو فوراً کم کرنے کے لئے چھوٹی چندن ایک ماشہ پانی ایک کپ میں ابال کر قہوہ بنا کر پلا دیں فوراً بلڈ نارمل ہو کر سکون ہو جائے گا۔ دوا کے طور پر حب شفاء اعصابی غدی تریاق اور اعصابی عضلاتی ملین استعمال کرائیں غذا بھی اعصابی غدی سے اعصابی عضلاتی استعمال کرائیں ۔

جریان

جناب حکیم صاحب میری عمر بیس سال ہے عرصہ ۵ سال سے جریان کی شکایت ہے شروع مین توجہ نہ دی جب مرض بڑھ گیا تو پتہ چلا کہ یہ تو تباہ کن مرض ہے کافی علاج کرایا مگر آرام نہ آیا اب جریان کے ساتھ ساتھ عضو میں ٹیڑھا پن پیدا ہو چکا ہے منہ کا ذائقہ پھیکا طبیعت میں چڑ چڑا پن جسم میں سستی اور آنکھوں میں چھائیاں سی رہتی ہیں چہرے کا رنگ بھی زردی مائل ہو رہا ہے جسم میں سردی محسوس ہوتی ہے پیٹ میں ہوا گیس رہتی ہے اور پاخانہ دن میں کئی بار پتلا آتا ہے

جواب محترم آپ کے معدہ اور جگر (غدی نظام) کا فعل خراب ہو چکا ہے قانون مفرد اعضاء کے فارما کوپیا سے غدی عضلاتی ملین حب مقوی خاص اور تریاق تبخیر ملا کر کھائیں غدی طلا عضو پر روزانہ ویزلین ملا کر حشفہ چھوڑ کر لگائیں ۱۵ دن لگانے کے بعد عضلاتی غدی ٹکور کریں وراس کے بعد عضلاتی طلاء ۱۵ دن لگائیں تمام عضلاتی غدی غذائیں استعمال کریں اور اعصابی بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

حاملہ عورتوں کی نبض

جناب حکیم صاحب کیا نبض دیکھ کر عورت کے حاملہ ہونے کا پتہ چل سکتا ہے اگر چل سکتا ہے تو یہ کونسی نبض ہو گی۔

جواب محترم جوان عورتوں کی عام طور پر غدی تحریک ہوتی

ہے ان کی عضلاتی تحریک نہیں ہوا کرتی کیونکہ عورتوں نے بچوں کی پیدائش اور ان کی نشو نما کے فرائض اپنے جسم سے پورے کرنے ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کے غدد میں تحریک آنے کی وجہ سے ان کے پستان نشو نما پا کر بڑھ جاتے ہیں اور مردوں کے پستان جوان ہونے پر بھی سکڑے رہتے ہیں ان کی نشو نما نہیں ہوتی اگر عضلاتی تحریک ہو گی تو وہ حمل سے ہی ہو گی چونکہ حمل سولہ سال سے پچاس سال تک قائم ہوتا ہے اس لئے اگر آپ جوان عورت کی نبض عضلاتی محسوس کریں ساتھ دوسری علامات مثلاً خون حیض کی بندش ابکائیں ترش ڈکاریں اور ترش اغذیہ کی طلب وغیرہ ہو تو اس پر حمل ہونے کا حکم لگا سکتے ہیں مگر یہ بات کلی نہیں ہے کسی اور وجہ سے بھی ان کی عضلاتی تحریک ہو سکتی ہے مثلاً خارش چنبل بھگندر اور گڑ قسم کے پھوڑوں کے دوران ان کی نبض عضلاتی ہو سکتی ہے۔

قولنج

جناب حکیم صاحب قولنج کونسی تحریک میں ہوتا ہے اور اس کا علاج کس تحریک سے کرنا ہو گا؟

جواب محترم قولنج کے دوران مریض کی آنتوں میں لیس دار مادہ زیادہ جمع ہو کر سدہ بن جاتا ہے حکماء اس مرض کو ایلاؤس کہتے ہیں جس کا ایلو پیتھی میں کوئی علاج نہیں ہے یہ غدی اعصابی تحریک میں ہوتا ہے اور عضلاتی غدی سے غدی عضلاتی ادویہ سے علاج کیا جاتا ہے جو کامیاب ہوتا ہے۔

عورتوں کے چہرے پر بال

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم محترم ایک نوجوان مریضہ جس کی مونچھوں اور داڑھی کی جگہ تھوڑے تھوڑے بال پیدا ہو رہے ہیں ڈر ہے کہ یہ بال زیادہ بڑھ نہ جائیں ابھی سے ان علاج کیا جائے اس کے برعکس اس کے پستانوں کی نشو نما کم ہو گئی ہے یعنی اس میں مردانہ صفات پیدا ہوتی جا رہی ہیں قانون مفرد اعضاء میں اس کا کوئی کامیاب علاج ہے تو تحریک و علاج اور نسخہ جات تفصیل سے عنایت فرمادیں۔

جواب قانون مفرد اعضا میں بالوں کا مزاج خشک اور اسے عضلاتی مادہ کی پیداوار تسلیم کیا جاتا ہے چونکہ قانون مفرد اعضاء کی رو سے نوجوان مردوں کا مزاج عضلاتی اعصابی سے عضلاتی غدی تک ہے اور بچوں کا مزاج اعصابی غدی سے اعصابی عضلاتی ہے ظاہر ہے کہ نوجوانوں میں عضلاتی مادہ وافر مقدار میں ہوتا ہے ان میں بھی اگر عضلاتی اعصابی اور عضلاتی غدی مزاج کے نوجوانوں میں بالوں کی مقدار کا مشاہدہ کریں تو واضع فرق معلوم ہو گا مثلاً جن نوجوانوں کا مزاج عضلاتی اعصابی تک ہوتا ہے ان کے جسم پر بال مناسب حد تک ہوتے ہیں اس کے برعکس عضلاتی غدی مزاج کے نوجوانوں کی داڑھی مونچھوں کے بال زیادہ ہوتے ہیں بلکہ

سینہ کمر اور ٹانگوں پر بھی سر کے بالوں کی طرح لمبے لمبے بال ہوتے ہیں بعض نوجوان تو کترواتے بھی ہیں۔

عورتوں کے مزاج میں خشکی کی نسبت لطافت زیادہ ہوتی ہے عضلاتی مادہ برائے نام ہوتا ہے جن عورتوں کی تحریک غدی اعصابی ہوتی ہے ان کے سر آنکھوں اور پلکوں کے علاوہ مخصوص مقامات پر ضرورت کے مطابق بال پیدا ہوتے ہیں اس کے برعکس جن خواتین کی تحریک غدی عضلاتی یا عضلاتی غدی ہو جائے تو خشک مزاج کی وجہ سے مونچھوں اور داڑھی کے بال پیدا ہوتے ہیں بلکہ بعض عورتوں کی ٹانگوں اور بازوؤں پر بھی بڑی مقدار میں بال پیدا ہوتے ہیں۔

بعض دفعہ کسی مرض کے علاج کے لیے عضلاتی غدی ادویہ اور اغذیہ کھلانی پڑتی ہیں جس کے نتیجہ میں صحت کے ساتھ مونچھیں بھی نکل آتی ہیں یہ اکثر لڑکی کے نابالغ ہونے کے دنوں کے دوران ہوا کرتا ہے خصوصاً خصیہ وغیرہ یا ان کے جوہر استعمال کیے جائیں مثلاً پروجسٹران وغیرہ کسی نوجوان لڑکی کو کھلائیں جائیں تو اس کے پستان سکڑ جائیں گے اور مونچھیں نکلنا شروع ہو جائیں گی۔

علاج کے لئے غدی اعصابی ادویہ اغذیہ استعمال کرنا شروع کر دیں تھوڑے ہی عرصہ میں پستان ابھرنا شروع ہو جائیں گے مونچھیں اور چہرے کے بال غائب ہو جائیں گے یاد رکھیں علاج مزکورہ کم از کم چھ ماہ

جاری رکھیں اس کے علاوہ چند تدابیر بیان کی جاتی ہیں جن کے استعمال سے بال بدن پر بالکل نہیں اگتے۔بالوں کے علاج کے لئے ہمارے دوست جناب حکیم و ڈاکٹر محمد اشرف مرزا صاحب نے خصوصی نسخہ جات اور تراکیب پیش کی ہیں افادہ قارئین کے لئے پیش خدمت ہیں۔

(۱)بال اکھیڑ کر تالاب کے مینڈک کا خون مل دیا جائے

(۲) کچھوے کا خون مل دیا جائے

(۳) گوہ کی مالش کی جائے

(۴) روغن شاہی طلا کیا جائے اور شہد خالص چندبار طلا کیا جائے۔

(۵) ہڑتال ورقی اجوائن دیسی ہموزن کا لیپ بال موچنا سے نکال کر چند دن اس کا استعمال کریں دوبارہ بال نہ اگیں گے۔

بالوں کی پیدائش روکنے کے لیے جو دوائیں عام طورر مستعمل ہیں وہ جلد کے واسطے اکثر مضر اور مسدد مسام ہوتی ہیں اور پوست کے رنگ کو بگاڑ دیتی ہیں اگر بالوں کو اکھاڑ کر اس مقام پر اسبغول کو تیز و تند سکہ میں پیس کر چند مرتبہ لیپ کیا جائے تو کچھ عرصہ میں بالوں کی پیدائش رک جاتی ہے یا کم ہو جاتی ہے اور اس سے جلد کا رنگ بھی متغیر نہیں ہوتا۔

نسخہ مانع انبات شعر (عمر بھر بال نہ اگنے کا نسخہ)

ھوالشافی۔ بال صفا پوڈر یا استرے سے بال صفا کر کے اس جگہ پر

ایک ڈرام ایکسٹریکٹ کالچی سین گرم پانی میں حل کر کے لگادیں اس طرح چند لگانے سے بال ہمیشہ کے لیے اگنا بند ہو جائیں گے۔

نوٹ۔ کالچی سائی ایک انگریزی دوائی ہے جو عام میڈیکل سٹوروں سے دستیاب ہو سکتی ہے اسے سورنجاں کا رُب بھی کہتے ہیں کالچی سین اس کے جوہر کا نام ہے۔

عانہ (پیڑو) ذقن (ٹھوڑی) اور بغل میں زمانہ دراز تک بال نہ اگنے کا نسخہ

ھوالشافی۔(۱) کھڑیا مٹی اور سفیدہ قلعی ہم وزن پھٹکڑی نصف لیکر آب بھنگ میں حل کریں۔

(۲) تخم بھنگ کو سرکہ میں پکا کر اس میں حل کریں اور ان مزکورہ مقامات پر مداومت کے ساتھ طلا کریں اس ترکیب سے ان مقامات پر بال دیر سے اگیں گے یا مطلقاً نہیں اگیں گے۔

(۳) پنجاب ہریانہ میں جانڈ (جنڈ) یا جنڈی نام کا ایک درخت پایا جاتا ہے بساکھ جیٹھ میں اس کو خوب پھل آتا ہے کچے پھل کو سانگر کہتے ہیں جب یہ پک جاتا ہے تو اسے جھینجھ کہتے ہیں یہ حد درجہ قابض ہوتا ہے جس جگہ کے بال عمر بھر کے لیے ناپید کرنے ہوں پہلے اس جگہ کو استرے سے خوب صاف کریں پھر سانگر کا لیپ کریں تین دن تک یہ عمل کریں بال عمر

بھر نمودار نہیں ہونگے

(۴) پیچ قرطم (پولیاں) لیکر ان کے مغز نکال لیں اور کولھویا مشین میں ان کا تیل نکال لیں جہاں کے بال اڑانا مقصود ہوں پہلے بال صاف کر کے وہاں اس تیل کو تین دن میں روزانہ دو یا تین بار لگائیں بال ہمیشہ کے لیے اڑ جائیں گے۔

شدید خارش

جناب حکیم صاحب ایک مریض جس کے پورے جسم پر شدید خارش ہوتی ہے تمام جسم پر خارش کر کر کے زخم پیدا ہو گئے ہیں اور جلد سخت ہو گئی ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اندر چنبل کی طرح گلٹیاں سی بن گئی ہیں اس کا دوائی و غذائی علاج تحریر فرمائیں۔

یاد رکھیں خارش، دھدر، چنبل کی صورت میں مقام ماؤف کے پسینہ لانے والے غدد (غدد ناقلہ) کے منہ بند ہو جاتے ہیں پسینہ آنے کی صورت میں کھل جاتے ہیں جس سے فاضل مادے خارج ہو جاتے ہیں اور خارش وغیرہ ختم ہو جاتی ہے یہی وہ ہے کہ خارش کے مریض رات کے وقت خارش زیادہ کرتے ہیں اور گرمیوں کی نسبت سردیوں میں یہ تکلیف زیادہ ہوتی ہے کیونکہ سردی سے جلد کے مسامات بند ہو جاتے ہیں اور دن کے وقت گرمی کی وجہ سے کسی حد تک مسامات کھلے ہوتے ہیں جس سے

خارش کم ہوتی ہے لہٰذا خارش دھدر اور چنبل کا علاج یہی ہے کہ پسینہ لانے والے غدد ناقلہ کے منہ کھول دئے جائیں اس مقصد کے لے بھپارہ اور دھونی کے اعمال کئے جاتے ہیں۔ جس سے جلد کے مسامت کھل جاتے ہیں۔

قانون مفرد اعضاء کے فارما کو پیا کے غدی عضلاتی ملین حب اکسیر جدید المعروف مصفی خون اور غدی عضلاتی مسہل ملا کر صبح دوپہر شام کھلائیں خارش والی جگہ پر لگانے کے لئے غدی عضلاتی ملین بیس تولہ میں ایک تولہ نیلا توتیا ملا کر سفوف بنالیں اور مقام ماؤف پر تیل اور آک کے پتوں کا پانی ملا کر لگائیں روزانہ رات کو لگائیں اور صبح گرم پانی سے دھولیں ٹھنڈا پانی استعمال نہ کریں انشاء اللہ چند دن میں خارش ختم ہو جائے گی۔

یاد رہے کہ

خارش کے مریض کو قبض نہ ہونے دیں اسی لئے اسے غدی عضلاتی مسہل دیا جاتا ہے مگر بعض اوقات اس مسہل سے پیچش اور جلاب شروع ہو جاتے ہیں جس سے مریض گھبرا جاتا ہے اور اسے کمزوری ہونے لگتی ہے اس لئے مریض کو دوا دیتے وقت ہدایت کریں کہ اگر پاخانہ ایک دو بار سے زیاد جہ آئے تو غدی عضلاتی مسہل کی مقدار کم کر دے یا بند کر دے

آک کے پتوں کا پانی نکالنے کا طریقہ

آک کے تازہ پانچ چھ پتے لے کر انہیں مٹی سے صاف کر لیں یعنی دھولیں اور توے پر تھوڑا گرم کر کے نچوڑ لیں یا کوٹ کر پانی نکال لیں۔ گرم کرنے سے فوراً تمام پانی نکل جاتا ہے۔ اگر زیادہ مقدار میں پانی کی ضرورت ہو تو جوسر مشین سے بھی نکالا جا سکتا ہے۔

بول بستری

جناب حکیم صاحب میرا تیرہ سالہ فرزند جسے بول بستر کی شکایت ہے کافی علاج کرائے مگر فائدہ نہ ہوا علاوہ ازیں حلق میں کوئی چیز گرتی رہتی ہے اور وہ اس کو نگلتا رہتا ہے سر بھاری رہتا ہے اکثر شدید نزلہ ہو کر بخار ہو جاتا ہے آپ کے نظریہ مفرد اعضاء کی کتب میرے مطالعہ میں ہیں قانون مفرد اعضاء کے تحت علاج تجویز فرمادیں

جواب محترم بچہ اعصابی تحریک میں مبتلا ہے علاج کے لئے عضلاتی اعصابی ملین، غدی عضلاتی ملین ملا کر استعمال کرائیں غذائیں بھی عضلاتی دیں تمام اعصابی اغذیہ بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

مرگی کا دورہ

جناب حکیم صاحب میں تقریباً تین سال سے ہومیو پیتھک اور قانون مفرد اعضاء کے تحت لوگوں کی خدمت میں مصروف ہوں بارہ تیرہ کتب کا مطالعہ بھی کیا ہے اور ماہنامہ بھی مسلسل جاری ہے ایک مریضہ کے

حالات لکھ رہا ہوں علاج تجویز فرمادیں

مریضہ عمر ۲۵/۲۶ سال غیر شادی شدہ تقریباً ۱۲ سال سے مرگی کے مرض میں مبتلا ہے مختلف ڈاکٹروں سے علاج کرایا علاج کے ساتھ مرض میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہا صحت بہت کمزور ہے رنگ زردی مائل ہے زبان انتہائی سفید زردی مائل ہے پیٹ میں معمولی مروڑ رہتا ہے سر چکراتا ہے خون کی کمی ہے مرگی کا دورہ ایک سال پہلے کم تھا دورے کی طاقت بھی کم تھی غم کی باتوں سے بہت غم زدہ ہوتی ہے اور روتی ہے نبض درمیانی انگلی پر زیادہ محسوس ہوتی ہے یہ تو کنفرم ہے کہ نبض عضلاتی نہیں ہے قارورے کا رنگ انڈے کی زردی کی طرح زردی مائل ہے۔

جواب محترم آپ کی مریضہ کی غدی عضلاتی تحریک ہے علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں اور عضلاتی غذائیں بند کر دیں دورہ کے وقت ان ادویات کو بطور نسوار مریضہ کو سونگھائیں اللہ شفاء دے گا۔

خرابی معدہ

جناب حکیم صاحب عرض یہ ہے کہ مجھے رمضان شریف میں پیٹ میں خرابی ہوئی تھی علاج کیا مگر کچھ عرصہ بعد پھر وہی کیفیت ہو گئی اب پیٹ میں ہلکا درد ہوتا ہے اور ساتھ جان میں بھی درد ہوتا ہے ہاتھ پاؤں

جلن کے ساتھ سن بھی ہو جاتے ہیں کبھی سر چکراتا ہے ساتھ کمزوری محسوس ہوتی ہے پیٹ میں وزن محسوس ہوتا ہے پاخانہ صبح کو دوبار آتا ہے اور پتلا ہوتا ہے علاج تجویز فرما کر دوا وی پی کر دیں۔

جواب محترم آپ کے معدہ اور جگر کا نظام بگڑ گیا ہے انتریوں میں سدے اور لیس جمع ہو گیا ہے جس کی وجہ سے درد ہوتا ہے اور پاخانہ پتلا دوبار آتا ہے علاج کے لئے غدی عضلاتی ملین عضلاتی غدی تریاق اور عضلاتی اعصابی ملین اور جوارش املی استعمال کریں تینوں گولیاں ملا کر دن میں تین بار صبح دو پہر شام ہمراہ اجوائن پودینہ کے قہوہ سے استعمال کریں اور جوارش صبح و شام دوبار کھائیں تمام لیس دار اعصابی غذائیں بند کریں اور ترش و سرخ رنگ کی اشیاء استعمال کریں غذا کی پرچی ہمراہ ہے اس پر جو غذا کاٹ دی ہے اسے بند کر دیں اور باقی میں سے جسے پسند کریں کھائیں۔ اللہ شفاء دے گا۔

بوجہ کمزوری لڑکھڑا کر گر جانا

جناب محترم حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ چند مریضوں کی ہسٹری تحریر کر رہا ہوں ان کے علاج کے لئے رہنمائی فرمائیں

سارا اقبال عمر تین سال ہے بچپن ہی سے کمزور ہے جسمانی رنگت زرد ہے ابتداء میں یہ سوتے میں چونک جاتی تھی اسے جھٹکے لگتے تھے اب تک یہ صرف امی ابو سیکھ سکی ہے چلتے وقت لڑکھڑاتی ہے اور اکثر گر پڑتی ہے

بظاہر اس کی جسمانی اور ذہنی نشو نما slow معلوم ہوتی ہے برائے کرم اس سلسلے میں رہنمائی فرمائیں اور علاج تجویز فرمائیں۔

جواب محترم اس بچی کی غدی عضلاتی تحریک ہے اعصابی نظام کمزور ہو گیا ہے علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں جن میں گلقند مربہ گاجر الائچی و زیرہ سفید کی چائے اور شربت بزوری شامل ہے دیں اور عضلاتی غذائیں بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

منی میں سپرم نہ بننا

ایک مریض عمر ۳۵ سال ہے دس سال سے بے اولاد ہے سمن رپورٹ کے مطابق سپرم بالکل نہیں ہیں مزید حقیقت حال یہ ہے کہ جسم پتلا رنگت زرد قارورہ زرد تین چار بار روزانہ گرمیوں میں اکثر صفراوی بخار ہو جاتا ہے وہ دھوپ میں مزدوری کرتا ہے۔

جواب اس مریض جس کے جسم میں صفراء کی کثرت اور حرارت کی زیادتی کی وجہ سے جراثیم کی پیدائش بند ہے اگر کوئی جراثیم پیدا ہوتا ہے تو وہ مر جاتا ہے علاج کے لئے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی غدی سفوف مغلظ منی صبح دو پہر شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں اگر سفوف مغلظ کی دودھ میں کھیر بنا کر استعمال کی جائے تو

زیادہ بہتر ہے تمام اعصابی غدی غذائیں استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

ریاح کی کثرت

ایک دوسرا مریض عمر ۳۰ سال ہے اس کا جسم موٹا اور سخت ہے پیٹ سخت ریاح سے بھرا ہوا ہے رنگت سفید قارورہ تین بار کم مقدار میں آتا ہے ذہنی طور پر بہت مایوس اور پریشان رہتا ہے۔

جواب اس مریض کی غدی اعصابی تحریک ہے اسے علاج کے لئے حب سنگدانہ عضلاتی غدی تریاق اور عضلاتی اعصابی ملین اور جوارش املی ملا کر استعمال کرائیں تینوں گولیاں ملا کر دن میں تین بار صبح دوپہر شام ہمراہ اجوائن پودینہ کے قہوہ سے استعمال کریں اور جوارش صبح و شام دو بار کھائیں جب بھی پیاس لگے تو املی آلو بخارہ کا پانی پلائیں تمام لیس دار اعصابی غذائیں بند کریں اور ترش و سرخ رنگ کی اشیاء استعمال کریں غذا کی پرچی ہمراہ ہے اس پر جو غذا کاٹ دی ہے اسے بند کر دیں اور باقی میں سے جسے پسند کریں کھائیں۔ اللہ شفاء دے گا۔

پنڈلی میں شدید درد

ایک مریض عمر ۵۰ سال اس کی بائیں پنڈلی اور گھٹنے کے درمیان میں شدید درد رہتا ہے اس جگہ زرد رنگ کا پانی بھر جاتا ہے ڈاکٹروں نے اگر پانی نکال دیا ہے تو درد میں آرام آجاتا ہے اور کچھ دن بعد پھر پانی بھرنا شروع

ہو جاتا ہے اس کا قارورہ زرد اور تین چار بار روزانہ آتا ہے ریاح شکم اور کسی قدر قبض بھی رہتی ہے بدن درمیانہ ہے لیکن اب مستقل تکلیف کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہے

جواب اس مریض کے غدد جاذبہ تیز ہو گئے ہیں جسم سے فاضل رطوبات کو اخراج کا موقع نہیں دیتے جبکہ غدد ناقلہ کمزور ہونے کی وجہ سے فاضل رطوبات کو خارج نہیں کر سکتے جس کی وجہ سے پانی دوبارہ بھر جاتا ہے جو درد اور تکلیف کا باعث بنتا ہے اس کی غدی عضلاتی نبض ہو گی علاج کے لئے غدی اعصابی مسہل اعصابی عضلاتی ملین اور اعصابی کھار استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں اور عضلاتی غذائیں بند کر دیں درد والی جگہ پر یہ ٹکور کرائیں

ھوالشافی گل کیسو ۳۰ گرام افتیمون ۳۰ گرام اجوائن خراسانی ۱۰ گرام پوست خشخاش ۱۰ گرام پانی چار کلو

ترکیب تیاری سب کو رات کو پانی میں ابال کر رکھ دیں صبح ٹھنڈا ہی درد والی جگہ پر تولیہ رکھ کر پانی ڈالیں روزانہ دو بار یہ عمل کریں اور ایک بار کم از کم ۲۰ منٹ تک پانی ڈالیں انشاءاللہ درد ختم ہو جائے گا اور دوبارہ پانی بھی نہیں بھرے گا۔

جسم پر گلٹیاں بننا

ایک مریض جس کا بدن درمیانہ جسم بھاری سخت جان ہے مسئلہ یہ ہے کہ جسم میں ۵۰ کے لگ بھگ گلٹیاں ہیں جن میں درد نہیں ہوتا اور سر کے بال تیزی سے سفید ہو رہے ہیں قوت باہ بھی کمزور ہے قارورچوبیس گھنٹوں میں تین چار بار مناسب مقدار میں ریاح شکم معمولی ہے۔

جواب اس مریض کی عضلاتی غدی تحریک ہے علاج کے لئے حب اکسیر جدید غدی اعصابی مسہل تریاق اصفر اور اعصابی کھار استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں اور عضلاتی غذائیں بند کردیں

جسم کے کسی حصہ کا سُن ہونا

ایک مریضہ رنگت سفید جسم قدرے بھاری آپ کے دواخانہ کی تیار شدہ حب زرینہ استعمال کرائی جس کے استعمال سے دو ماہ قبل بیٹا پیدا ہوا اب ڈیٹ کا مسئلہ بڑھا ہوا ہے بچہ اپریشن سے پیدا ہوا ہے اس کے دائیں ران کے مخصوص چھوٹے سے حصے میں سن ہونے کا احساس حمل کے دوران بھی تھا اور اب بھی ہے قارورہ زرد ہے ریاح شکم پیدا ہوتے ہیں اکثر پاخانہ کٹواں آتا ہے اور کبھی بوجھ زیادہ پڑتا ہے اور مقام رحم پر بھی کبھی کبھی درد اور بوجھ ہوتا ہے۔

جواب اس مریضہ کی تحریک بھی عضلاتی غدی سے غدی عضلاتی ہے علاج کے لئے غدی اعصابی ملین اعصابی عضلاتی ملین اور

حب شفاء استعمال کرائیں غذائیں اعصابی دیں اور عضلاتی غذائیں بند کردیں اللہ شفاء دے گا

بچہ اپریشن سے پیدا ہونا

حکیم صاحب یہ بھی واضح فرمادیں کہ میں دو تین خواتین کو حب زرینہ استعمال کرائی ہے ان سب کے بیٹے پیدا ہوئے ہیں لیکن اپریشن سے پیدا ہوئے ہیں کیا حب زرینہ سے یا کسی اور وجہ سے اپریشن تک نوبت پہنچی ہے وضاحت فرمادیں۔

جواب محترم حب زرینہ کے نسخہ میں ایسی کوئی چیز نہیں جو پیدائش اپریشن ہونے کا سبب بنے یہ رحم کی کمزوری ہوتی ہے جس کی وجہ سے اپریشن کرنا پڑتا ہے اس صورت حال سے بچنے کے لئے حمل کے ساتویں آٹھیں اور نویں ماہ غدی اعصابی اغذیہ کا استعمال شروع کرادینا چاہئے اگر ممکن ہو تو آخری ماہ کوئی غدی اعصابی دوا بھی دے دی جائے تو انشاء للہ اپریشن کی ضرورت نہیں پڑتی۔

سوزش رحم

ایک مریض عمر ۶۵ سال اس نے تیس سال پہلے اولاد کے سلسلے میں DNC کروائی سوزش رحم ہوئی جب سے اب تک مبتلائے الم ہے اس کی مزید حقیقت یہ ہے کہ قبض رہتی ہے اس کے بقول پیٹ اور چھاتی پیچھے کی طرف مسلسل کھینچا رہتا ہے سارے بدن میں کھنچاؤ اور شدید جلن رہتی

ہے جس کی وجہ سے شدید بے چینی اور بے خوابی کا شکار ہو گئی ہے سارے جسم میں درد شدید گھبراہٹ اور بار بار گھونٹ گھونٹ پانی پیتی رہتی ہے BP ٹھیک رہتا ہے پنڈلیاں اور پاؤں کے تلوے بھی کھنچاؤ کا شکار رہتے ہیں شدید کڑل پڑتے ہیں مقام رحم پر بوجھ اور جسم کا باہر آنا' درد سر اور آنکھوں کی جلن بھی ہوتی ہے قارورہ چوبیس گھنٹوں میں تین چار بار اور زرد آتا ہے مذکورہ بالا تکلیف کی وجہ سے مسلسل روتی رہتی ہے اور موت کی تمنا کرتی ہے براہ کرم اس کے متعلق رہنمائی فرمائیں۔

جواب محترم اس مریضہ کی بھی غدی عضلاتی تحریک ہے کیونکہ سوزش رحم میں ہو یا جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو غدی عضلاتی تحریک کے نتیجے میں ہی ہوا کرتی ہے کیونکہ اس تحریک میں غدد جاذبہ تیز ہو جاتے ہیں جو مواد کو جسم میں جذب کرنے کے عمل کو تیز کر دیتے ہیں اس کے برعکس غدد ناقلہ جسم کے ذمہ مادوں کے اخراج کا کام ہوتا ہے وہ کمزور ہو جاتے ہیں لہذا ان فاضل مادوں کے جسم میں رک جانے کی وجہ سے جسم کے کسی حصہ یا رحم میں سوزش ہو جایا کرتی ہے۔

علاج کے لئے غدد ناقلہ کو تیز کرنے کی غذا اور دوا استعمال کرائیں جس میں غدی اعصابی ملین اگر قبض ہو تو غدی اعصابی مسہل دیں ساتھ اعصابی عضلاتی ملین اعصابی کھار وغیرہ بھی دیں تاکہ جلدی فائدہ ہو جائے تمام غدی اعصابی اغذیہ استعمال کرائیں اور غدی عضلاتی و عضلاتی غدی غذائیں بند کر دیں انشاء اللہ چند دنوں میں سوزش ختم ہو جائے گی۔

بلڈ یوریا

جناب حکیم صاحب میرا ایک دوست ایک خطرناک بیماری میں مبتلا تھا ڈاکٹر کہتے تھے کہ بلڈ یوریا ہے وہ بلڈ یوریا کا علاج کرتے رہے جس سے تکلیف اور زیادہ ہو گی آخر وہ فوت ہو گیا برائے مہربانی قانون مفرد اعضاء میں بلڈ یوریا کی تشخیص و علاج تحریر فرمادیں۔

جواب بلڈ یوریا کوئی مرض نہیں ہے بلکہ پیشاب کے رک جانے سے خون کا زہریلا ہو جانا ہی بلڈ یوریا کہلاتا ہے جو گردوں کے کام چھوڑ دینے کی ایک علامت ہے تندرستی کی حالت میں روزانہ ڈیڑھ سیر پیشاب خارج ہوتا ہے پیشاب خون سے نکلا ہوا اور فاسد اور فاضل مادہ ہوتا ہے جس کے مسلسل اخراج سے خون صاف ہوتا رہتا ہے اگر کسی مریض کو بدقسمتی سے پیشاب خارج نہ ہو یا کم ہو تو وہ فاضل مادہ خون ہی میں رہ جاتا ہے جس سے خون کا قوام بگڑ کر زہریلا ہو جاتا ہے اسی حالت کو حکماء تسمم بولی بھی کہتے ہیں۔

قانون مفرد اعضاء اور بلڈ یوریا

قانون مفرد اعضاء بلڈ یوریا کو غدد جاذبہ کا ضرورت سے زیادہ تحریک و تیزی میں آنے کی وجہ قرار دیتا ہے اس وقت ایسے مریض کے غدد ناقلہ (اپنا خون سے فضلات نکالنے کا کام) چھوڑ چکے ہوں یہ سب کچھ غدی عضلاتی تحریک کا نتیجہ ہے جس کے باعث پیشاب کم مقدار میں آتا ہے

مریض کے سانس سے پیشاب کی بو آتی ہے پیشاب کی مقدار کم ہونے کے باعث اگر مثانہ میں سلائی داخل کی جائے تو پیشاب کا ایک قطرہ بھی نہیں ہوتا جس کے باعث جسم ڈبل روٹی کی طرح پھولنا شروع ہو جاتا ہے اور سوالقنیہ کا شبہ ہونے لگتا ہے مریض کا دل صفراء و حرارت کی کثرت کی وجہ سے پھیل کر بڑھ جاتا ہے۔

علاج چونکہ قانون مفرد اعضاء بلڈ یوریا کو جگر و غدد کی کیمیائی تحریک غدی عضلاتی قرار دیتا ہے اس لئے اس کے علاج کے لئے غدی اعصابی تحریک پیدا کرنا ہوگی تاکہ غدد ناقلہ تیز ہو پیشاب کا اخراج شروع ہو سکے۔

یاد رکھیں خون میں غدد جاذبہ صفراوی رطوبات شامل کرتے ہیں اور غدد ناقلہ فاضل رطوبات کو پیشاب کی صورت میں خارج کرتے ہیں لہٰذا غدی اعصابی ادویہ اغذیہ استعمال کرا سکتے ہیں۔ قانون مفرد اعضاء کے فارما کوپیا کے غدی اعصابی سے اعصابی غدی مجربات بے حد مفید ہیں۔

ایک فوری تدبیر

بلڈ یوریا کے مریض کو جہاں اندرونی طور پر ادویات استعمال کراتے ہیں وہاں بیرونی تدبیر بھی بعض اوقات بڑی موثر ثابت ہوتی ہے۔ گل کیسو ۵۰ گرام ۳ کلو پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا کر لیں اور مریض کے پیڈو پر تولیہ رکھ کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالیں یہ عمل کم از کم نصف گھنٹہ کریں اور دن میں دوبار صبح و شام کریں اللہ شفاء دے گا

صحت مند انسان کی نبض

اگر کوئی صحت مند آدمی ہماری حکمت کو پرکھنے کے لئے اپنی نبض دکھائے اور ہم اس نبض کے مطابق مرض بتادیں گے جو بعد میں مزاق کا باعث بنے گی مہربانی فرما کر بتائیں کہ نبض دیکھنے سے یہ کیسے معلوم ہوگا کہ یہ صحت مند آدمی ہے حکیم محمود علی

جواب جناب حکیم محمد علی صاحب دنیا میں جتنے بڑے بڑے علاج کے طریقے ہیں ان میں ہر ایک نے انسانی صحت کو اعتدال پر رکھنے اور بگڑی ہوئی صحت کو واپس لانے کے لئے مخصوص نظریات قائم کر رکھے ہیں۔

کسی نے نمکیات کی کمی بیشی کو مرض اور ان کے اعتدال کو صحت قرار دیا ہے طب یونانی اور قانون مفرد اعضاء نے اخلاط کی کمی بیشی کو مرض اور ان کے اعتدال کو صحت قرار دیا۔

اخلاط کی کمی بیشی معلوم کرنے کے لئے طب یونانی اور قانون مفرد اعضاء میں قارورہ اور نبض کو ملاحظہ کیا جاتا ہے۔

قانون مفرد اعضاء نے بار بار کے تجربات سے اخلاط کے ساتھ نبض کو منطبق کیا ہے جو اس طرح ہے کہ

بلغم کے ساتھ اعصابی نبض سودا کے ساتھ عضلاتی نبض اور صفراء کے ساتھ غدی نبض ہوتی ہے اخلاط کی کمی بیشی کے تحت نبض چلتی ہے اگر کوئی اخلاط اعتدال سے ہٹتی ہے تو نبض بھی اس کے ساتھ کم و بیش ہوتی ہے جو

اعتدال کی حالت میں بھی ہر انسان میں کوئی نہ کوئی خلط دوسری اخلاط سے کم و بیش ہو گی لہٰذا نبض دیکھتے ہی معالج اس شخص کو خلط (نبض) کے مطابق علامات بتائے گا جو اس شخص میں لازمی طور پر کم و بیش پائی جائیں گی۔

یادداشت

یہ ناممکن ہے کہ کوئی شخص سو فیصد صحت مند ہو کیونکہ اخلاط کسی انسان میں سو فیصد برابر مقدار میں جمع نہیں ہو سکتیں لہٰذا سو فیصد صحت کا پایا جانا ممکن نہیں ہے۔

مقابلہ حسن مقابلہ صحت

آپ نے اخباروں میں پڑھا ہو گا کہ فلاں ملک میں مقابلہ حسن و مقابلہ صحت ہوا اور فلاں شخص حسین و صحت مند قرار دیا گیا۔ یعنی ایک شخص کو انعام و اکرام دیا جاتا ہے باقی ہار جاتے ہیں۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا جیتے ہوئے شخص کے سوا باقی تمام بیمار تھے یا بد صورت تھے؟

اگر کوئی صحت مند آدمی آکر معالج کو نبض دکھائے اور معالج اسے کوئی علامت بتا دے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ اس نے تو صحیح کیا ہے اگر کوئی مزاق کرتا ہے تو اس کی یہ نااہلی ہو گی کیونکہ اسے مرض کی حقیقت کا پتہ نہیں ہوتا۔

درد دل کی تحریک و علاج

جناب حکیم صاحب قلب کی تحریک میں تیزابیت بڑھ جاتی ہے یعنی عضلاتی اعصابی تحریک میں درد دل ہوا کرتا ہے کیونکہ سردی خشکی سے خون کی نالیاں سکڑ کر رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں جس سے درد ہوتا ہے عضو کا سکون اور تحلیل کی حالت میں درد نہیں ہو سکتا تو مسئلہ یہ ہوا کہ درد جگر میں صفراء غالب ہو گا تحریک غدی عضلاتی ہو گی یہ بتائیں کہ صفراء کی زیادتی جگر کیسے کرتا ہے۔ اور درد جگر درد طحال کس تحریک میں ہو گا؟

جواب یاد رکھیں درد دل عضلاتی اعصابی تحریک میں نہیں ہوتا بلکہ عضلاتی غدی تحریک میں ہوتا ہے۔

یادداشت

یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ درد دماغ میں ہو یا دل میں یا جگر میں ہمیشہ ان اعضاء کی مشینی تحریک میں ہی ہو گا کیونکہ کیمیائی تحریک میں تو محرک عضو میں خون جانا شروع ہوتا ہے اور مشینی تحریک سے خون شدت سے جمع ہو چکا ہوتا ہے جس سے درد کا ہونا ضروری ہوتا ہے جب جگر کی مشینی تحریک غدی اعصابی ہو گی تو خون کی شدت چونکہ جگر میں ہو گی تو درد بھی جگر میں ہو گا۔

ایک مغالطہ کاازالہ

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب ہم ادویہ اغذیہ سے کسی عضو کی مشینی تحریک پیدا کرتے ہیں تو اس میں درد کیوں نہیں ہوتا؟۔

جواب یہاں یہ بات یاد رکھیں کہ ہر عضو کے ماتحت اعضاء تمام جسم میں پھیلے ہوئے ہیں جب کسی عضومیں تحریک ہوتی ہے تو پہلے وہ اپنے کمزور حصوں میں خون بھیجتا ہے پھر اس میں جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے جب حیاتی عضومیں خون اکھٹا ہو گا تو درد ہو گا ورنہ اگر اس کے ماتحت اعضاء میں خون ہے تو حیاتی عضو کی بجائے درد بھی انہی اعضاء میں ہو گا۔ مثلا طحال غدد جاذبہ کا مرکز ہے اور یہ غدی مادہ کا بنا ہوا ہے اور غدی مادہ کا مزاج گرم خشک سے گرم تر ہے۔

چونکہ غدد ناقلہ مشینی اعضاء ہیں اور غدد جاذبہ کیمیائی اعضاء ہیں چونکہ طحال کا مزاج غدد جاذبہ سے ہے لہٰذا طحال میں جب بھی درد ہو گا تو غدی عضلاتی تحریک مین ہی ہو گا۔

مشت زنی اور خواہشات کی شدت

محترم حکیم محمد یٰسین صاحب اللہ کریم آپ کو خوش خرم رکھے اور عمر خضر عطا فرمائے یہ بد نصیب آپ کو ایک بار پھر تکلیف دے رہا ہے حکیم صاحب میں نے آپ کا تجویز کردہ نسخہ مسلسل پرہیز کے ساتھ استعمال کرنا شروع کیا مرہم اپریشن بھی آپ کے حکم کے مطابق استعمال کیا پہلے دس بارہ دن ایسے پاک صاف گزرے کہ کوئی مثال نہیں ملتی خیالات دنیا سے بھی تقریباً نکل آیا تھا شہوت بھی تقریباً ختم ہو گئی تھی لیکن ۷ ستمبر کو ایک بار پھر احساس ہوا کو دوبارہ سابقہ تکلیف لوٹنا شروع ہو گئی ہے حالاں کہ میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ نہ میں نے دوا میں کوتاہی کی نہ ہی غذا میں ۹،۹،۲۰۰۰ کی صبح کو شہوانی کیفیت کا انتہائی شدید ترین احساس ہوا، نفس میں پھیلنے کا عمل تیز ہو رہا تھا میں خود پریشان ہو گیا کہ پتہ نہیں یہ کیا تبدیلی ہو رہی ہے ایک بار پھر شیطانی و شہوانی خیالات کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا

میں نے فوری طور پر ایک بار اپریشن مرہم کا لیپ کر دیا تاکہ مشت زنی سے بچا جا سکے دن کو ڈھائی بجے نفس میں شدید درد شروع ہو گیا میں نے فوری طور پر بلیڈ سے پٹی کاٹی نفس پر کافی سوجن ہو چکی تھی حکیم صاحب خدا کی قسم نفس پر اگرچہ شدید قسم کا مرہم لگا ہوا تھا اس کے باوجود بھی نفس پھولتا رہا، ایسے محسوس ہوتا تھا کہ گیس کا کوئی غبارہ پھیل رہا ہے غبارے کا پھیلاؤ کا عمل اتنا تیز تھا کہ مجھے ڈر لگ گیا کہ شائد آج مجھ سے دوبارہ پرانی غلطیاں سرزد ہو نگی

— میں ایک بار پھر حلفاً کہتا ہوں کہ میں نے نہ ہی دوا میں کوتاہی کی نہ ہی غذا میں لیکن رات دو بجے جب مجھے جاگ آئی تو مجھے احتلام ہو چکا تھا حالاں کہ نفس پر ہلکے ہلکے زخم موجود تھے احتلام ہو جانے کے باوجود مجھے سکون نہیں آیا نفس میں شدید ترین تیزی جاری تھی میں خیال جماع میں غرق ہو گیا تھا لیکن دس پندرہ منٹ بعد مجھ سے جلق لگ گئی تھی جب ہوش و قرار واپس آیا تو میں نے رونا شروع کر دیا حکیم صاحب مجھ بد بخت کی نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ اگر ہلکی سی رگڑ حشفہ کو لگ جائے تو بھی اخراج منی ہو جاتا ہے ننگے ننگے خیالات - (خیال جماع) سوچتا رہوں تو بھی اخراج منی ہو جاتا ہے نفس پر زخم ہو جانے کے باوجود مجھ بد بخت سے جلق لگ گئی عادت بد کا ارتکاب کرتے وقت زخموں میں وقتی طور پر درد کا احساس پیدا نہ ہوا لیکن منی کے اخراج کے بعد شدید قسم کے درد کا احساس پیدا ہوا۔

حکیم صاحب جب شہوت چھانے لگتی ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نفس میں گیس بھرنا شروع ہو گئی ہے پھیلاؤ بھی بے تحاشہ بڑھنا شروع ہو جاتا ہے نفس کے پٹھوں کے بے انتہا پھیلاؤ کی وجہ سے نفس بہت زیادہ موٹا ہو گیا ہے نفس کی موٹائی تقریباً چھ انچ ہوتی ہے جو کہ انتہائی موٹائی ہے حیرت کی بات یہ ہے کہ جلق لگانے سے تو نفس کو پچک جانا چاہئے تھا لیکن روز بروز اس کی موٹائی میں حیرت انگیز اضافہ ہو رہا ہے۔

حکیم صاحب آپ یقین کریں یا نہ کریں آپ نے فرمایا تھا کہ اپریشن مرہم رات کو نفس پر لگانا ہے میں نے بھی یہی عمل کیا تھا رات کو ۹ بجے اپریشن

— مرہم کا لیپ کر کے سو جاتا تھا رات بھر نفس پٹی کی وجہ سے پھیل نہیں سکتا تھا جب انتشار ہونے لگتا تو شدید تکلیف ہوتی اور میں مجبور ہو کر پٹی بلیڈ سے کاٹ — دیتا تھا اور نفس کو پھیلنے کا موقع دے دیتے تھا۔

پٹی کے اترنے کے فوراً بعد شدید درد سے نجات مل جاتی تھی کچھ دیر بعد نفس پر پھر پٹی باندھ کر سو جاتا تھا لیکن رات کو بار بار نفس کے پھیلاؤ کی وجہ سے شدید اذیت اور کرب کی حالت سے گزرنا پڑتا تھا۔

خدا کے لئے نفس کے پھیلاؤ کو روکئے یہ تو اس طرح پھولتا جا رہا ہے جیسے غبارہ حکیم صاحب میں دنیا کی بد ترین مخلوق ہوں میری حالت قابل رحم ہے مجھ پر رحم کریں، مجھے پاخانہ سخت اور قلیل مقدار میں آتا ہے دن میں کبھی دو مرتبہ کبھی ایک مرتبہ کبھی بلکل آتا ہی نہیں، پیشاب پیلا زرد آتا ہے

فقط والسلام گناہ گار محمد عارف راجن پور

جواب مکرمی جناب عارف محمود صاحب، سلام مسنون، طویل خط ملا حالات معلوم ہوئے محترم آئندہ اتنا لمبا خط نہیں لکھنا اصل بات صرف ایک ہی ہوتی ہے اسے بار بار دہراتے رہنے سے پیچیدگی ضرور پیدا ہوتی ہے تشخیص میں کوئی مدد نہیں ملتی۔ محترم آپ کا نفس موٹا نہیں ہوتا البتہ لمبائی میں بڑھتا ہے جب مکمل انتشار ہو جاتا ہے تو جلق کا عمل شروع کرنا پڑتا ہے

ذہن نشین کر لیں کہ اگر موٹائی میں عضو تناسل چھ انچ موٹا ہو جائے تو نسوانی اعضا میں داخل نہیں ہو سکتا آپ کے لئے جو کھانے کی دوا تجویز کی گئی تھی وہ یہ تھی

۲ ملین، تریاق تبخیر، ۴ مسہل، یہ دوا درست ہے اس میں کسی قسم کی تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے ساتھ ایک طلا بھیج رہا ہوں اسے قانون مفرد اعضا میں غدی طلا کہتے ہیں اسے چنے کے برابر لیکر عضو تناسل کے دائیں بائیں اور اوپر تیل کی مانند لگادیا کریں اس سے عضو تناسل پر سوزش اور دانے پیدا ہوں گے اور چھالے بھی پیدا ہو سکتے ہیں لیکن گھبرانے کی ضرورت نہیں اس سے تکلیف ضرور ہو گی لیکن جلق جیسی بد عادت نہیں رہے گی جب سوزش یا دانے پیدا ہو جائیں تو مذید طلا لگانا روک دیں جب دانے ختم ہو جائیں تو دس پندرہ دن بعد پھر لگائیں صرف تین چار بار یہ عمل دہرانا پڑے گا انشاء اللہ یہ بد عادت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گی غذا عضلاتی جاری رکھیں دوا پہلے کی طرح ہی کھانی ہے اللہ جلد شفایاب کر دیگا۔

کھانسی، حلق میں ورم، بندش حیض

جناب حکیم صاحب چند سوالات لکھ رہا ہوں برائے مہربانی جواب سے نوازیں

(۱) ایک بچہ جس کی عمر ۹ سال ہے جب سو کر اٹھتا ہے تو کھانسی کا دورہ ہوتا ہے پاخانہ بالکل سبز آتا ہے پیشاب سفید ہے اس کی تحریک و علاج بتائیں

(۲) ایک دوست جس کے بال گرتے ہیں اس کے لئے کوئی نسخہ عنائت فرمائیں

(۳) ایک مریض جس کے حلق میں ورم ہے اس کے لئے کوئی آسان نسخہ بتا دیں

(۴) ایک عورت کا حیض اکثر بند رہتا ہے اگر آتا ہے تو رک رک کر آتا ہے اس کا علاج بتا دیں حکیم نعمت اللہ

جواب جناب حکیم نعمت اللہ صاحب آپ کے سوالات کے جوابات حاضر ہیں

(۱) ۹ سالہ بچہ کی غدی عضلاتی تحریک ہے اسے غدی اعصابی ملین اعصابی غدی تریاق اور اعصابی کھار ملا کر استعمال کرائیں پیشاب کی مقدار زیادہ ہو گی تو آرام آجائے گا

(۲) بال گرنے کے لئے غدی عضلاتی غذا دوا استعمال کرائیں قانون مفرد اعضاء کے غدی عضلاتی نسخہ جات بے حد مفید ہیں (۳) حلق کے ورم کے مریض کو پوست ریٹھہ کے غرغرے کرائیں اور اندرونی طور پر دو دو رتی کیپسول میں بھر کر استعمال کرائیں

(۴) جس عورت کا حیض بند ہو گیا ہے اسے اعصابی تحریک ہے اسے فارما کوپیا کا عضلاتی غدی مسہل استعمال کرائیں غذا بھی عضلاتی غدی دیں اللہ شفاء دے گا۔

سوزش معدہ، شوگر، اور پاؤں میں سوئیاں چبھنا

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے تاکہ آپ دکھی انسانیت کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکیں محترم میرے پاس تین مریض ہیں ان کا کافی علاج کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا ان کی تکالیف درج کر رہا ہوں مناسب مشورہ سے

نوازیں

(۱) میری زوجہ جس کی عمر ۳۵ سال ہے اس کا نام سلیمہ بی بی ہے اس کے معدہ میں تکلیف ہے مزاج کی کیفیت کچھ ایسی ہے کہ اگر سرد چیز کھا لے تو معدہ میں سوزش پیدا ہو جاتی ہے اور کافی درد ہوتا ہے اور اگر گرم مزاج کی اشیا استعمال کرتی ہے تو گرمی کی شکائت پیدا ہو جاتی ہے اور گرمی کے پیچش شروع ہو جاتے ہیں گزشتہ دنوں میں پیچش کی شکائت رہی ہے اور پاخانوں میں خون بھی آتا رہا ہے مہربانی فرما کر غذائی اور دوائی مشورہ دے کر شکریہ کا موقع دیں۔

(۲) میرا بیٹا جس کا نام محمد رفیق ہے اس کی عمر بیس سال ہے غیر شادی شدہ ہے اس کو شوگر کی شکایت ہے علامات کچھ اس قسم کی ہیں دو ماہ قبل ہاتھ اور پاؤں پر زخم ہوئے تھے جو کہ علاج کے باوجود ابھی تک ٹھیک نہیں ہوئے اس کے علاوہ پیاس بہت لگتی ہے منہ ہر وقت خشک رہتا ہے اور منہ میں مٹھاس کی کیفیت رہتی ہے اور خاص کر جب چھوٹا پیشاب کرنے بیٹھتا ہے تو فوراً چیونٹیاں ل پیشاب پر آجاتی ہیں اس طرح صحت بھی دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے جناب عالی کیا شوگر قابل علاج ہے مکمل طور پر اس کا بدن سے نکل جانا ممکن ہے؟

(۳) میرا بڑا بھائی ہے اس کا نام عبدالکریم ہے اس کی عمر ۵۵ سال ہے اس کی کیفیت یہ ہے ان کے پاؤں میں دن کو اکثر سوئیاں چبھتی ہیں اور درد بھی ہوتا ہے۔ رات کے وقت پاؤں جلنا شروع ہو جاتے ہیں اور سوتے وقت بستر پر نہیں رکھے جاسکتے بستر سے باہر نکالنے پڑتے ہیں یہ حالت مدت سے جاری ہے مہربانی فرما کر مناسب مشورے سے نوازیں

جواب مکرمی جناب عبدالکریم صاحب آپ کے تینوں سوالات کے جواب حاضر ہیں (۱) محترم آپکی زوجہ محترمہ غدی اعصابی تحریک میں مبتلا ہے جس سے پاخانہ پیچش کی صورت میں کئی بار آتا ہے اس کے پیٹ میں لیس کی کثرت ہو گئی ہے۔

اسے آپ عضلاتی اعصابی ملین۔ غدی عضلاتی ملین اور تریاق تبخیر دن میں تین بار ہمراہ ترش لسی کسے کھلائیں یا اجوائین پودینہ کا قہوہ پلائیں غذا عضلاتی کھانے کی ہدایت کریں اللہ شفادے گا۔

(۲) آپ کے بیٹے جس کا نام محمد رفیق ہے اور جس کے ہاتھ پاؤں پر زخم ہیں اسے غدی عضلاتی تحریک ہے جس وجہ سے شوگر کا اخراج گردوں کے راستے نہیں ہو رہا جس وجہ سے شوگر ہاتھ پاؤں میں زخم کر کے خارج ہو رہی ہے اسے غدد ناقلہ تیز کرنے کی تدبیر کریں تاکہ شوگر اپنے طبعی راستے خارج ہونے لگے جونہی شوگر براہ بول خارج ہونے لگے گی فوراً زخم بند ہونے لگیں گے اسے یہ نسخہ بھی دیں

ہو اشافی اعصابی عضلاتی ملین غدی اعصابی مسہل اعصابی غدی تریاق ۔

مقدار خوراک دو دو رتی دن میں تین بار ہمراہ گرم دودھ غذا اعصابی دیں۔

نوٹ۔ اس کے ہاتھ اور پاؤں کو دھونے کے لئے یہ نسخہ استعمال کریں ہوالشافی گل کیسو دو تولے پانی دو کلو رات بھگو دیا کریں صبح چھان کر زخموں پر تولیہ رکھ کر پانی ڈالا کریں کم از کم ۱۵ منٹ زخموں پر ٹھنڈا پانی ڈالنا ہے گل کیسو کو گرم نہیں کرنا اللہ شفا دیگا (۳) آپ کے بھائی کو بھی غدی اعصابی تحریک ہے اسے چھ ماشہ شاہترہ رات کو بھگو کر صبح چھان کر پلایا کریں یا ابال کر بھی پلا سکتے ہیں ساتھ یہ نسخہ بھی دیں۔

ہوالشافی چھلکا ریٹھا ایک حصہ گٹھلی جامن دو حصہ پیس کر ایک ایک ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کو دیں غذا اعضلاتی دیں اللہ شفا دیگا۔

گھٹنوں میں درد اور ورم

جناب حکیم صاحب سلام مسنون محترم عرض یہ ہے کہ میری والدہ کے بائیں گھٹنے میں شدید ورم اور درد ہے زیادہ چلنے سے درد زیادہ ہو جاتا ہے چونکہ گھر موجود نہیں تھا گھر والوں نے ایکسرے وغیرہ کرائے اس میں جو چیز ملی وہ یہ ہے کہ گھٹنے کی بڑی دونوں ہڈیوں کے درمیان جو وقفہ ہوتا ہے یعنی درمیان میں جو جھلی ہوتی ہے وہ ایک جگہ سے چنے کے برابر ختم ہو گئی ہے جو نہی دونوں ہڈیاں آپس میں ملتی ہیں اور رگڑ کھاتی ہیں اس وقت درد ہوتا ہے اصل میں وہ جھلی کی رطوبت ختم ہو گئی ہے آپ سے التماس ہے کہ مہربانی کر کے حقیقت کے مطابق مجرب نسخہ لکھ کر شکریہ کا موقع دیں۔

— مکرمی جناب حکیم محمد ارشاد صاحب سلام مسنون **محترم** آپ کی والدہ

کی جھلی ختم نہیں ہوئی جوڑ کے درمیان پانی پڑ گیا ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ گھٹنے پر ورم بھی ہو گیا ہے یہ ورم جوڑ میں پانی پڑنے کی نشانی ہے اسی پانی کی وجہ سے جوڑ میں درد ہوتا ہے اور جوڑ پوری طرح حرکت نہیں کر سکتا۔

علاج آپ اسے غدی اعصابی مسہل۔ حب شفا۔ اور اعصابی کھار دن میں تین بار کھلائیں غذا اعصابی دیں اللہ شفا دیگا۔

زیر طبع کتب

زیر طبع کتب میں (۱) کینسر اور قانون مفرد اعضاء (۲) طبّی ڈائیریکٹری (حصہ دوم) (۳) موٹاپا قابل علاج ہے؟ (۴) میرا مطب (حصہ دوم) (۵) تحقیقات ادویہ سازی (حصہ دوم) (٦) تاریخ طب و اطباء (حصہ دوم) (۷) قانون مفرد اعضاء کے طبّی مشورے (حصہ دوم) (۸) بواسیر کا کامیاب علاج (۹) امرض مخصوصہ مردانہ (۱۰) فالج کا کامیاب علاج (۱۱) تشریح فارماکوپیا (۱۲) طب نبوی ﷺ اور قانون مفرد اعضاء (۱۳) نئے یقینی و بے خطا مجربات (۱۴) ڈائیلس اور قانون مفرد اعضاء (۱۵) تھیلا سیمیا اور قانون مفرد اعضاء (۱٦) وبائی امراض اور ان کا علاج (۱۷) چارٹ اناٹومی و فزیالوجی (۱۸) چارٹ حواس ستہ انسانی (۱۹) چارٹ نظام اخراج بول (۲۰) تحقیقات تشریح اعضائے انسان حصہ سوم اعصابی شامل ہیں انہیں بھی جلد ایک ایک کر کے شائع کیا جائے گا۔ انشاء اللہ۔

حکیم محمد یٰسین دنیاپوری

دانت اور جبڑے میں درد

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ ہے جس کی عمر ۴۰ سال ہے بائیں جبڑے میں سارے دانت بلکہ سارا مسوڑہ درد کرتا ہے ورم بھی ہے چہرہ بھی بائیں طرف متورم ہو جاتا ہے درد دانتوں میں ہی نہیں بلکہ کندھوں تک ہے اسی وجہ سے دوماہ پہلے ایک دانت بھی نکلوادیا ہے مگر درد ختم نہیں ہوا۔

جواب محترم مریضہ کو مسوڑوں پر لگانے کے لئے غدی عضلاتی ملین کا سفوف دیں اور کھانے کے لئے بھی غدی عضلاتی ملین غدی اعصابی مسہل اور اعصابی غدی تریاق دیں اللہ شفاء دے گا۔

سرعت

جناب حکیم صاحب ایک مریض جس کی نبض عضلاتی غدی ہے وہ سرعت کی بہت شکایت کرتا ہے ایک بار جماع کے بعد دوبارہ انتشار نہیں ہوتا اگر ہو بھی جائے تو ایک یادو منٹ میں ختم ہو جاتا ہے

جواب محترم آپ اپنے مریض کو اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور سفوف سداجوانی ملا کر دن میں تین بار دیں غذائیں اعصابی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا

جلق، اعضائے تناسل پر زیادہ بال ہونا اور ہاتھوں سے چھلکے اترنا

جناب حکیم صاحب چند مریضوں کے حالات لکھ رہا ہوں ان کی تشخیص کر کے علاج تجویز فرمادیں۔

(۱) ایک لڑکا عمر ۲۰ سال جو کہ ایک ماہ مسلسل جلق کرتا رہا پھر اس نے چھوڑ دیا تو اسے احتلام شروع ہو گیا اس نے کافی دوائی کھائی مگر ٹھیک نہ ہوا عضو درمیان سے پتلا ہو گیا احتلام بھی اکثر ہوتا رہتا ہے

(۲) ایک لڑکا جس کے اعضائے تناسل کے ارد گرد بہت بال پیدا ہو گئے ہیں اس کے متعلق کوئی علاج بتائیں۔

(۳) ایک آدمی عمر ۳۰ سال ہے دھاگہ والی مل میں کام کرتا ہے چھ سات دن بعد اسے زکام ہو جاتا ہے ٹیکہ یا کوئی دوا کھانے سے ٹھیک ہو جاتا ہے مگر پھر دوبارہ ہو جاتا ہے اس کی ٹانگوں پر نیچے سیاہ داغ بھی بننے لگے ہیں

(۴) ایک بچہ عمر دو سال ہے اس کے سارے جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئے ہیں بہت سے ڈاکٹروں سے علاج کرایا مگر آرام نہ آیا اب بتایا گیا ہے کہ لاہور چلڈرن ہسپتال لے جاؤ۔ یہاں علاج نہیں ہے۔

(۵) ایک لڑکا عمر ۲۵ سال ہے اسے سردیوں میں ہاتھوں پر باریک باریک

چھلکے بن جاتے ہیں جو کپڑے کے ساتھ رگڑ محسوس کرتے ہیں بالوں میں اس قدر خشکی ہے کہ تیل لگانے سے بھی کم نہیں ہوتی کنگھی بھی بعض اوقات ٹوٹ جاتی ہے۔

(٦) میرا بڑا بھائی عمر ۳۵ سال ہے اسے آنکھوں میں چار دن پانی آتا رہا ڈاکٹروں نے قطرے دئے ان سے پانی تو رک گیا کچھ دنوں بعد جو دوبارہ چیک کرایا تو پتہ چلا کہ اسے تو سفید موتیا اتر آیا ہے اور آنکھ کے لینز کمزور ہو گئے ہیں موتیے کا اپریشن کرانا پڑے گا اور لینز بھی ڈلوانا پڑے گا کیا قانون مفرد اعضاء میں اس کا کوئی علاج ہے ؟

جواب (۱) محترم جلق کے مریض کو غدی اعصابی تحریک ہے علاج کے لئے غدی عضلاتی ملین۔ تریاق تبخیر اور حب سنگ دانہ استعمال کرائیں غذائیں عضلاتی دیں عضو پر لگانے کے لئے غدی طلا دیں جس آبلے بھی پیدا ہوں گے اس لئے اسے ویزلین ملا کر ہلکا کر لیں انشاء اللہ یہ عادت ختم ہو جائے گی۔

(۲) اعضائے تناسل پر بال اس کے لئے مفید ہیں البتہ اسے استرے سے صاف کرتا رہے اس سے لذت میں اضافہ ہو گا۔

(۳) جس مریض کو زکام ہوتا ہے اسے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی مسہل ملا کر دن میں تین بار صبح دوپہر شام کھلائیں غذا اعصابی دیں عضلاتی غذائیں بند کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

(۴) جس بچے کی جلد پر دانے ہیں اسے غدی عضلاتی ملین تیل میں ملا کر مالش کرائیں اور اندرونی طور کھانے کو بھی غدی عضلاتی ملین ہی دیں گرم خشک اغذیہ استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا

(۵) جس مریض کے ہاتھوں پر سے چھلکے اترتے ہیں اسے بھی غدی عضلاتی ملین تیل میں ملا کر مالش کرائیں کھانے کو بھی غدی عضلاتی ملین اور اکسیر جدید ملا کر دیں اللہ شفاء دے گا۔

(٦) آپ اپنے بھائی کو رہبر نظریہ مفرد اعضاء کے آخر میں نور العین کا نسخہ بنا کر آنکھوں میں ڈالنے کے لئے دیں اللہ شفاء دے گا۔

ماہانہ طبّی کیمپ غذا سے علاج

خانیوال یہ طبّی کیمپ ہر انگریزی ماہ کی پہلی جمعرات کے دن بمقام مکان مہر محمد یوسف باٹی ایڈووکیٹ نزد جامع مسجد اہل حدیث خانیوال لگایا جاتا ہے۔ اوقات کیمپ صبح 9 تا دوپہر 1 بجے تک

لاہور یہ طبّی کیمپ ہر انگریزی ماہ کے پہلے جمعہ کے دن یٰسین دواخانہ دربار ہوٹل نزد داتا دربار لاہور لگایا جاتا ہے جہاں حکیم محمد یٰسین دنیاپوری شاگرد رشید حکیم انقلاب المعالج صابر ملتانیؒ مایوس اور لا علاج مریضوں کو طبّی مشورے دیتے ہیں۔ اوقات صبح 9 بجے تا شام 6 بجے تک

عرق النساء

جناب حکیم صاحب میں نظریہ مفرد اعضاء کا حکیم ہوں میری کمر کے نچلے سرے پر یعنی کمر کی ہڈی کے آخری سرے کے بائیں طرف درد ہوتا ہے یہ درد کبھی بہت شدید ہوتا ہے جیسے عرق النساء ہوتا ہے چھینک آنے سے بھی درد ہوتا ہے نیچے سے کسی چیز کے اٹھانے کی ہمت نہیں ہوتی اس مرض کی وجہ سے میں اپنے آپ کو ادھورا سمجھتا ہوں عضلاتی غذا دوا استعمال کی ہے جس سے فائدہ نہیں ہوا آپ کوئی اچھا سا علاج بتائیں تاکہ میری اس مرض سے جان چھوٹ جائے مہربانی ہو گی۔

جواب محترم آپ کے بائیں طرف کے عرق النساء کی وجہ غدی عضلاتی تحریک ہے آپ نے غلطی سے اسے اعصابی تحریک سمجھ کر عضلاتی غذا دوا کھائی ہے جو غلط ہے اسی وجہ سے آرام نہیں آیا۔

اب آپ غدی اعصابی مسہل، اعصابی کھار اور اعصابی غدی تریاق ملا کر دن میں تین بار استعمال کریں ساتھ جوارش شاہی جسے مفرح شاہی کہتے ہیں استعمال کریں غذا اعصابی استعمال کریں اللہ شفاء دے گا درد والی جگہ پر جو شاندہ بندق کی ٹکور بھی کریں جس کا نسخہ گزشتہ صفحات میں آ چکا ہے۔

گردوں میں پتھریاں

جناب حکیم صاحب میرا ایک دوست ہے جس کو مندرجہ ذیل تکالیف ہیں ان کے مطابق علاج تجویز فرمائیں

گردوں میں دونوں جانب سرسوں کے بیج کی مانند پتھریاں ہیں کبھی کبھی سر میں درد ہوتا ہے نزلہ زکام ہمیشہ رہتا ہے روٹی کھانے کے بعد متلی محسوس ہوتی ہے ہاتھ پاؤں میں درد ہوتا ہے بائیں طرف پیٹ میں درد اور بوجھ سا رہتا ہے مردانہ کمزوری بھی ہے پاخانہ دن میں چار پانچ مرتبہ آتا ہے۔

(حکیم لطف علی کھوسو شہداد کوٹ سندھ)

جواب جناب حکیم صاحب آپ کا دوست عضلاتی اعصابی تحریک میں مبتلا ہے جس کی وجہ سے گردوں میں پتھریاں بنتی ہیں پاخانہ بھی دن میں چار پانچ مرتبہ اسی وجہ سے آتا ہے

علاج علاج کے لئے عضلاتی غدی شدید حب سنگ دانہ غدی عضلاتی ملین اگر قبض ہو تو حب فالج یا غدی عضلاتی مسہل شنگرف والا دیں غذا عضلاتی استعمال کرائیں جن میں گوشت انڈے کریلے مچھلی آلو گوبھی وغیرہ دیں روٹی بیسنی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷÷

رسولیوں کا اصول علاج

جناب حکیم محمد یٰسین صاحب اسلام علیکم محترم قانون مفرد اعضاء میں رسولیوں کے علاج کا کوئی کامیاب نسخہ عنائت فرمائیں میرے زیر علاج ایک مریض ہے اس نے بہت علاج کرائے مگر علاج ناکام رہا آخر میرے پاس آیا میں نے اس کا علاج شروع کرنے سے پہلے آپ سے مشورہ ضروری سمجھا برائے مہربانی کوئی تیر بہدف نسخہ عنائت فرمائیں۔ حکیم غلام مصطفٰے خانپور ضلع رحیم یار خان

جواب جناب حکیم غلام مصطفٰے صاحب آپ اس وقت تک کسی مرض کا کامیاب علاج نہیں کرسکتے جب تک اس کا اصل سبب نہ جانیں آپ پہلے رسولیوں کی ماہیت و حقیقت سمجھیں پھر علاج کریں تو ناکامی نہ ہو گی میں اپنی کتاب تشریح اعضائے انسان میں رسولیوں کا کامیاب علاج تفصیل سے دیا ہے یہاں دوبارہ لکھ رہا ہوں۔

یاد رکھیں جلدی تکالیف اور امراض میں رسولیاں بننے اور سرطان یعنی کینسر خطرناک تکالیف میں شمار کی جاتی ہیں اور ان کا علاج بھی مشکل سمجھا جاتا ہے۔

ان میں رسولیاں زیادہ خطرناک نہیں سمجھی جاتیں کیونکہ ان میں کسی قسم کا درد وغیر نہیں ہوتا البتہ اگر گلے یا دماغ میں رسولیاں ہو جائیں اور ان کا جلد موثر علاج نہ کیا جا سکے تو اکثر مریضوں کا گلا بند ہو کر یا دماغ کی رسولی سے فالج ہو کر موت واقع ہو جاتی ہے۔ لہٰذا قارئین کے لئے ان کی ماہیت اور حقیقت سے مکمل طور پر آگاہ ہونا بہت ضروری ہے۔

جیسا کہ آپ نے پڑھا ہے کہ جلد کی بناوٹ غدد ناقلہ اور غدد جاذبہ سے

مکمل ہوتی ان میں غدد ناقلہ کے منہ بند ہونے کی وجہ سے جلد پر چھوٹے چھوٹے دانے پھنسیاں اور چھالے نکل آتے ہیں۔

ان کے برعکس

اگر غدد جاذبہ کا جذب کیا ہوا مادہ خون میں شامل نہ ہو تو یہ بھی ان کے اندر رکتا رہتا ہے جس سے ان غدد کا حجم اور وزن بڑھ جاتا ہے حتیٰ کہ بعض مریضوں کے پیٹ میں پانچ سے دس کلو تک وزنی رسولی ہو جاتی ہے۔

البتہ

اگر جسم میں کوئی زہریلا مادہ جو مخرش اور سوزشناک ہو تو ایسی رسولی کے بنتے ہی اس میں درد ہونے لگتا ہے اور مسلسل بڑھتا رہتا ہے ساتھ ساتھ رسولی پتھر کی طرح سخت اور سرخ ہو جاتی ہے چونکہ اس میں زیادہ تر ترش اور تیزابی مادہ جمع ہوتا ہے اس لئے وہ رسولی کو پکنے نہیں دیتا نہ ہی اس میں پیپ پیدا ہوتی ہے لہٰذا یہ دردناک سے سوزش ناک ہوتا رہتا ہے اور تحلیل نہ ہونے کی وجہ سے آرام نہیں آتا آخر کار معالج حضرات کبھی اس پر پلٹس باندھتے ہیں اور بعض مجبور ہو کر چیر دیتے ہیں اور گندے مواد کو خارج کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں جس سے وہ مذید بگڑ جاتا ہے اور کبھی ڈاکٹر حضرات تجلی سے بھسم کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اکثر نتیجہ صفر نکلتا ہے حتیٰ کہ مریض کی قوتیں جواب دے دیتی ہیں اور موت واقع ہو جاتی ہے۔

قانون مفرد اعضاء میں رسولی یا سرطان کا علاج

قارئین قانون مفرد اعضاء رسولی کا علاج غدی اعصابی غذا دوادے کر دعویٰ سے کرتا ہے لیکن کینسر میں اگر غدی عضلاتی غذا دوا سے پیپ بن جائے جسے عرف عام میں پھوڑے کا پکنا کہتے ہیں تو کینسر کو آرام آسکتا ہے لیکن اگر سرطان میں پیپ نہ بن سکے تو اس کا شفایاب ہونا مشکل ہے۔ علاج کے لئے قانون مفرد اعصاء کے فارما کو پیا کے نسخہ جات موجود ہیں بلا خوف و خطر استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

ایک واقع

قارئین 1968 کو میرے والد صاحب کے پیٹ میں دائیں طرف کینسر کا پھوڑا ہو گیا جس میں ہر وقت نا قابل برداشت درد ہوتا تھا جوں جوں علاج کرتے تھے پھوڑا بڑھتا جاتا اور درد میں بھی اضافہ ہوتا جاتا تھا۔ ہمیں مشورہ دیا گیا کہ خانیوال میں ڈاکٹر نصیر بخش کو دکھائیں وہ امریکہ سے کینسر کا علاج سیکھ کر آیا ہے۔

ہم والد صاحب کو نصیر بخش صاحب کے پاس لے گئے ڈاکٹر صاحب نے دوسری ادویات کے ساتھ 80 لاکھ پینیسلین روزانہ لگانے کا حکم دیا ڈاکٹر صاحب کا ایک ماہ علاج ہوتا رہا علاج سے بخار تو رک گیا جو ہر وقت رہتا تھا لیکن درد میں کوئی آفاقہ نہ ہوا درد ہر وقت مسلسل ہوتا تھا ہم ملتان نشتر ہسپتال لے

گئے ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ میری کچھ سمجھ میں نہیں آتا لہذا اس کا ایکسرے کراؤ اور مجھے دکھاؤ۔

ہم نے ایکسرے کرلیا اور ڈاکٹر صاحب کو دکھایا ایکسرے دیکھ کر ڈاکٹر صاحب نے رپورٹ میں لکھ دیا کہ مریض تندرست ہے اسے سوائے وہم کے کوئی مرض نہیں ہے۔

جب سرجن نے ایکسرے رپورٹ پڑھی تو اس نے کہا کہ مجھے تو پہلے ہی کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا اس رپورٹ نے اور مایوس کر دیا ہے میں تو دیکھ رہا ہوں کی مریض ایک دو دن کا مہمان ہے یعنی قریب المرگ ہے اور ڈاکٹر صاحب لکھ رہے ہیں کہ اسے سوائے وہم کے کوئی تکلیف نہیں ہے ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ میں آپ سے فیس بھی نہیں لیتا آپ اسے لاہور لے جائیں یا جہاں آپ کی مرضی لے جائیں۔

ہم والد صاحب کو گھر لے آئے شام کو مقامی ڈاکٹر کو بلایا اور کہا کہ سرنج کی سوئی پھوڑے پر لگا کر دیکھے کہ اندر کیا ہے؟

ڈاکٹر صاحب نے جونہی سوئی لگائی وہ فوراً پیپ سے بھر گئی وہ کہنے لگے کہ ورم پک گیا ہے میں اپریشن کر کے پیپ نکال دیتا ہوں ہم نے مقامی ڈاکٹر سے اپریشن کرانا مناسب نہ سمجھا اور سوچا کہ بہاولپور لے جائیں کیونکہ وہاں زیادہ طبی سہولتیں ہونگی لہذا ہم والد صاحب کو بہاولپور لے گئے۔

اسی دوران ایک خط میں نے استاد صابر ملتانیؒ صاحب کو لکھ دیا تھا اور تمام تفصیل بتا کر مشورہ مانگا تھا۔

استاد صاحب کا جواب

آپ نے جواب میں لکھا کہ والد صاحب کو کینسر ہے جب اب پک چکا ہے آپ اپریشن نہ کرائیں اور غدی اعصابی غذادوادیں تمام پیپ براہ گردہ پیشاب کے ذریعے نکل جائے گی اور والد صاحب تندرست ہو جائیں لیکن استاد صاحب کے جواب آنے سے پہلے ہم اپریشن کرا چکے تھے ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ والد صاحب کے پھوڑے سے ڈیڑھ کلو پیپ نکلی ہے۔

قارئین اس واقعہ کو بتانے کا مقصد صرف یہ ہے کہ کینسر میں اگر کسی ترکیب یا غذادوا سے اصل سبب کو دور کر دیا جائے تو خطرناک کینسر بھی ختم ہو سکتا ہے۔

امساکی ادویہ کا زیادہ استعمال

جناب حکیم صاحب ایک مریض جس کی عمر ۴۰ سال ہے عرصہ ۵ سال سے کمر میں درد ہے (آخری تین مہروں میں) کافی عرصہ سے زیر علاج ہے مگر فائدہ نہیں ہوا مریض نے بتایا کہ وہ امساکی ادویہ کا دلداوہ تھا اسی طرح وقوعہ کی رات اس نے امساکی دوا کھائی ہوئی تھی کہ جماع میں دیر لگ گئی لیکن امساک رہا اسی حال میں کمر درد شروع ہوا لیکن اس نے جماع نہ چھوڑا حرکات جماع سے لطف اندوز ہوتا رہا اس واقعہ کے بعد اس کی یہ حالت ہے کہ جب بھی زیادہ دیر کے لئے بیٹھنا پڑ جائے تو کمر درد شروع ہو جاتا ہے مگر اب دو ماہ سے مسلسل کمر درد ہے جس میں کمی نہیں ہو رہی برائے کرم مندرجہ بالا علامات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے قیمتی مشورہ سے نوازیں بندہ تاحیات آپ کا مشکور رہے گا۔

جواب محترم آپ کے مریض کو غدی اعصابی تحریک ہے جس سے کمر درد مستقل ہو گیا ہے آپ اسے علاج کے لئے حب مقوی خاص حب صابر اور تریاق تبخیر ملا کر دیں غذا عضلاتی دیں درد والی جگہ پر یہ تیل لگائیں۔

ھوالشافی لونگ دار چینی جائفل جلوتری برابر وزن لے کر اس میں تین گنا تیل ملا کر پکائیں جو دوائیں جل جائیں تو تیل ٹھنڈا کر کے

پُن لیں اور درد والی جگہ پر لگائیں اللہ شفاء دے گا۔

بائیں طرف فالج اور ہائی بلڈ پریشر

جناب حکیم صاحب یہاں میرے زیر علاج ایک مریض ہے جسے بائیں طرف فالج ہو گیا ہے میں اس کا علاج کر رہا ہوں ابھی علاج شروع کئے ہوئے چند دن ہوئے ہیں مگر مسئلہ یہ ہے کہ مریض کا بلڈ پریشر بہت ہائی ہو جاتا ہے اور مزید یہ کہ مریض پہلے بھی بلڈ پریشر کا مریض تھا جب اٹیک ہوا تو بھی بلڈ ہائی ہونے کی وجہ سے ہی ہوا تھا رحیم یار خان کے ڈاکٹروں نے بلڈ پریشر پر وقتی طور پر کچھ نہ کچھ کنٹرول کر لیا تھا اور ہاتھ پاؤں میں کچھ نہ کچھ حرکت بھی شروع ہو گئی تھی یعنی ہاتھ اور ٹانگ مکمل ہلا جلا لیتا ہے لیکن مریض مکمل گرفت نہیں کر سکتا اور ٹانگ پر بوجھ نہیں ڈال سکتا اب مسئلہ یہ ہے علاج مفرد اعضاء کے تحت ہو رہا ہے لیکن مریض کے بلڈ پریشر کا مسئلہ جوں کا توں ہے یعنی بلڈ ہائی رہتا ہے قارورہ کا رنگ زبردست سرخی مائل ہے مگر جو لٹمس پیپر ڈالا گیا تو نیلا ہو گیا میرا خیال ہے کہ مریض نے بلڈ پریشر والی گولی کھائی تھی جو اعصابی ہوتی ہے اس لئے لٹمس پیپر نیلا ہو گیا اب میں مریض کو نمبر ا اور نمبر ۲ میں چلا رہا ہوں مگر بلڈ پریشر کا مسئلہ حل نہیں ہوتا جس کے لئے انگریزی گولی کھانی پڑتی ہے جب کہ آپ نے لکھا ہے کہ بائیں طرف کا فالج اعصابی

ہوتا ہے میں نے مریض کو معجون کچلہ تحقیقات ادویہ سازی والا بنا کر دیا جس سے بلڈ پریشر اور زیادہ ہو گیا اگر یہ مریض اعصابی ہوتا تو قارورہ بھی سفید ہوتا اور باقی علامات بھی اعصابی ہوتیں لیکن یہاں الٹ مسئلہ ہے اب برائے مہربانی میری رہنمائی فرمائیں کیونکہ یہ مریض ایک چیلنج کی شکل اختیار کر گیا ہے ڈاکٹروں نے کہا ہے کہ یہ ٹھیک نہیں ہو سکتا اور میں نے کہا ہے کہ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا لہٰذا اس سلسلہ میں میری مکمل رہنمائی فرمائیں اگر اس مریض کا کامیاب علاج ہو جائے تو یہ قانون مفرد اعضاء کی بہت بڑی کامیابی ہو گی۔

جواب محترم جس مریض کو بائیں طرف فالج ہے اور ساتھ بلڈ پریشر بھی ہائی ہے اور قارورہ سرخ زردی مائل ہے تو آپ اسے غدی عضلاتی سمجھیں صرف بائیں طرف فالج ہونے کی بنا پر اعصابی فالج تصور نہ کریں۔

لہٰذا اسے اعصابی عضلاتی ملین اعصابی غدی تریاق اور غدی اعصابی مسہل اور حب شفاء چھوٹی چندن والی ملا کر ہمراہ الائچی وزیرہ سفید کی چائے یا شربت بزوری سے دیں غذا بھی اعصابی استعمال کرائیں اور عضلاتی غذا روک دیں اللہ شفاء دے گا۔ اگر مزید معلومات حاصل کرنی ہوں تو کبھی تشریف لے آئیں۔

بال گرنا

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ لڑکی عمر ۲۰ سال ہے اس کے بال گر گئے ہیں غدی دوائیں لگانے سے بال تو آجاتے ہیں مگر دوبارہ پھر گر جاتے ہیں یعنی ان کی جڑیں کمزور ہوتی ہیں یعنی کوئی ایسی دوا بتائیں کہ بالوں کی جڑیں مضبوط ہو جائیں آپ کی مہربانی ہو گی

جواب محترم جس لڑکی کے بال گرتے ہیں اسے غدی عضلاتی غذا دوا کھانے کو دیں اور لگانے کو بھی دیں یعنی غدی عضلاتی ملین تیل میں ملا کر رات کو یا جب بھی وقت ملے سر پر لگائے .انشاء اللہ اسی سے بال گرنے بند ہو جائیں گے اس کے ساتھ یہ تیل بنالیں اور سر پر جب تیل لگانا ہو تو یہ ہی لگا کریں۔

.ھو الشافی تیل سرسوں ۱۰۰ گرام میں مرچ سرخ ۲۵ گرام ملا کر دھوپ میں رکھ دیں تین دن بعد اسے گرم کر کے ٹھنڈا کر لیں اور نتھار کر شیشی میں محفوظ کر لیں بس تیار ہے روزانہ سر پر لگائیں اللہ شفاء دے گا

جلق

جناب حکیم صاحب ایک مریض جو مستقل کئی سال تک جلق کرتا رہا اب عضو تناسل درمیان سے پتلا اور بہت کمزور ہو گیا ہے مگر اس کے باوجود اس کی یہ بد عادت نہیں جاتی، اس کے لئے کوئی علاج تجویز

فرمائیں۔

جواب محترم جلق کے مریض کی غدی اعصابی تحریک ہوتی ہے کیونکہ اس کی طبیعت ہر وقت منی کے اخراج کی طرف مائل رہتی ہے جونہی اسے موقع ملتا ہے وہ اسے خارج کر دیتا ہے علاج کے لئے غدی عضلاتی ملین تریاق تبخیر ملا کر کھانے کو دیں اور عضو پر لگانے کے لئے غدی عضلاتی طلاء جمالگوٹہ والا دیں اس طلاء سے آبلے بھی پڑ سکتے ہیں ہلکا کرنے کے لئے مزید ویزلین ملا لیں اگر ہلکے آبلے بن بھی جائیں تو کوئی حرج نہیں غذا عضلاتی استعمال کرائیں انشاء اللہ یہ بد عادت ختم ہو جائے گی جب یہ عادت ختم ہو جائے تو عضلاتی غدی طلاء لگانے کے لئے دیں تاکہ عضو میں ہونے والی کمزوری ختم ہو کر دوبارہ طاقت بحال ہو جائے غذائیں بھی عضلاتی استعمال کرائیں اللہ شفاء دے گا۔

(۱) شدید خارش اور رسولی

جناب حکیم صاحب ایک مریضہ عمر ۳۵ سال ۵ بچوں کی ماں ہے دوسرے بچے کے دوران مٹی کھائی بس وہی مٹی عذاب بن گئی اور سیلان الرحم شروع ہو گیا اس کے ساتھ خارش اور سارے جسم پر خصوصاً شرمگاہ پر زیادہ اثر ہو گیا کئی حکیموں سے علاج کرایا انہوں نے شاید ٹھنڈے مرکبات دیے جس سے اندام نہانی کے بائیں طرف ایک رسولی نمودار ہو

ئی جو آج کل دو سیر وزنی ہے بہت تکلیف ہوتی ہے مریضہ زیادہ تر ٹھنڈی اعصابی عضلاتی یا عضلاتی اعصابی اغذ یہ بہت پسند کرتی ہے قبض بھی رہتی ہے ملیریا بخار بھی ہو جاتا ہے گذشتہ سال حکیم روح محمد سے علاج کرایا جس سے بہت فائدہ ہوا اور خراش ختم ہو گئی لیکن رسولی جوں کی توں رہی اب پھر وہی حالت ہے جو پہلے تھی حیض باقاعدہ ہر ماہ آتا ہے لیکن یہ پورا معلوم نہیں کہ بندش کے ساتھ یا کشادگی کے ساتھ اس تکلیف کو ۱۵ سال ہو چکے ہیں برائے مہربانی رہنمائی فرمائیں

(۲) بستر پر پیشاب

جو بچے رات کو بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں ان کی کیا تحریک ہوتی ہے ؟

(۳) قد چھوٹا رہ جانا

ایک لڑکا جس کا قد چھوٹا رہ گیا ہے کیا کوئی ایسا نسخہ ہے جس سے قد پورا ہو جائے ؟

(۴) سرعت انزال

ایک مریض عمر ۴۰ سال ہے جسم دبلا پتلا خون کی کمی کمزوری گیس معدہ اب رنگت سیاہی مائل ہے قبض ہوتے ہی غدی اعصابی مسہل استعمال کرتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی پیشاب میں سفید رطوبت

مذی آنا شروع ہو جاتی ہے سرعت انزال شدید ہے لیکن جونہی خیال آتا ہے یا بوس و کنار ہوتا ہے تو پانی جاری ہو جاتا ہے جو پانی جاری ہوتا ہے وہ سب سے زیادہ کمزور کر دیتا ہے اس کا بڑا فکر ہے

جواب جناب حکیم صاحب آپ کے سوالات کے جوابات ترتیب وار درج ہیں ۔

(۱) آٹھ بچوں کی ماں کی رسولی کے لئے حب اکسیر جدید غدی اعصابی مسہل اور اعصابی غدی تریاق ملا کر کھانے کو دیں عضلاتی غذائیں بند کر دیں اور رسولی پر محلل اعظم کا نسخہ لگانے کے لئے دیں رسولی بھی ٹھیک ہو جائے گی اور دوسری تمام تکالیف ختم ہو جائیں گی

(۲) بستر پر پیشاب احتلام کی مانند چونکہ احتلام کا علاج غدی عضلاتی مسہل غدی عضلاتی ملین اور غدی اعصابی ہاضم سے کیا جاتا ہے بالکل یہی دوا بول فی الفراش کے مریضوں کو دیں یعنی ان کا علاج بھی غدی عضلاتی ادویہ اغذیہ سے کریں انشاء اللہ ناکامی نہ ہو گی۔

(۳) جس لڑکے کا قد چھوٹا رہ گیا ہے اسے **کیلشیم** کے مرکبات استعمال کرائیں قد پورا ہو جائے گا۔

(۴) ۴۰ سالہ سرعت انزال کا مریض غدی اعصابی تحریک میں مبتلا ہے اسے بھی عضلاتی اعصابی ملین حب مقوی خاص اور تریاق تبخیر ملا کر دن میں تین بار ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی سے دیں غذا عضلاتی دیں اعصابی غذائیں بند کر دیں۔ اللہ شفاء دے گا۔

طبّی مشوروں میں

استعمال ہونے والے نسخہ جات

محرک غدد جاذبہ

یہ نسخہ قانون مفرد اعضاء کے فارماکوپیا کا غدی عضلاتی ملین ہے

هو الشافی رائی ایک حصہ 'بابچی ایک حصہ 'اجوائن ایک حصہ ' گندھک آملہ سار تین حصے'

ترکیب تیاری پہلے تینوں ادویہ کو باریک کر لیں پھر پسی ہوئی گندھک ملا لیں بس تیار ہے۔

افعال واثرات میں غدی عضلاتی ہے ملین ہے۔

مقدار خوراك چار رتی سے ایک ماشہ دن میں تین بار دیں۔

تریاق تبخیر

هو الشافی جائفل ایک تولہ' جلوتری ایک تولہ 'فلفل دراز دو تولہ عقر قرح ایک تولہ' ہینگ دو تولہ 'سنبل الطیب دو تولہ 'لہسن کا پانی دس تولہ۔

ترکیب تیاری لہسن کے سوا تمام ادویہ کو باریک پیس لیں اب لہسن کی پوتھیاں چھیل کر الگ الگ پیس لیں پیسنے سے تمام مادہ گیلا ہو جائے گا یا جوسر مشین میں لہسن کا پانی نکال لیں اب پسی ہو ادویہ تھوڑی تھوڑی کر کے شامل کریں اور تمام مرکب کو دھوپ میں خشک کر کے نصف ماشہ سے ایک ماشہ کی

گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراك ایک گولی سے دو گولی دن میں تین بار ہمراہ قہوہ اجوائن پودینہ ۔افعال واثرات میں عضلاتی غدی ہے

فوائد ہر قسم کے عصبی تشنج اور ریاح معدہ کے لئے مفید ہے ہر قسم کی رطوبات کے اخراج کو روکتا ہے۔

عضلاتی اعصابی ملین

هو الشافی کرنجوہ ایک تولہ' آملہ ایک تولہ 'پھٹکڑی بریاں دو تولہ 'ہلیلہ سیاہ بریاں چار تولہ'

ترکیب تیاری پہلے پھٹکڑی اور ہلیلہ سیاہ کو توے پر بریاں کریں اور پیس لیں پھر دوسری ادویہ کو باریک پیس لیں اور ان میں ملا دیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراك ایک ماشہ سے دو ماشہ دن مین تین سے چار بار

افعال واثرات میں عضلاتی اعصابی ہے۔

فوائد قلب وعضلات کو کیمیائی طور پر تیز کرتا ہے مولد خون ہے جسم میں رطوبات کی زیادتی زکام اور پیچش میں بے حد مفید ہے

نوٹ یہ نسخہ قانون مفرد اعضاء کے فارماکوپیا کا عضلاتی اعصابی ملین ہے جو بے حد محرک و مقوی عضلات ہے۔

غدی طلاء

هو الشافی مغز جمالگوٹہ ایک تولہ' ست اجوائن ایک تولہ' ویزلین چالیس تولہ۔

ترکیب تیاری پہلے ست پودینہ رگڑیں پھر مغز جمال گوٹہ ملا کر خوب رگڑیں کہ تیل کی مانند ہو جائے اب تھوڑی تھوڑی ویزلین ملاتے جائیں اور رگڑتے جائیں جب تمام ویزلین مل جائے تو محفوظ کر لیں۔ افعال واثرات میں غدی عضلاتی ہے۔

ترکیب استعمال ایڈز کے خود کاشتہ مریض جو اغلام بازی جلق اور کثرت جماع میں مبتلا رہے ہوں ان کے لئے اس طلاء کا ایک ماشہ عضو تناسل کے دائیں بائیں اور اوپر نیچے تیل کی مانند لگانے کو کہیں دو تین دن بعد اگر دانے نکل آئیں اور سوزش و چھالے بن جائیں تو مزید نہ لگائیں اور عضو خاص پر گھی ہلدی ملا کر لگائیں جب دانے یا زخم ختم ہو جائیں تو پھر لگا دیں یہ عمل مہینہ میں دو تین بار دہرائیں انشاءاللہ دو تین ماہ میں یہ بد عادت چھوٹ جائے گی۔

فوائد یہ طلاء سوزش ناک ضرور ہے جس مقام پر لگایا جائے وہاں سوزش یا چھالے ضرور پیدا کرتا ہے اس سے گھبرانا نہیں چاہئے چونکہ اس سے عضو پر دانے یا سوزش ہو جاتی ہے جس سے عضو میں درد ہونے لگتا ہے اور عضو پر کپڑا لگانا بھی مشکل ہو جاتا ہے اس لئے ایسا مریض نہ تو جلق لگا سکتا ہے اور نہ ہی اغلام بازی کر سکتا ہے بلکہ جلق یا جماع کے خیال سے بھی تکلیف محسوس کرتا ہے لہٰذا جب ایک دو ماہ گزر جائیں تو یہ بد عادت چھوٹ جاتی ہے بدن میں منی کے بہاؤ میں رکاوٹ سے طاقت آنی شروع ہو جاتی ہے خون بننے لگتا ہے

سدا جوانی

یہ نسخہ ہمارا خاندانی ہے جسے رہبر نظریہ مفرد اعضاء کے آخر میں

خاندانی مجربات میں درج کیا گیا ہے اسے ایڈز کے ایسے مریض جو ایڈز کا وائرس دوسروں سے حاصل کر چکے ہوں استعمال کر سکتے ہیں۔

ھو الشافی موصلی سفید، ثعلب مصری، ثعلب دانہ، تالمکھانہ چھلکا اسبغول مغز بولہ ہر ایک ہم وزن لے کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ ہمراہ نیم گرم دودھ سے دیں غذا اعصابی استعمال کرائیں۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ یعنی اعصابی محرک غدی محلل اور عضلاتی مسکن ہے۔

فوائد نہائت اعلیٰ درجہ کا مولد منی اور مغلظ منی ہے منی کی پیدائش کو بڑھاتا ہے ممسک اور مقوی باہ ہے ایڈز کے مریضوں کے لئے بے حد مفید ہے۔

اعصابی غدی تریاق

ھوالشافی شیر مدار ۵ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۵ تولہ، سہاگہ بریاں ۵ تولہ، ہلدی ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری سب دواؤں کو کوفتہ بیختہ کرکے کڑاہی میں آگ پر رکھیں جب شیر مدار دواؤں میں جذب ہو جائے جس کی کی پہچان یہ ہے کہ مرکب کا رنگ ہلکا سیاہی مائل ہو جائے گا تو فوراً آگ سے نیچے اتار کر باریک کر لیں اور حب نخودی بنالیں۔

مقدار خوراک ایک تا دو گولی دن میں چار بار ہمراہ پانی اس دوا کو پہلے ایک

گولی سے شروع کریں پھر مقدار خوراک بڑھاتے جائیں جب قے شروع ہو جائے تو مقدار خوراک کم کردیں اور اتنی مقدار خوراک دیتے رہیں کہ قے نہ آئے۔افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے۔ایڈز کے جراثیم خارج کرنے کے لئے اعصابی عضلاتی ملین کے ساتھ ملا کر استعمال کرا سکتے ہیں۔

اعصابی عضلاتی ملین

ھوالشافی قلمی شورہ ایک تولہ کاسنی ایک تولہ' جو کھار ایک تولہ' گل سرخ تین تولہ' صندل سفید ایک تولہ۔

ترکیب تیاری سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں ۔

مقدار خوراک چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی

افعال و اثرات میں اعصابی عضلاتی ہے جسم میں صفراہ کو ایک دم خارج کرتا ہے حرارت جسم کا بڑھ جانا پیشاب کا بند ہونا اور پیشاب کی جلن سوزاک میں مفید ہے غدی تحریک کی تمام علامات کو ختم کرتا ہے۔

غدی اعصابی ملین

ھوالشافی سنڈھ ۳ تولہ نوشادر ۴ تولہ مرچ سیاہ ایک تولہ سنا مکی ۸ تولے۔ ترکیب تیاری سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں بس تیار ہے

مقدار خوراک چار رتی تا ایک ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی یا دودھ دیں ۔افعال واثرات میں غدی اعصابی ہے جگر و غدد کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے

غدی اعصابی مسہل

ھوالشافی زنجبیل ایک تولہ' نوشادر ایک تولہ' مرچ سیاہ ایک تولہ' سنا مکی ۳ تولہ ریوند عصارہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری سب کو باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ پانی دیں۔

افعال و اثرات میں غدی اعصابی مسہل ہے غدد و جگر کو مشینی طور پر تیز کرتا ہے غدد ناقلہ کو تحریک میں لا کر ایڈز کے جراثیم کو خارج کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

حب اکسیر جدید

ھوالشافی رسکپور ۱۰ گرام' دار چکنا ۱۰ گرام' ہڑتال ورقیہ ۱۰ گرام' پارہ ۱۰ گرام' گندھک آملہ سار ۵۰ گرام' اجوائن دیسی ۲۰۰ گرام' آب مولی ایک کلو' بابچی ۲۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں پھر تینوں چیزیں ملا کر مولی کے پانی سے خوب کھرل کریں بعد میں آخری دوائیں ملا کر پیس لیں اور نخودی گولیاں بنالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک ایک ایک گولی صبح دوپہر شام دن میں تین بار دیں۔

فوائد غدی عضلاتی اکسیر ہے اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے خارش دھدر چمبل میں بھی مفید ہے۔

عضلاتی طلاء

ھوالشافی لونگ ۲۵ گرام' دار چینی ۲۵ گرام' جائفل ۲۵ گرام' جلوتری ۲۵ گرام' عقر قرح ۲۵ گرام' بیر بہوٹی ۲۵ گرام' تیل سرسوں ۱۵۰ گرام

ترکیب تیاری واستعمال   سب ادویہ کو توڑ پھوڑ کر تیل سرسوں میں جلالیں اور نیم گرم تیل میں کپڑا تر کر کے حشفہ اور نیچے کی نالی چھوڑ کر عضو خاص اور خصیوں پر ٹکور کریں کوئی پتہ وغیرہ باندھنے کی ضرورت نہیں اس سے آبلے نہیں پڑتے روزانہ پندرہ منٹ اور کم از کم پندرہ دن کریں انشاء اللہ کجی اور الغری اور انتشار میں کمی دور ہو جائے گی۔

اعصابی طلاء

ھوالشافی عطر گلاب ۱۰ گرام' عطر حنا ۱۰ گرام 'عطر مشک ۱۰ گرام روغن صندل (اگر میسوری ہو تو بہتر ہے) ۵۰ گرام

ترکیب تیاری   سب کو ملالیں بس تیار ہے

ترکیب استعمال   ضرورت کے مطابق حشفہ اور نیچے کی نالی چھوڑ کر قضیب پر ہلکے ہلکے مالش کریں اس سے آبلے نہیں پڑتے کمزوری اور ڈھیلا پن دور ہو جاتا ہے

افعال واثرات   اعصابی عضلاتی مقوی ہے

xxxxxxxxxxxxxx

اطریفل اسطوخودوس

ھوالشافی پوست ہلیلہ ۵ تولہ' پوست بلیلہ ۷ تولہ 'پوست آملہ ۴ تولہ 'تربد سفید ۳ تولہ' بسفائج ۳ تولہ'' غاریقون ۳ تولہ 'ہلیلہ سیاہ ۸ تولہ' مویز منقیٰ ۱۰ تولہ' ست لیموں ۲ تولہ اسطوخودوس ۵ تولہ چینی یا شہد سہ چند وزن ادویہ

ترکیب تیاری   پہلے تین ادویہ کے چھلکے دئے ہوئے وزن کے مطابق حاصل کرلیں پھر تربد سفید کا چھلکا اتار کر باریک کرلیں غاریقون کو توے پھر بھون لیں منقیٰ سے تخم نکال کر دوسری ادویہ کے سفوف میں ملا کر پیس لیں کیونکہ منقیٰ اکیلا پیسا نہیں جاتا اب چینی کا قوام بنالیں اور اس میں ست لیموں ملالیں تاکہ وہ اچھی طرح حل ہو جائے جب قوام تیار ہو جائے تو پسی ہوئی ادویات ملالیں اور گھوٹتے جائیں جب سب ادویہ یک جان ہو جائیں تو چینی یا شیشے کے مرتبان میں محفوظ کرلیں

مقدار خوراک   چھ ماشہ سے نو ماشہ صبح دوپہر شام عضلاتی اعصابی ہے نزلہ زکام اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔

جوارش املی

ھوالشافی   املی ایک پاؤ آلو بخارہ ایک پاؤ' پودینہ دیسی ۵ تولہ سنڈھ ۵ تولہ' زرشک ۱۰ تولہ منقیٰ ۱۰ تولہ آملہ ۵ تولہ ست لیموں ۵ تولہ چینی ۳ کلو

ترکیب تیاری   املی آلو بخارہ رات پانی میں بھگو دیں دوسرے دن ہاتھ صاف کر کے خوب ملیں اور چھاننی سے چھانیں اور دوسری ادویات باریک کر

کے رکھ لیں املی کے زلال میں چینی ڈال کر قوام گاڑھا کریں اور زرشک اور منقیٰ وغیرہ کوٹ کر شامل کریں پھر باقی ادویہ کا سفوف ملا لیں بس تیار ہے ست لیموں پکتے ہوئے قوام میں ملا لیں۔

مقدار خوراک　چھ ماشہ تا ایک تولہ دن میں تین سے چار بار دیں

افعال واثرات عضلاتی اعصابی ہے محرک و مقوی قلب ہے ایک ہی خوراک سے دل خوش ہو جاتا ہے ہیضہ جیسی موذی مرض میں جب پیاس کثرت سے لگتی ہے اس وقت اس سے بڑھ کے پیاس روکنے کے لئے اور کوئی دوا نہیں ہے زبان پر لگتے ہی پیاس ختم کرتی ہے حاملہ کی قے میں آب حیات ہے بچوں کے دست و قے میں فوری اثر ہے　عضلاتی غدی تحریک کی تمام امراض و علامات میں مفید ہے معمول مطب ہے۔

جوارش کمونی

ھوالشافی　سنڈھ ۵۰ گرام، برگ سداب ۵۰ گرام، خولنجاں ۵۰ گرام، اجوائن دیسی ۲۵ گرام، زیرہ سفید ۱۰۰ گرام پودینہ ۵۰ گرام۔ ترکیب تیاری تمام ادویہ کو باریک کر کے سفوف بنا لیں اور تین گنا شہد یا چینی ملا کر جوارش کا قوام تیار کر لیں

مقدار خوراک　چھ ماشہ صبح شام ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی فوائد ریاح معدہ تبخیر گیس جلن معدہ بد ہضمی کمی بھوک میں مفید ہے۔

مقوی شاہی

ھوالشافی　مربہ آملہ ۱۰۰ گرام، مربہ سیب ۱۰۰ گرام، مربہ گاجر ۱۰۰ گرام، کشنیز خشک ۲۵ گرام، الائچی خورد ۲۵ گرام، صندل سفید ۲۵ گرام، گل سرخ ۲۵ گرام، زرشک شیریں ۵۰ گرام، چینی یا شہد سہ چند وزن ادویہ

ترکیب تیاری　سب ادویہ کو پیس لیں اور بعد مربے کاٹ کر ملا کر دوبارہ پیس کر رکھیں اور تین گنا شہد یا چینی ملا کر معجون کا قوام تیار کر لیں۔

مقدار خوراک　چھ ماشہ صبح شام گھبراہٹ اور بے چینی میں مفید ہے

حب شفاء

ھوالشافی　میٹھا تیلیا ایک حصہ، اجوائن خراسانی ۲ حصہ اسگند ناگوری ۳ حصہ، سرنجاں شیریں ۸ حصہ، کشنیز خشک ۸ حصہ چھوٹی چندن ۸ حصہ

ترکیب تیاری　سب کو پیس کر حب بقدر نخود بنا لیں بس تیار ہے

مقدار خوراک　ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ الائچی و زیرہ سفید کی چائے یا سونف و گل سرخ کی چائے سے دیں۔

افعال واثرات میں اعصابی غدی ہے

فوائد　غدی بخار اور بلڈ پریشر ہائی کے علاوہ الرجی و چھپاکی میں خصوصیت سے مفید ہے۔

سفوف خارش

ھو الشافی　رائی ۱۰ گرام، باکچی ۱۰ گرام، اجوائن دیسی ۱۰ گرام، گندھک آملہ سار ۳۰ گرام، نیلا تو تیا ۳ گرام۔

ترکیب تیاری   پہلے تینوں ادویہ کو باریک کر لیں پھر پسی ہوئی گندھک ملا لیں بعد میں نیلا تو تیا ملا لیں بس تیار ہے۔

افعال واثرات میں غدی عضلاتی ہے ملین ہے۔

طریقہ استعمال خارش والی جگہ پر دوا کے برابر تیل اور آک کے پتوں کا پانی ملا کر لگائیں دو تین گھنٹے بعد گرم پانی سے صاف کریں یا رات کو لگائیں اور صبح صاف کریں

حب سنگ دانہ

ھوالشافی   سنگ دانہ مرغ ۱۰۰ گرام، سنگ یہود ۱۰۰ گرام، نمک خوردنی ۱۰۰ گرام، میٹھا سوڈا ۱۰۰ گرام۔

ترکیب تیاری   سب کو باریک کر کے حب بقدر نخود تیار لیں

مقدار خوراک   ایک ایک گولی صبح دو پہر شام دن میں تین بار ہمراہ جوشاندہ پتھری توڑی اجوائن پودینہ کی چائے سے دیں۔

غدی عضلاتی مسہل

ھوالشافی   رائی ۴ تولہ، اجوائن دیسی ۴ تولہ، تیزپات یا پانچی ۴ تولہ گندھک املہ سار ۱۲ تولہ، جمالگوٹہ ایک تولہ

ترکیب تیاری   سب کو باریک کر کے حب بقدر مرچ سیاہ بنالیں

مقدار خوراک   ایک ایک گولی صبح دو پہر شام ہمراہ تازہ پانی دیں۔

افعال واثرات میں غدی عضلاتی مسہل ہے جگر وغدد کو کیمیائی طور پر تحریک دیتا

ہے صفرا پیدا کرتا ہے ترشی و تیزابیت کو ختم کرتا ہے خارش داد چنبل پھوڑے و پھنسیاں اور سوزشی نزلہ زکام اور قبض میں مفید ہے

اعصابی کھار

ھوالشافی   جو کھار، قلمی شورہ، نوشادر ہم وزن

ترکیب تیاری   سب کو باریک کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں بس تیار ہے

مقدار خوراک   ایک ایک گولی صبح دو پہر شام دن میں تین بار شدت کی صورت (اماس) میں یا کمی بول کی صورت میں دو دو گولی بھی دی جا سکتی ہے۔

افعال واثرات میں اعصابی عضلاتی ہے سوزش اماس اور جوڑوں کے غدی اور ان دردوں میں مفید ہے

حب مقوی خاص

ھوالشافی   رائی ۱۲ تولہ، سرخ مرچ ۱۲ تولہ، کشتہ ازراقی ۳ تولہ، کشتہ فولاد ۴ تولہ، سم الفار ۳ ماشہ

ترکیب تیاری   سب ادویہ کو باریک کر کے سم الفار الگ باریک شدہ ملا لیں اور نخودی گولیاں بنالیں بس تیار ہے

مقدار خوراک   ایک تا دو گولی دن میں تین سے چار بار شدت (ہیضہ جیسی صورت) کی صورت میں ہر پندرہ منٹ بعد دی جا سکتی ہے

فوائد   عضلاتی غدی تمام نسخہ جات سے فوری اثر ہے اعلیٰ درجہ کا مقوی معدہ ہے ہیضہ جیسی موذی مرض کا تریاق ہے صرف تیسری خوراک سے ہیضہ

کامریض ٹھیک ہو جاتا ہے جب جسم ٹھنڈا ہو کر تشنج ہو جائے تو پندرہ منٹ بعد قہوہ سے دیں پہلی خوراک سے ہی جسم گرم ہونا شروع ہو جاتا ہے لوبلڈ پریشر میں بھی مفید ہے۔

حب صابر

ھوالشافی حنظل، رائی یا تارامیرا اسگندھ ہلیلہ آملہ سار برابر وزن۔

ترکیب تیاری سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور نخودی گولیاں بنالیں

مقدار خوراک ایک ایک گولی صبح دوپہر شام دن میں تین بار ہمراہ تازہ پانی یا لونگ دار چینی کے قہوہ سے دیں۔

افعال واثرات میں عضلاتی غدی ہے قلب و عضلات کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے پیٹ میں رکی ہوئی ریاح اور تبخیر معدہ میں مفید ہے۔

سفوف مغلظ عضلاتی اعصابی

ھوالشافی تج ۵۰ گرام، تالمکھانہ ۵۰ گرام، بیج بند ۵۰ گرام، سمندر سوکھ ۵۰ گرام، تخم سریالہ ۵۰ گرام، تخم بھنگ ۲۵ گرام، کشتہ قلعی دو تولہ

ترکیب تیاری سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں اور ایک بڑا چمچہ صبح شام دن میں دو بار دیں

فوائد جریان لیکوریا سرعت انزال اور رقیق منی کو گاڑھا کرنے میں مفید ہے منی کی مقدار زیادہ کر کے جراثیم منویہ کی تعداد بھی بڑھاتا ہے ۔ ایسا مریض جسے مندرجہ بالا تکالیف کے ساتھ معدہ بھی خراب اس کے لئے بہترین ہے۔

تمت بالخیر